۷۸۶

تجرید الاحادیث

جس میں مختلف کتب احادیث صحاح ستہ وغیرہ سے دس ہزار احادیث

باسلوب حروف تہجی [illegible] کا اردو ترجمہ پہلو بہ پہلو درج کیا گیا ہے۔

انتخاب لاجواب

لاہور

ہفتہ وار باتصویر اور مفید مضامین کا

[illegible]

الحمد للہ والمنۃ

کہ بعین زمان خیر و برکت کتاب مسمّٰی بہ

مَعدَنُ الدّقائِق

ترجمہ اردو

کُنُوزُ الحقائِق

جس میں امام عبد الرؤف مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے

دس ہزار احادیث نبوی کا بے بہا ذخیرہ جمع کیا

اور خاکسار محبوب عالم نے بعد فراغت حج بیت اللہ شریف سے لاکر اہل اسلام ہند کے فائدہ کیلئے اردو ترجمہ کے ساتھ

زیر اہتمام میاں عبد المجید صاحب مینجر پیسہ اخبار لاہور

سنہ ۱۹۳۰ء میں

بار اوّل

مطبع گلزار ہند سٹیم پریس لاہور میں طبع کرائی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَا اَهْلَ الْحَدِیْثِ رِدَاءَ الشَّرَفِ فِیْ کُلِّ اِقْلِیْمٍ وَرَفَعَ شَانَهُمْ وَاَعْلٰی ذِکْرَهُمْ فِیْ کُلِّ حَدِیْثٍ وَقَدِیْمٍ وَخَصَّهُمْ مِنْ بَیْنِ حَمَلَةِ الشَّرْعِ بِمَزِیْدِ التَّشْرِیْفِ وَالتَّعْظِیْمِ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهُ الْهَادِیْ اِلَی الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلِیَائِهٖ اَجْمَعِیْنَ ط

بعد حمد و صلوٰۃ و سلام کے افقر العباد محبوب عالم اہل اسلام کی خدمت میں عارض ہے کہ جب مجھے حج بیت اللہ شریف کے لئے مکہ معظمہ میں شرف حاضری کی توفیق رفیق ہوئی اور فریضۂ حج سے فارغ ہوا تو علمی اشغال کی بناء جو قدرت نے میری فطرت میں مرکوز فرمایا ہے عجوبہ و نادر روزگار کتابوں کی تلاش میں ساعی ہوا۔ چنانچہ دیگر کتب کے علاوہ علامہ امام عبدالرؤف مناوی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق" بھی ملی۔ مجھے یہ کتاب بہت پسند آئی۔ بالخصوص اسلئے کہ حضرت رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی دس ہزار قولی و فعلی احادیث کا یہ بے بہا ذخیرہ ہے۔ مجھے بلبل شیرازؒ کا اسوقت یہ شعر یاد آیا ہے

وریغ آیدم زاں ہماں بوستاں + تہیدست رفتن سوئے دوستاں + کہ بیت اللہ شریف میں آکر یہاں سے خالی ہاتھ واپس جاؤں اور اہل اسلام ہندوستان کے لئے عموماً اور اہل علم و متدین احباب کے لئے کوئی نادر الوجود تحفہ نہ لیجاؤں اس سے زیادہ مقام افسوس نہ ہوگا۔ لہذا میں نے اپنے احباب کے لئے دس ہزار جواہرات نبویہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیۃ کا یہ بے بہا ذخیرہ وہاں سے حاصل کرکے بصد فرحت و انبساط و ابتہاج ساتھ لایا۔ یہاں جن علمائے عظام نے اس کتاب کو دیکھا نہایت پسند فرمایا۔ اور اکثر بزرگوں نے اسکے مفید عام بنانیکے لئے اردو ترجمہ کے ساتھ اسکو چھپوانے کا ایماء فرمایا۔ لہذا برائے تعمیل ارشاد بزرگان دین حضرت شفیع المذنبین علیہ التحیۃ والتسلیم وافادۂ عامۃ المسلمین نسخہ یہ کتاب کارکنان پیسہ اخبار لاہور کو بمعہ ترجمہ اردو طبع کرنے کی ہدایت کی۔ اسپر مینیجر اخبار برخوردار عبدالمجید سلمہ الوحید نے جناب مولانا مفتی عبدالقادر صاحب افغان خطیب حال شاہی مسجد لاہور کو اسکے ترجمہ کے لئے منتخب کیا۔ مفتی صاحب کا نام لکھنے کے بعد اس کتاب کا ترجمہ ہماری کسی تعریف کا محتاج

نہیں رہتا کیونکہ وہ ایک مسلمہ عالم ہیں۔ اور قاضی حبیب اللہ صاحب مہتمم مصری کتب خانہ نے اس کی کتابت کو باعث سعادت سمجھ کر لکھا۔ اور مولانا عبدالعزیز صاحب خطیب جامع مسجد مزنگ نے اسکی تصحیح فرمائی۔ اسقدر اہتمام عملہ کے باوجود بھی اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو وہ تقاضائے بشریت سمجھ کر آئندہ طباعت کیلئے کارکنان کو اسکی اصلاح کیلئے آگاہ فرما کر رہین منت فرمایا جاوے۔

علامہ عبدالرؤف مناوی جیسا کہ خود فرماتے ہیں اس کتاب میں دس ہزار احادیث نبوی کے بے بہا جملے حروف تہجی کے اسلوب سے درج ہیں تاکہ اہل علم کو کتاب سے وہ حدیث بسہولت دستیاب ہو سکے اور وہ احادیث متفرق کتب حدیث سے لی گئی ہیں۔ لہذا ان کتب احادیث کے رموز بھی درج ذیل ہیں

اب میں اس ترجمہ کو مع اصل کتاب "**معدن الدقائق**" ترجمہ اردو **کنوز الحقائق** سے موسوم کر کے ہدیہ علماء اخیار و اہل اسلام اولی الابصار کرتا ہوں ع گر قبول افتد زہے عز و شرف"

(مولوی) **محبوب عالم** (مالک پیسہ اخبار و انتخاب لاجواب) لاہور

رموز اسامی کتب جن سے احادیث لی گئی ہیں

نمبر شمار	رموز	نام کتاب جسکی طرف اشارہ ہے	نمبر شمار	رموز	نام کتاب جسکی طرف اشارہ ہے	نمبر شمار	رموز	نام کتاب جسکی طرف اشارہ ہے
۱	خ	صحیح بخاری کے لئے	۱۰	حم	امام احمد کے لئے انکی مسند میں	۲۰	عب	عبدالرزاق کے لئے
۲	م	صحیح مسلم کے لئے	۱۱	ما	موطا امام مالک کے لئے	۲۱	ش	ابن ابی شیبہ کے لئے
۳	ق	بخاری و مسلم دونوں کے لئے	۱۲	عم	امام احمد کے بیٹے کے لئے	۲۲	ع	ابی یعلی موصلی کے لئے
۴	د	ابوداؤد کے لئے	۱۳	ک	حاکم کے لئے	۲۳	قط	دارقطنی کے لئے
۵	ت	ترمذی شریف کے لئے	۱۴	خد	ادب المفرد امام بخاری کیلئے	۲۴	فر	کتاب فردوس دیلمی کے لئے
۶	ن	نسائی کے لئے	۱۵	تخ	تاریخ " "	۲۵	حل	ابی نعیم کے لئے (حلیہ میں
۷	ہ	ابن ماجہ کے لئے	۱۶	حب	صحیح ابن حبان کے لئے	۲۶	ہق	بیہقی کے لئے
۸	ع	ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ	۱۷	ضا	کتاب مختار ضیاء مقدسی کیلئے	۲۷	عد	ابن عدی کے لئے
		(ان چاروں کے لئے)	۱۸	ط	طبرانی کے لئے	۲۸	عق	عقیلی کے لئے
۹	۳	ان تینوں کے لئے سوائے ابن ماجہ	۱۹	بز	بزار کے لئے	۲۹	خط	خطیب بغدادی کے لئے

نمبر شمار	رموز	نام کتاب جسکی طرف اشارہ ہے	نمبر شمار	رموز	نام کتاب جسکی طرف اشارہ ہے	نمبر شمار	رموز	نام کتاب جسکی طرف اشارہ ہے
۳۰	کر	ابن عساکر کے لئے	۳۷	حک	نوادر الوصول حکیم ترمذی کیلئے	۴۴	یہ	ابن مردویہ کے لئے
۳۱	قا	ابن قانع کے لئے	۳۸	نجا	ابن نجار کے لئے	۴۵	نیع	ابن منیع کے لئے
۳۲	ابو	ابوالشیخ ابن حبان کے لئے	۳۹	حا	مسند حرث کے لئے	۴۶	غز	امام غزالی کے لئے
۳۳	ص	قضاعی کے لئے	۴۰	عبد	عبد بن حمید کے لئے	۴۷	ضر	ابن ضریس کے لئے
۳۴	سع	طبقات ابن سعد کیلئے	۴۱	یا	ابن ابی الدنیا قرشی کیلئے			
۳۵	خر	خرائطی کے لئے	۴۲	سن	ابن سنی کے لئے			
۳۶	طیا	ابوداؤد طیالسی کے لئے	۴۳	شیر	شیرازی کے لئے			

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرف الهمزة

اجرت نفسي من خديجة سفرتين بقلوص	(هق)	میں خود دو سفروں میں ایک موٹی اونٹنی کے عوض خدیجہ کا مزدور ہوا	۱
آخر سورة انزلت المائدة	(ت)	آخر میں سورۃ مائدہ نازل ہوئی ہے۔	۲
آخر قرية من قرى الاسلام خرابًا المدينة	(لا)	اسلامی بستیوں میں سب سے اخیر مدینہ ویران ہوگا۔	۳
آفة الجمال الخيلاء	(مطین)	خوبصورتی کی آفت تکبر ہے۔	۴
آفة العلم النسيان واضاعته ان تحدث به غير اهله	(ش)	علم کی آفت اسکا بھول جانا ہے اور نااہل کو سکھلانا اسکا ضائع کرنا ہے	۵
آكل كما ياكل العبد واجلس كما يجلس العبد	(ع)	میں اسطرح کھاتا ہوں جسطرح غلام کھایا کرتا ہے ایسا بیٹھتا ہوں جیسا کہ غلام بیٹھتا ہے	۶
آل محمد كل تقي	(ل)	ہر پرہیزگار محمدؐ کی آل ہے۔	۷
آمروا اليتيمة في نفسها واذنها صمتها	(ط)	یتیم لڑکی سے اسکے نفس کے حق میں امر (مشورہ) طلب کرو اور اسکا چپ رہنا اسکا اذن ہے۔	۸
آمرك بالوالدين خيرا	(حم)	میں تمکو والدین سے بھلائی کرنیکا حکم دیتا ہوں۔	۹
آمن كل شئ من معاذ حتى خاتمه	(سع)	معاذ کی ہر ایک چیز ایمان لائی ہوئی ہے یہانتک کہ اسکی انگوٹھی بھی	۱۰
آية الكرسي ربع القرآن	(ش)	آیۃ کرسی قرآن شریف کا چوتھا حصہ ہے	۱۱
ائذنوا للنساء ان يصلين بالليل في المسجد	(ط)	عورتوں کو رات کے وقت مساجد میں نماز پڑھنے کی اجازت دو	۱۲
ابى الله ان يجعل لقاتل مؤمن توبة	(فر)	مسلمان کے قاتل کی توبہ قبول کرنے سے خدا انکار کرتا ہے	۱۳
ابدأ بمن تعول	(ط)	تو پہلے اسکو دے جسکا خرچ تیرے ذمہ ہے۔	۱۴
ابدؤا بما بدأ الله به	(م)	تم بھی اس سے شروع کرو کہ جس سے خدا تعالیٰ نے ابتدا کی ہے	۱۵

Converted by Tiff Combine - unregistered

۱۶	ابدؤا بالاکابر فان البرکة مع اکابرکم	(حك)	اپنے بڑوں سے شروع کرو کہ برکت تمہارے بڑوں کے ساتھ ہے۔
۱۷	ابردا ابرد فان شدة الحر من فیح جهنم	(د)	ٹھنڈک کر ٹھنڈک کر کیونکہ گرمی کی شدة جہنم کے جوش سے ہے
۱۸	ابردوا بالظهر فی الحر	(ابن خزیمہ)	ظہر کی نماز کے لئے گرمی میں سردی کا وقت کر لیا کرو (یعنی وقت ٹھنڈا ہونے دیا کرو)
۱۹	ابردوا الحمی بالماء	(حم)	بخار کو پانی سے ٹھنڈا کرو (جیسے اب برف سے ٹھنڈا کرتے ہیں)
۲۰	ابشری یا عائشة اما الله قد برأك	(خ)	عائشہ خوش ہو جا تحقیق اللہ نے بری کر دیا تجھکو (معاملہ افک میں)
۲۱	ابشری یا فاطمة المهدی منك	(کر)	اے فاطمہ خوش ہو جا امام مہدی تجھ سے ہوگا۔
۲۲	ابعد الناس من الله القلب القاسی	(فر)	سخت دل والا آدمی اللہ تعالیٰ سے سب سے زیادہ دور ہے
۲۳	ابغض الحلال الی الله الطلاق	(د)	حلال میں سے سب سے برا کام اللہ تعالیٰ کے نزدیک طلاق ہے
۲۴	ابغض ~~الخلق~~ الی الله من امن ثم کفر	(تمام)	مخلوق میں مبغوض تر اللہ کے نزدیک وہ شخص ہے جو مسلمان ہو کر کافر ہو جائے
۲۵	ابغض العباد الی الله من یقتدی بسیئة		خداتعالیٰ کے بندوں میں سے بدتر وہ شخص ہے جسکی برائی
	المومن ویدع حسنته	(فر)	کی لوگ اقتداء اور پیروی کریں۔
۲۶	آخر اربعاء فی الشهر یوم نحس مستمر	(قط)	مہینے کا آخری چہارشنبہ (کفار کیلئے) ہمیشہ سے منحوس ہے۔
۲۷	آخر سورة نزلت کاملة براءة	(ن)	آخری مکمل سورة براءة نازل ہوئی ہے۔
۲۸	آخر وطأة وطئها الله بوج	(حم)	خداتعالیٰ نے جو آخر میں ہلاک و پامال کیا وہ بوج تھا۔
۲۹	آفة العلم النسیان	(مطین)	علم کی آفت بھولنا ہے۔
۳۰	آفة الکذب النسیان	(مطین)	جھوٹ کی آفت بھولنا ہے
۳۱	آکل کما یأکل العبد وانا جالس	(کر)	میں کھاتا ہوں جیسا کہ غلام کھاتا ہے اور میں بیٹھا ہوں۔
۳۲	آل القرآن آل الله	(خط)	قرآن شریف والے اللہ والے ہیں (یعنی حفاظ قرآن)
۳۳	آمروا النساء فی بناتهن	(د)	عورتوں سے انکی بیٹیوں کے متعلق مشورہ طلب کر لیا کرو۔
۳۴	آمن شعر امیة بن ابی الصلت وکفر قلبه	(خط)	امیہ بن ابی صلت کا شعر ایمان لایا ہے اور اسکا دل کافر ہے۔
۳۵	آمین درجة فی الجنة	(فر)	آمین جنت میں ایک درجہ ہے۔
۳۶	آیبون تائبون عابدون لربنا حامدون	(حم)	ہم لوٹنے والے توبہ کرنیوالے عبادت کرنیوالے خدا کی حمد کرنے والے ہیں۔
۳۷	ابخل الناس من بخل بالسلام	(فر)	لوگوں میں سب سے بڑا بخیل وہ ہے جو سلام کا بخل کرے۔

ابایعکم علی ان لا تسألوا احدا شیئا	(طب)	میں تمہاری اسبات کی بیعت لیتا ہوں کہ تم کسی سے کچھ بھی نہ مانگا کرو	۳۸
ابدؤا بما بدأ الله به	(قط)	اس سے تم بھی ابتدا کرو جس سے اللہ تعالیٰ نے ابتدا کی ہے۔	۳۹
ابدأ بنفسک فتصدق علیها	(م)	اپنے نفس سے ابتدا کرو پس اسپر صدقہ کرو۔	۴۰
ابدأ بالرجل قبل المرأة	(ع)	عورت سے پہلے مرد سے شروع کرو۔	۴۱
ابردوا بالطعام فانه اعظم البرکة	(حم)	طعام کو ٹھنڈا کرکے کھاؤ کیونکہ اس میں بڑی برکت ہے۔	۴۲
ابردوا بالطعام فان الحار لا برکة فیه	(فر)	طعام کو ٹھنڈا کرکے کھاؤ کیونکہ گرم میں کوئی برکت نہیں ہے۔	۴۳
ابشر یا عمار تقتلک الفئة الباغیة	(ت)	اے عمار تجھے خوشخبری ہو کہ تجھے باغی گروہ قتل کریگا۔	۴۴
ابشر یا علی حیاتک وموتک معی	(عب)	اے علی تو خوش ہو کہ تیری زندگی اور موت میرے ساتھ ہے۔	۴۵
ابعد القلوب من الله القلب القاسی	(فر)	خدا سے سب سے دور سخت دل ہے (نرم دلی کی ضرورت)	۴۶
ابغض الناس من الاسلام العباد والروم	(فر)	لوگوں میں اسلام سے بہت بغض والے غلام اور روم ہیں۔	۴۷
ابغض الحق الی الله الطلاق	(د)	حق چیزوں سے اللہ کے نزدیک بدتر چیز طلاق ہے۔	۴۸
ابغض الخلق الی الله من ضن علی عیاله	(فر)	مخلوق سے بہت بغض والا اللہ کے نزدیک وہ ہے جو اپنے عیال پر بخل کرے	۴۹
ابغض الخلق الی الله الالد الخصم	(ق)	مخلوق سے بہت بغض والا اللہ کے نزدیک باطل جھگڑا کرنیوالا ہے۔	۵۰
ابغض الہ عبد عند الله فی الارض الهوی	(ط)	اسکی آل سے بڑا مبغوض وہ ہے جو اللہ کی عبادت کرے اور وہ دور زمین میں رہے (آل سے مراد اہل اسلام ہے)	۵۱
ابکوا فان لم تبکوا فتباکوا	(هب)	خود روؤ۔ ورنہ زور سے رونا پیدا کرو۔	۵۲
ابن اخت القوم منهم	(د)	بھانجہ کسی قوم کا اسی قوم کا آدمی شمار کیا جائیگا۔	۵۳
ابن آدم خلق من التراب والیه یصیر	(فر)	ابن آدم مٹی سے پیدا کیا گیا اور اُسیکی طرف لوٹیگا۔	۵۴
ابن السبیل احق بالماء والظل من البانی علیه	(هق)	مسافر سایہ اور پانی کا اُس شخص سے زیادہ مستحق ہے جس نے اسپر آبادی کی ہے	۵۵
ابنوا المساجد واتخذوها جما	(هق)	مسجدیں بناؤ اور بالاشتراک بناؤ۔ (یعنے ملکر)	۵۶
ابواب السماء تفتح اذا زالت الشمس	(ع)	آسمان کے دروازے زوال آفتاب کے وقت کھولے جاتے ہیں۔	۵۷
ابوبکر عتیق فی السماء عتیق فی الارض	(فر)	ابوبکر آسمان اور زمین میں نہایت برگزیدہ و عمدہ ہے	۵۸
ابوبکر وعمر منی بمنزلة السمع والبصر	(ت)	ابوبکر اور عمر میرے لئے کان اور آنکھ کے درجہ میں ہیں۔	۵۹

۶۰	ابوبکر عتیق الله من النار	(حل)	ابوبکر آگ سے بفضل خدا آزاد ہے۔
۶۱	اتانی جبریل فقال اذا توضأت فخلل لحیتك	(ش)	میرے پاس جبریل نے آکر کہا کہ جب وضو کرے تو ڈاڑہی کا خلال کر لیا کر۔
۶۲	اتانی جبریل فقال اقرأ القرآن علی حرف	(ص)	میرے پاس جبریل نے آکر کہا کہ قرآن کو ایک لغت سے پڑھ۔
۶۳	اتانی جبریل لدلوك الشمس حین زالت فصلی بی الظهر	(هق)	میرے پاس جبریل بوقت زوال آفتاب آیا اور مجھے ظہر کی نماز آکر پڑھائی۔
۶۴	ائتدموا ولو بالماء	(ط)	سالن سے روٹی کھاؤ اگرچہ پانی ہو۔
۶۵	ائتوا الدعوة اذا دعیتم	(م)	دعوت پر جایا کرو جبکہ بلائے جاؤ۔
۶۶	اتبعوا العلماء فانهم سرج الدنیا ومصابیح الآخرة	(فر)	علما کی تابعداری کیا کرو کہ بالتحقیق وہ دنیا اور آخرت کے چراغ ہیں
۶۷	اتخذوا الغنم فانها برکة	(ط)	بکریاں رکھا کرو تحقیق وہ برکت ہیں۔ (ریوڑ مراد ہے جسمیں بہت سی بکریاں شامل ہیں)
۶۸	اتربوا الکتاب فان التراب برکة	(ت)	اپنی تحریر پر مٹی ڈال دیا کرو کیونکہ مٹی ڈالنے میں برکت ہے (بطور جاذب)
۶۹	اترکوا الترك ما ترکوکم	(ط)	ترکوں کو چھوڑے رہو جبتک وہ تمکو چھوڑے رہیں (کیونکہ وہ جنگجو ہیں)
۷۰	اتق الله فیما تعلم	(ت)	خدا کی نافرمانی سے بچ جتنی تو اسکو جانتا ہے۔
۷۱	اتق الوجه والمذاکیر	(هدایه)	منہ اور شرمگاہ سے بچ (اگر غلام وغیرہ کو سزا دے تو منہ و شرمگاہ پر نہ مار)
۷۲	اتقوا الله فیما ملکت ایمانکم	(خد)	اللہ تعالی سے بچو انکے بارہ میں جنکے تم مالک ہو چکے ہو (غلام لونڈی وغیرہ)
۷۳	اتقوا الله فی الصلوٰة وما ملکت ایمانکم	(خط)	اللہ تعالی سے بچو نماز میں اور لونڈی غلاموں کے بارہ میں۔
۷۴	اتقوا الله فی النساء	(ن)	اللہ تعالی سے بچو عورتوں کے حق میں
۷۵	اتقوا الحدیث عنی الا ما علمتم	(ت)	مجھسے حدیث بیان کرنے میں بچو مگر جسکا تمکو علم (یقینی) ہو۔
۷۶	ابغض ان اری المجنون او الشاعر	(فر)	مجنون اور شاعر کو دیکھکر مجھے کراہیت آتی ہے۔
۷۷	ابنا العاص مومنان هشام وعمرو	(حم)	عاص کے دونوں بیٹے ہشام و عمرو مومن ہیں۔
۷۸	ابن اخت القوم من انفسهم	(د ل)	قوم کا بھانجہ انہی میں سے ہوتا ہے۔
۷۹	ابن السبیل اول شارب من ماء زمزم	(ط)	مسافر آب زمزم (مقیم سے) پہلے پینے والا ہے (یعنے اسکا حق مقدم ہے)
۸۰	ابن القدح عن فیك ثم تنفس	(هق)	منہ سے پیالہ ہٹالے پھر سانس لے۔
۸۱	ابنوا مساجد کم جما وابنوا مدائنکم مشرفة	(م)	سب مجتمع ہو کر مسجدیں بناؤ اور اپنے شہر اونچی جگہ پر بناؤ۔

ابوبکر افضل هذه الامة الا ان یکون نبی	(فر)	ابوبکر اس امت کے افضل ترین ہیں مگر یہ کہ نبی ہو۔	۸۲
ابوبکر و عمر سراجا اهل الجنة	(فر)	ابوبکر اور عمر اہل جنت کے چراغ ہیں۔	۸۳
ابوبکر و عمر منی بمنزلة هارون من موسیٰ	(خط)	ابوبکر اور عمر مجھسے بمنزلہ ہارون کے ہیں موسیٰ سے (مددگاری میں)	۸۴
ابوسفیان بن الحرث خیر اهلی	(ك)	ابوسفیان بن حرث میرے کنبہ کا بہتر شخص ہے۔	۸۵
اتانی جبریل فقال اقرأ القرآن علی سبعة احرف	(ضر)	میرے پاس جبریل آیا اور کہا کہ قرآن سات لغت پر پڑھ۔	۸۶
اتانی جبریل فی خضر تعلق به الدر	(قط)	میرے پاس جبریل آیا سبزے میں جو دودھ سے متعلق ہوتا ہے۔	۸۷
اتاکم شهر رمضان شهر خیر و برکة	(نجا)	تمہارے پاس ماہ رمضان آیا جو خیر و برکت والا مہینہ ہے۔	۸۸
ائتدموا من هذه الشجرة یعنی الزیت	(ط)	اس درخت یعنے زیتوں کا سالن بنایا کرو۔ (تعمیم کیفیت مراد ہے)	۸۹
ائتها علی کل حال اذا کان فی الفرج	(حم)	عورت سے ہر حال میں جماع کر جبکہ فرج میں ہو۔	۹۰
اتخذه یعنی الخاتم من ورق ولا تتمه مثقالا	(د)	چاندی کی انگوٹھی پہن اور ایک مثقال پوری مت کر۔	۹۱
اتخذی غنما فان فیها برکة	(ه)	بکریاں رکھا کر کیونکہ ان میں برکت ہے (مؤنث سے خطاب ہے)	۹۲
اترعوا الطسوس وخالفوا المجوس	(فر)	پیالوں کو بھرو اور مجوسوں کی مخالفت کرو۔	۹۳
اتضحکون وذکر الجنة والنار بین ایدیکم	(ط)	کیا تم ہنستے ہو اور تمہارے سامنے دوزخ وجنت کا ذکر کیا جاتا ہے۔	۹۴
اتق الله فی عسرك ویسرك	(ابو قرة)	اپنی تنگی اور فراخی کی حالت میں خدا کی نافرمانی سے بچ۔	۹۵
اتقوا الله واعدلوا فی اولادکم	(ق)	خدا کی بے فرمانی سے بچو اور اپنی اولاد کے (حقوق) میں مساوات کرو۔	۹۶
اتقوا الله وصلوا ارحامکم	(حب)	خدا سے بچو اور اپنے قرابتداروں کے رشتوں کو ملاؤ۔	۹۷
اتقوا الله فان اخوانکم عندنا من طلب العمل	(ط)	خدا کی نافرمانی سے بچو ہمارے نزدیک تمہارے بھائی وہی ہیں جنہوں نے عمل طلب کیا	۹۸
اتقوا الله فی الضعیفین المملوك والمرأة	(کر)	خدا کی نافرمانی سے بچو ضعیفوں کے حق میں جو تمہاری ملک ہیں اور عورت۔	۹۹
اتقوا دعوة المظلوم فانها لیس دونها حجاب	(حم)	مظلوم کی بددعا سے بچو کیونکہ اسکی دعا کے نزدیک کوئی پردہ نہیں ہے۔	۱۰۰
اتقوا دعوة المعسر	(فر)	تنگ دست شخص کی بددعا سے بچو۔	۱۰۱
اتقوا السحت بیع الشجر یعنی الکلاء	(عب)	بچو حرام سے۔ درخت کے بیچنے سے (اس سے مراد فروخت گیاس کی ممانعت ہے)	۱۰۲
اتقوا فراسة المؤمن فانه ینظر بنور الله	(عب)	مومن کی دانائی سے بچو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔	۱۰۳
اتقوا القدر فانه شعبة من النصرانیة	(خ)	تقدیر کے انکار سے بچو تحقیق وہ نصرانیت کا ایک شعبہ ہے۔	۱۰۴

Converted by Tiff Combine - unregistered

۱۰۵	اتقوا مواضع التهم	(خ)	تہمت کے مقامات سے بچو۔
۱۰۶	اتقوا محاش النساء	(ط)	عورتوں کی بیزاری کی جگہ سے بچو۔
۱۰۷	اتقوا هذه المذابح	(ط)	ان ذبح کرنیکی جگہوں سے بچو۔
۱۰۸	اتمکم عقلا اشدکم لله حبا	(غی)	تم میں بڑا عقلمند وہ ہے جو خدا کے لئے محبت کرتا ہو۔
۱۰۹	اتموا الوضوء ویل للاعقاب من النار	(ه)	وضو کو کامل کرو سوکھی ایڑیوں کو آگ کا عذاب ہوگا۔
۱۱۰	اتیان النساء فی ادبارهن حرام	(ن)	عورتوں سے دبر میں جماع کرنا حرام ہے۔
۱۱۱	اثردوا ولو بالماء	(ط)	ثرید بناؤ اگرچہ پانی سے ہو (ثرید روٹی کا شوربا وغیرہ میں مالیدہ بنانا)
۱۱۲	اثقل ما یوضع فی المیزان خلق حسن تام	(ت)	بھاری چیز جو میزان میں رکھی جائیگی وہ خوش خلقی کامل ہے۔
۱۱۳	اثنان لا ینظر الله الیهما قاطع رحم وجار السوء	(فر)	دو شخصوں کیطرف خدا نظر رحمت سے نہیں دیکھتا۔ قاطع رحم اور برا ہمسایہ
۱۱۴	اجتنبوا دعوة المظلوم فانها مالها حجاب	(ع)	مظلوم کی بددعا سے بچو کیونکہ اسکے سامنے کوئی پردہ نہیں ہے۔
۱۱۵	اجتنبوا الکبائر وسددوا وابشروا	(طب)	گناہ کبیرہ سے بچو۔ درستگی کرو اور بشارت دو۔
۱۱۶	اجتنبوا ما اسکر	(د)	جو چیز مست کردے اس سے پرہیز کرو۔
۱۱۷	اجتنبوا هذه الدعوة اذا دعیتم	(ق)	اس دعوت سے پرہیز کرو جبکہ تمکو دعوت دیجائے۔
۱۱۸	اجتنبوا من المناکح الجنون والجذام والبرص۔	(فر)	جس عورت کو جنون جذام یا برص ہو اسکے ساتھ نکاح کرنے سے بچو
۱۱۹	اجثوا علی الرکب ثم قولوا یا رب یا رب	(بغوی)	گھٹنوں کے بل بیٹھو پھر یا رب یا رب کہو۔
۱۲۰	اجرؤکم علی قسم الجد اجرؤکم علی النار	(ض)	تم میں سے جو قصداً قسم کھانے پر دلاور ہے وہ آگ پر بہادر ہے۔
۱۲۱	اجعلوا آخر صلوتکم باللیل وترا	(ق)	رات کی نماز کی اخیر رکعت وتر کردیا کرو۔
۱۲۲	اجعلوا بینکم وبین الحرام سترا من الحلال	(فر)	اپنے اور حرام کے درمیان حلال کو پردہ کردیا کرو۔
۱۲۳	اجلوا الله یغفر لکم	(حم)	اللہ کی عظمت کرو تمکو وہ بخش دیگا۔
۱۲۴	اجمعوا وضوءکم جمع الله شملکم	(ض)	اپنے وضو کو جمع کرو خدا تمہارے متفرقات کو جمع کردیگا۔
۱۲۵	اجود خراسان نیسابور	(بخا)	خراسان میں سے بہتر نیشاپور ہے۔
۱۲۶	اتقوا زلة العالم وانتظروا فیئته	(غز)	عالم کے پھسلنے سے بچو اور اسکے رجوع کا انتظار کرو۔
۱۲۷	اتقوا الشرک فانه اخفی من دبیب النمل	(حم)	شرک سے بچو وہ چیونٹی کی رفتار سے بھی پوشیدہ ہے۔

اتقوا فوعة العشاء	(حم)	نماز عشا کے رات کے شروع اور دن کے شروع میں پڑھنے سے بچو۔	۱۲۸
اتقوا المجذوم کما یتقی الاسد	(حم)	جذامی سے ایسے بچو جیسے کہ شیر سے بچا کرتے ہو۔	۱۲۹
اتقوا اللہ وصلوا ارحامکم	(حل)	اللہ تعالیٰ سے بچو اور اپنی صلہ رحمی کرو۔	۱۳۰
اتقوا اللہ واعدلوا فی اولادکم	(غز)	اللہ تعالیٰ سے بچو اور اپنی اولاد میں عدل کرو۔	۱۳۱
اتلوا القرآن وابکوا فان لم تبکوا فتباکوا	(ک)	قرآن پڑھو اور رویا کرو ورنہ زبردستی رونا پیدا کرو۔	۱۳۲
اتمکم عقلا اشدکم للہ خوفاً	(غز)	تم میں سے پوری عقل والا وہ ہے جو اللہ سے سخت خوف والا ہو۔	۳۳
اتموا الصفوف فانی اراکم خلف ظهری	(م)	اپنی صفوں کو پورا کرو بالتحقیق میں تمکو پس پشت سے دیکھتا ہوں (آپ کا معجزہ تھا)	۳۴
اثبتکم علی الصراط اشدکم حبا لاهل بیتی	(فر)	پلصراط پر تم سے وہ زیادہ ثابت قدم رہیگا جسکی محبت میری آل سے زیادہ ہوگی۔	۱۳۵
اثقل شیٔ فی میزان المؤمن الخلق الحسن	(حر)	مومن کی ترازوئے اعمال میں بھاری چیز اسکی عمدہ خصلت ہے۔	۱۳۶
اثنان فما فوقهما جماعة	(ہ)	دو شخص اور دو سے زیادہ جماعت ہیں (دو ملکر نماز پڑھیں تو جماعت کا ثواب ملیگا)	۱۳۷
اجتنب الخمر فانها مفتاح کل شر	(هق)	شراب پینے سے پرہیز کرو کیونکہ وہ ہر برائی کی چابی ہے۔	۱۳۸
اجتنبوا الغضب	(یا)	غضب و غصہ سے بچو	۱۳۹
اجتنبوا کل مسکر	(ط)	ہر ایک مست کرنیوالی چیز سے بچو	۱۴۰
اجتنبوا مجالس العشیرة	(هق)	قبائل کی مجالس سے پرہیز کرو۔ (جنمیں غیر شرعی امور ہوں)	۱۴۱
اجتنبوا الوجوه لا تضربوها	(عل)	منہ سے پرہیز کرو منہ پر مت مارو۔	۱۴۲
اجتمعوا علی طعامکم یبارک لکم فیه	(حلوانی)	اکھٹے ہوکر طعام کھاؤ اس میں تمکو برکت دیجائیگی۔	۱۴۳
اجرؤکم علی الفتیا اجرؤکم علی النار	(دارمی)	فتوے دینے پر وہ دلاور ہوگا جو آگ پر بھی دلاور ہو۔	۱۴۴
اجعلتنی للہ عدلا بل ما شاء اللہ وحده	(ق)	کیا تو نے مجھے خدا کے برابر کردیا بلکہ جو اللہ واحد نے چاہا اُسے موجود کیا	۱۴۵
اجعلوا بینکم وبین النار حجابا ولو بشق تمرة	(ط)	اپنے اور آگ کے درمیان پردہ حائل کرو اگرچہ آدھی کھجور ہی ہو۔	۱۴۶
اجعلوا فی بیوتکم من صلاتکم ولا تتخذوها قبورا	(ق)	اپنے گھروں میں نماز کا کچھ حصہ ادا کیا کرو اور گھر انکو قبرستان نہ بناؤ (جہاں نہیں پڑھتے)	۱۴۷
اجمع عطفی ردائك یا عثمان	(ط)	اے عثمان میرے پہلو نے تیری چادر کو جمع کرلیا۔	۱۴۸
اجملوا فی طلب الدنیا فان کلا میسر لما خلق له	(ہ)	طلب دنیا میں خوبی کو ملحوظ رکھو۔ جو چیز جسکے لیئے پیدا کیگئی ہے اُسے مل رہیگی۔	۱۴۹
اجیبوا الداعی اذا دعیتم	(م)	دعوت دینے والے کی دعوت قبول کرو۔	۱۵۰

۱۵۱	اجیبوا هذه الدعوة اذا دعیتم لها	(خ)	اس دعوت کو قبول کرو جسکے لئے تم بلائے جاؤ۔
۱۵۲	احب الاعمال الی الله ادومها وان قل	(ق)	خدا کو وہ عمل پیارا ہے جو ہمیشہ ہو اگرچہ تھوڑا ہو۔
۱۵۳	احب الاسماء الی الله عبد الله	(م)	اللہ کے نزدیک سب سے پیارا نام عبداللہ ہے۔
۱۵۴	احب اهلی الیّ فاطمة	(ك)	میری اہل میں سے میرے نزدیک سب سے پیاری فاطمہ ہے۔
۱۵۵	احب الدین الی الله الحنیفیة السمحة	(حم)	اللہ کے نزدیک وہ دین پیارا ہے جو حنیف اور آسان ہو۔
۱۵۶	احب شیئ الی الله القراء الفارون بدینهم	(فر)	اللہ کے نزدیک سب سے پیارے وہ قاری ہیں جو اپنے دین کی وجہ سے بھاگیں
۱۵۷	احب عباد الله الیه احسنهم خلقا	(ط)	اللہ کو اپنے بندوں میں سب سے خوش خلق بندہ پسند ہے۔
۱۵۸	احب الناس الیّ عائشة	(ت)	مجھکو سب لوگوں سے پسند عائشہ ہیں۔
۱۵۹	احب للناس ما تحب لنفسك تکن مسلما	(هق)	لوگوں کے لئے وہی پسند کر جو اپنے لئے پسند کرتا ہے تو مسلمان ہو جائیگا
۱۶۰	احبوا المساکین وجالسوهم	(ك)	مسکینوں سے محبت کرو اور اُن سے مل بیٹھا کرو۔
۱۶۱	احبوا قریشا فانه من احبهم احبه الله	(ط)	قریش سے محبت کرو جس نے اُنسے محبت کی خدا اُسے ضرور محبت کریگا
۱۶۲	احتجبی من النار ولو بشق تمرة	(ط)	اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے ڈھانپ اگرچہ آدھی کھجور سے ہی ہو۔
۱۶۳	احتکار الطعام فی الحرم الحاد	(د)	حرم میں طعام کا بند کرنا بے دینی ہے (خرید کر گرانی کی خاطر رکھنا احتکار ہے)
۱۶۴	احثوا فی وجوه المداحین التراب	(م د)	خوشامدانہ مدح کرنیوالوں کے منہ میں خاک ڈالو۔ (جبکہ غلو سے تعریف میں مبالغہ کریں)
۱۶۵	احذر کن من ارکان الجنة	(ع)	خوف کر تو ارکان جنت سے ہو جائیگا۔
۱۶۶	احد ابوی بلقیس کان جنیا	(ش)	بلقیس کے والدین سے ایک جنی تھا۔
۱۶۷	احدث لما احدث وضوأ	(ط)	جب وضو کا پانی بلجائے تو وضو کو توڑ دیا کر۔
۱۶۸	احذروا الدنیا فانها خضرة حلوة	(حم)	دنیا سے بچو کہ وہ سبز و شیریں ہے۔
۱۶۹	احذروا الشهوة الخفیة العالم یحب ان یجلس الیه	(فر)	پوشیدہ شہوۃ سے بچو۔ عالم کی طرف بیٹھنا واجب ہے۔ (عالم سے احکام دین سیکھنا لازمی امر ہے)
۱۷۰	احذروا کل منافق علیم اللسان	(حم)	ہر ایک منافق زبانی عالم سے بچو
۱۷۱	احرثوا فان الحرث مبارك	(د)	کھیتی کرو کیونکہ اس میں برکت ہے۔
۱۷۲	احسن الحسن الخلق الحسن	(فر)	بہترین خوبصورتی عمدہ خصلت ہے۔

احسن ما زرتم به الله فی قبورکم و مساجدکم البیاض	(د)	وہ عمدہ پوشاک جسمیں تم خدا سے قبروں میں ملاقات کروگے اور اسی کو پہنکر مساجد کو جاتے ہو وہ سفید پوشاک ہے۔	۱۷۳
احسنوا اذا ولیتم واعفوا عما ملکتم	(فر)	جب تم حاکم ہو جاؤ تو احسان (رعایا پروری) کرو اور اپنے مملوکوں کو معاف کرو	۱۷۴
احسنوا الاصوات بالقرآن	(طب)	قرآن شریف کو عمدہ آواز سے ادا کرو	۱۷۵
احب الادیان الی الله الحنیفیة السمحة	(حم)	جملہ ادیان سے پیارا دین اللہ کے نزدیک وہ ہے جو حق اور آسان ہے۔	۱۷۶
احب الاعمال الی الله حفظ اللسان	(هق)	سب اعمال سے پیارا اللہ کے نزدیک اپنی زبان کو (بیہودہ گوئی سے) محفوظ رکھنا ہے	۱۷۷
احب اهل بیتی الی الحسن والحسین	(ت)	اہل بیت میں سے میرے زیادہ پیارے حسن اور حسین ہیں۔	۱۷۸
احب بیوتکم الی بیت فیه یتیم مکرم	(هق)	تمہارے گھروں میں مجھے وہ گھر زیادہ پیارا ہے جسمیں یتیم ہو اور معزز ہو۔	۱۷۹
احب الحدیث الی الله اصدقه	(خ)	اللہ تعالیٰ کو سچی بات سب سے پیاری ہے۔	۱۸۰
احب الطعام الی الله ما کثرت الایدی علیه	(حب)	خدا کو وہ طعام پیارا ہے جس پر بہت سے ہاتھ پڑتے ہوں۔	۱۸۱
احب العباد الی الله انفعهم لعیاله	(عب)	اللہ کو وہ بندہ سب سے پیارا ہے جو اپنے عیال کو زیادہ نفع پہنچاوے۔	۱۸۲
احب اللهو الی الله اجراء الخیل والرمی	(عد)	اللہ کو کھیلوں میں سے گھوڑا دوڑانا اور تیر چلانا زیادہ پسند ہیں۔	۱۸۳
احبکم الی الله اقلکم طعاما واخفکم بدنا	(ك)	تم میں سے زیادہ پیارا اللہ کے نزدیک کم کھانیوالا اور دُبلا پتلا ہے	۱۸۴
احبوا صهیبا حب الوالدة لولدها	(ك)	صہیب کے ساتھ محبت رکھو جیسے والدہ کو اولاد سے ہوتی ہے	۱۸۵
احترسوا من الناس بسوء الظن	(طب)	لوگوں پر بدگمانی کرنے سے بچو (اپنی محافظت اسی میں ہے)	۱۸۶
احتکار الطعام بمکة الحاد فیه	(طب)	مکہ معظمہ میں طعام بند رکھنا بے دینی ہے۔	۱۸۷
احد احد یا سعد	(ن حم)	(شہادت کے موقعہ پر) اے سعد ایک ایک انگلی سے اشارہ کر	۱۸۸
احتسبوا علی المؤمنین ضالتهم العلم	(فر)	مومنوں کی گم شدہ چیز انکے لئے محفوظ رکھو یعنی علم۔	۱۸۹
احد جبل یحبنا ونحبه	(حم)	احد ایسا پہاڑ ہے جو ہم سے محبت رکھتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں	۱۹۰
احذوا بقول قریش ودعوا فعلهم	(حم)	انہوں نے قریش کے قول کو پکڑ اور انکے فعل کو چھوڑ دیا۔	۱۹۱
احذروا دعوة المسلم وفراسته	(حل)	مسلمان کی بددعا اور اسکی فراست و دانائی سے بچو۔	۱۹۲
احذروا الشهرتین الصوف والخز	(السلمی)	دو قسم کی پوشاک سے بچو جو باعث شہرت ہیں ایک صوف دوسری ریشم۔	۱۹۳
احذروا کل مسکر فان کل مسکر حرام	(ك)	ہر ایک مست کرنیوالی چیز سے بچو کیونکہ ہر ایک مست کرنیوالی چیز حرام ہے۔	۱۹۴

۱۹۵	اخرج حق الضعیفین المرأۃ والیتیم	(ابو)	وہ ضعیفوں کا حق نکال دے۔ عورت اور یتیم کا۔
۱۹۶	احسابکم اخلاقکم وانسابکم اعمالکم	(فر)	تمہارے حسب تمہارے اخلاق ہیں اور تمہارے نسب تمہارے اعمال
۱۹۷	احسن الناس قرأۃ من قرأ القرآن یتحزن به	(طب)	لوگوں میں اچھا قرآن پڑھنے والا وہ ہے جسکے پڑھنے سے رقت آئے۔
۱۹۸	احسن الھدی ھدی الانبیاء	(فر)	بہترین اخلاق انبیاء کے اخلاق ہیں۔
۱۹۹	احسن ما غیرتم به الشیب الحناء	(حم)	سب سے عمدہ چیز جس سے تم بڑھاپے کی سفیدی بدلو وہ مہندی ہے۔
۲۰۰	احسنوا اقامة الصفوف فی الصلاۃ	(حم)	نماز میں صفوں کو اچھی طرح درست (سیدھی) کرو۔
۲۰۱	احشر انا وابوبکر وعمر یوم القیامة ھکذا	(حك)	قیامت کے روز میں اور ابوبکر اور عمر اس طرح جمع ہونگے۔
۲۰۲	احفظ عفاصھا ووکاءھا ثم عرفھا سنة	(ق)	کسیکی گمشدہ چیز پاؤ تو اسکا سربند یاد رکھو پھر سال تک اسکی شہرت کرتے رہو
۲۰۳	احفظ لسانك	(کر)	اپنی زبان کو محفوظ رکھو۔
۲۰۴	احفظونی فی العباس فانه عمی وصنو ابی	(عد)	عباس کے اندر میری حفاظت کرو تحقیق وہ میرا چچا اور میرے باپ کی ہم شاخ ہے۔
۲۰۵	احفظوا الیتامٰی فی اموالھم کی لا تأکلھا الزکاۃ	(طب)	یتیموں کے مال کی حفاظت کرو تاکہ زکوٰۃ اسکو نہ کھالے۔
۲۰۶	احق ما صلیتم علی اطفالکم	(ھق)	(زیادہ مستحق جن پر تم نماز (جنازہ) پڑھتے ہو وہ بچے ہیں
۲۰۷	احملوا النساء علی اھوائھن	(عد)	عورتوں کو انکی خواہشات کے مطابق خیال کرو۔
۲۰۸	اخبر نقله وثق بالناس رویدك	(ع)	اسکی نقل کی خبر دے لوگوں پر تھوڑا اعتماد کیا کر۔
۲۰۹	اخبرونی بشجرۃ مثلھا مثل المؤمن ھی النخلة	(ق)	مجھے ایسے درخت کی خبر دو جسکی مثال مومن کی سی ہے۔ وہ کھجور ہے۔
۲۱۰	اختضب الست بمسلم	(ع)	مہندی لگا۔ کیا تو مومن نہیں ہے۔
۲۱۱	اخذنا فألك من فیك	(د)	ہمنے تیرا فال تیرے منہ سے لیا ہے
۲۱۲	اخرجوا حق الضعیفین المرأۃ والیتیم	(حب)	ضعیفوں کا حق نکالو وہ عورتیں اور یتیم ہیں۔
۲۱۳	اخرجوا المخنثین من بیوتکم	(فر)	مخنثوں (ہیجڑوں) کو اپنے گھروں سے نکال دو۔
۲۱۴	اخرجوا یھود نجران من الحجاز	(حل)	نجران کے یہودیوں کو حجاز سے نکال دو۔
۲۱۵	اخروھن من حیث اخرھن الله	(رزین)	عورتوں کو پیچھے کرو کیونکہ اللہ نے انکو پیچھے رکھا ہے۔
۲۱۶	اخف النساء صداقا اعظمھن برکة	(فر)	جس عورت کا مہر کم ہو وہ سب عورتوں سے برکت والی ہے۔
۲۱۷	اخلص دینك یکفك العمل القلیل	(ك)	اپنے دین کو خالص کر تھوڑا سا عمل تجھکو کافی ہوگا۔

Converted by Tiff Combine - unregistered

اخلص العمل يجزك منه القليل	(فر)	اپنا عمل خالص کر تھوڑا سا ہی تجھے کافی ہو رہیگا۔	۲۱۸
اخوف ما اخاف على امتى الائمة المضلون	(حل)	زیادہ خوفناک چیز جس سے میں اپنی امت پر خوف کرتا ہوں گمراہ حکام ہیں	۲۱۹
ادبار السجود الركعتان بعد المغرب	(هق)	مغرب کے سجود کے بعد دو رکعت ہیں (یعنے فرضوں کے بعد کی سنتیں)	۲۲۰
ادبنى ربى فاحسن تاديبى	(السمعانی)	میرے رب نے مجھے ادب سکھایا اور اچھا ادب سکھایا۔	۲۲۱
ادالامانة الى من ائتمنك ولا تخن من خانك	(ت)	جس نے تجھے امانت رکھنے کو دی اسے ادا کر اور جس نے تیری خیانت کی تو اسکی خیانت کر	۲۲۲
ادرؤا الحدود ما استطعتم	(ع)	جہانتک ہو سکے حدود کو دفع کرو	۲۲۳
ادعوا اخوانكم باسمائهم ولا تدعوهم بالالقاب	(هق)	اپنے بھائیوں کو انکے ناموں سے بلاؤ۔ انکو القاب سے مت بلاؤ۔	۲۲۴
ادفنوا القتلى فى مصارعهم	(د)	مقتولین کو انکے مقتل میں دفن کرو۔	۲۲۵
احصوا هلال شعبان لرمضان	(ت)	ماہ شعبان کی گنتی رمضان شریف کے لئے یاد رکھو۔	۲۲۶
احفظ ود ابيك لا تقطعه فيطفئ الله نورك	(طـ)	باپ کی دوستی کی حفاظت کر اسے قطع نہ کر ورنہ اللہ تیرا نور مٹا دیگا۔	۲۲۷
احفظ ما بين لحييك وجنبيك	(ع)	جو کچھ تیرے دونوں جبڑوں اور پہلوؤں میں ہے اسے محفوظ رکھ۔	۲۲۸
احفظونى فى العباس فانه بقية آبائى	(ط)	عباس میں میری آبرو کی حفاظت کرو کیونکہ وہ میرے آباء کا بقیہ ہے۔	۲۲۹
احفوا الشوارب واعفوا اللحى	(ن)	مونچھیں کترواؤ اور داڑھیاں لمبی کرو۔	۲۳۰
احلبها ودع داعى اللبن	(ك)	اسکا دودھ تو دوہ لے اور دودھ کا دعوی کرنیوالے کو چھوڑ دے	۲۳۱
اخاف على امتى تكذيبا بالقرآن		میں اپنی امت سے تکذیب قرآن کرنے سے ڈرتا ہوں۔	۲۳۲
اختتن ابراهيم وهو ابن ثمانين سنة بالقدوم[1]	(حم)	ابراہیم نے اسّی سال کی عمر میں کلہاڑی سے اپنا ختنہ کیا	۲۳۳
اختضبوا بالحناء فانه طيب الريح	(ك)	مہندی سے خضاب کرو کیونکہ وہ خوشبو ہے۔	۲۳۴
اختلاف امتى رحمة	(ابن نصر)	میری امت کا اختلاف رحمت ہے۔	۲۳۵
اختلاف اصحابى رحمة	(فر)	میرے اصحاب کا اختلاف رحمت ہے۔	۲۳۶
اخرجوا منديل الغمر من بيوتكم	(فر)	مصیبت کا دستمال اپنے گھروں سے نکال دو۔	۲۳۷
اخرجوا اليهود والنصارى من جزيرة العرب	(م)	یہود اور نصاریٰ کو جزیرۂ عرب سے نکال دو۔	۲۳۸
اخروا الاحمال فان اليد معلقة والرجل موثقة	(ع)	بوجھوں کو مؤخر کرو کیونکہ ہاتھ لٹکا ہوا ہے اور پاؤں باندھا ہوا۔	۲۳۹
اخزن لسانك الا من خير	(ط)	اپنی زبان کو سوائے ذکر خیر کے بند کر دے۔	۲۴۰

([1] موضعے است کہ درآں ابراہیم علیہ السلام ختنہ کردہ ۱۲ مصحح) (منتہی الارب)

۲۴۱	اخفوا الخطبة واظهروا النكاح	(فر)	منگنی کو پوشیدہ اور نکاح کو ظاہر کیا کرو۔
۲۴۲	اخلص دينك يكفك القليل من العمل	(حل)	اپنے دین کو خالص کر تجھے تھوڑا عمل ہی کفایت کریگا
۲۴۳	اخونكم عندنا احرصكم على عملنا	(د)	تم میں بڑا خائن وہ ہے جو ہمارے عمل (حکم کرنے) پر زیادہ حریص ہو
۲۴۴	اخوك البكرى ولا تأمنه	(حو)	بکری تیرا بھائی ہے اور اسکو تو امین نہ سمجھنا۔
۲۴۵	ادبار النجوم الركعتان قبل الفجر	(هق)	فجر کی نماز مفروضہ سے پہلے دو رکعت سنت بعد ستارہ ڈوبنے کے دکھائی دینگی
۲۴۶	ادب السوء كعرق السوء والعرق دساس	(فر)	بری خصلت بری رگ کیطرح ہے اور بری رگ انسان کو پامال کرتی ہے
۲۴۷	ادرؤا الحدود بالشبهات	(عد)	شبہ کی وجہ سے حدود کو دفع کرو۔
۲۴۸	ادريس فى السماء الرابعة	(ق)	ادریس آسمان چہارم پر ہیں۔
۲۴۹	ادعوا الله وانتم موقنون بالاجابة	(ت)	خدا سے دعا مانگو جب کہ تمہیں قبول ہونے پر یقین ہو
۲۵۰	ادفنوهم بدمائهم وثيابهم	(حم)	شہدا کو انکے خون اور انکے کپڑوں میں دفن کرو۔
۲۵۱	ادفنوهم بدمائهم يعنى قتلى احد	(خ)	(شہداء احد کے متعلق فرمایا کہ انہیں انکے خون کے ساتھ دفن کرو۔
۲۵۲	ادفعوا الحدود ما استطعتم	(ہ)	جہانتک تمہاری طاقت ہو حدود کو دفع کرو۔
۲۵۳	ادفعوا الحدود ما وجدتم لها مدفعا	(ہ)	حدود کو دفع کرو جبتک تمکو انکے دفع کرنیوالا ملے۔
۲۵۴	ادمان فى اناء لا آكله ولا احرمه	(ط)	ایک برتن میں دو سالن ہیں۔ نہ میں انکو کھاتا ہوں نہ حرام کرتا ہوں۔
۲۵۵	ادنى طهور الاناء اذا ولغ فيه الهر مرة او مرتين	(فر)	بلّی کے منہ ڈالے برتن کی ادنی پاکی ایک یا دو دفعہ اسکا دہونا ہے۔
۲۵۶	ادّوا زكاتكم	(ط)	اپنی زکوٰۃ ادا کرو۔
۲۵۷	اذا ابتعت طعاما فلا تبعه حتى تستوفيه	(م)	جب تو طعام خرید کرے تو اسپر قبضہ کرنے سے پہلے اسے مت بیچ
۲۵۸	اذا اتى احدكم الجمعة فليغتسل	(د)	جب تم میں سے کوئی جمعہ کو جانے لگے تو چاہیئے کہ غسل کرلے۔
۲۵۹	اذا اتى على الجارية تسع سنين فهى امرأة	(نر)	لڑکی جب نو برس کی ہوجائے تو وہ عورت (قابل پردہ و نکاح) ہے
۲۶۰	اذا اتاكم شريف قوم فاكرموه	(كو)	جب تمہارے پاس کسی قوم کا شریف شخص آئے تو اسکی عزت کرو
۲۶۱	اذا اتيت اهلك فاعمل عملا كيسا	(خط)	جب تو اپنے اہل (عورت) کے پاس جائے تو فراست سے کام لے (عورت حیض میں نہ ہو)
۲۶۲	اذا اجمرتم الميت فاجمروه ثلاثا	(حب حم)	جب تم میت کو خوشبو لگاؤ تو تین دفعہ خوشبو لگایا کرو۔
۲۶۳	اذا احب الله قوما ابتلاهم	(ط)	جب خدا کسی قوم کو پسند کرتا ہے تو اسے کسی مصیبت میں مبتلا کرتا ہے

اذا احب الله عبدا صب عليه البلاء صبا	(فر)	جب خدا کسی بندے کو پسند کرتا ہے تو اسپر تکلیف ڈالتا ہے۔	۲۶۴
اذا احب احدکم اخاه فليعلمه انه يحبه	(حم)	جب تم میں سے ایک کو کسی بھائی سے محبت ہو تو چاہیئے کہ اُسکو جتلا دے۔	۲۶۵
اذا اختلف الناس كان ابن سمية مع الحق	(ط)	جب لوگ اختلاف کریں تو سمیہ کا بیٹا حق پر ہوگا۔	۲۶۶
اذا اختلف الناس فالحق فی مضر	(ش)	جب لوگ اختلاف کریں تو حق قوم مضر میں ہوگا کیونکہ انمیں حق شناس لوگ ہیں	۲۶۷
اذا اختلفتم فی الطريق فقدروه سبعة اذرع	(ق)	جب تم راستہ میں باہم اختلاف کرو تو سات ہاتھ کا اندازہ کرکے راستہ رکھو	۲۶۸
اذا ادركت كلبك وقد اكل نصفه فكل	(حل)	جب تم نے اپنے کتے کو پایا کہ وہ آدھا شکار کھا چکا ہے تو تم باقی نصف کھاؤ	۲۶۹
اذا اذن المؤذن فی يوم الجمعة حرم العمل	(فر)	جمعہ کے روز جب مؤذن اذان کہے تو کام حرام ہو جاتا ہے۔	۲۷۰
اذا اذنت فترسل واذا اقمت فاحدر	(ت)	جب تو اذان کہے تو آرام سے کہو اور جب اقامت کہے تو جلدی کہہ	۲۷۱
اذا اراد الله بقوم خيرا ابتلاهم	(حل)	جب اللہ کسی قوم کی بہتری چاہے تو اُسے مبتلائے مصیبت کرتا ہے	۲۷۲
اذا اراد الله بعبد خيرا عاتبه فی منامه	(فر)	جب اللہ کسی بندے کی بہتری چاہتا ہے تو اُسے نیند میں ملامت کرتا ہے	۲۷۳
اذا اراد الله بقرية هلاكا اظهر فيهم الزنا	(فر)	جب خدا کسی بستی کی ہلاکت چاہے تو اُنمیں زنا فاش کر دیتا ہے۔	۲۷۴
اذا اراد الله خلق شئ لم يمنعه شئ	(خ)	جب اللہ کسی چیز کو پیدا کرنا چاہے تو اُسے کوئی شئے روک نہیں سکتی	۲۷۵
ادفعوها يعنی البنت الی خالتها فان الخالة ام	(ك)	لڑکی کو خالہ کے حوالہ کرو کیونکہ خالہ ماں ہے (والدہ کے بعد خالہ کو پرورش کا حق ہے)	۲۷۶
ادفعوا الحدود بكل شبهة	(ش)	حدود کو ہر ایک شبہ کی وجہ سے دفع کرو۔	۲۷۷
ادفعوا عن وضوئكم باليقين وعن صلاتكم بالشك	(فر)	اپنے وضو سے یقین کے سبب نکلو اور نماز سے بوجہ شک کے۔	۲۷۸
ادنوا العظم من فيك فانه اهنأ وامرأ	(د)	کھاتے وقت ہڈی منہ کے قریب کرو کیونکہ یہ خوشگوار ہے۔	۲۷۹
ادنی ما يقطع فيه يد السارق ثمن المجن	(ط)	ادنیٰ درجہ جسمیں چور کا ہاتھ کاٹا جاتا ہے ڈھال کی قیمت ہے۔	۲۸۰
ادوا صاعا من طعام فی الفطر	(هق)	صدقہ فطر میں ایک صاع طعام دیا کرو۔	۲۸۱
اذا ابق العبد الی الشرك فقد حل دمه	(د)	غلام جب شرک کیطرف بھاگ جائے تو اسکا قتل جائز ہے۔	۲۸۲
اذا اتی احدكم اهله فليستتر	(ط)	جب ایک تمہارا اپنی عورت سے صحبت کیلئے جائے تو پوشیدہ کرے۔	۲۸۳
اذا آتاك الله مالا فلير عليك	(حب)	جب اللہ نے تجھے مال دیا تو چاہیئے کہ وہ تیرے اوپر دیکھا جائے۔	۲۸۴
اذا اتاكم كريم قوم فاكرموه	(ط)	جب تمہارے پاس کسی قوم کا شریف آجائے تو اسکی عزت کرو۔	۲۸۵
اذا اجتمع عيدان فی يوم اجزاهما الاول	(د)	جب ایک روز میں دو عیدیں جمع ہو جائیں تو لوگوں کو پہلی ہی کافی ہے۔	۲۸۶

۲۸۷	اذا احب الله عبدا لم يضره ذنب	(فر)	جب کسی بندے کو اللہ پیار کرے تو کوئی گناہ اسکو نقصان نہیں پہنچاتا
۲۸۸	اذا احب الله عبدا ابتلاه ليسمع تضرعه	(فر)	جب اللہ کسی بندے کو پیار کرے تو اسے مبتلا کر دیتا ہے تاکہ اسکی عاجزی سنے
۲۸۹	اذا احب الله اهل بيت ادخل عليهم الرفق	(هق)	جب اللہ کسی اہل بیت کو پیار کرتا ہے تو انہیں نرمی داخل کر دیتا ہے
۲۹۰	اذا اختلف الزمان والاهواء فعليك بدين الاعرابي	(فر)	زمانہ اور خواہشات مختلف ہو جائیں تو اعرابی کا دین لازم پکڑ
۲۹۱	اذا اختلف الناس فالعدل في مضر	(ط)	جب لوگ مختلف ہو جائیں تو عدل قبیلہ مضر میں ہوگا۔
۲۹۲	اذا اختلف الاهواء فعليك بدين العجائز	(فر)	جب خواہشات مختلف ہو جائیں تو تجھے بوڑھی عورتوں کا دین لازم پکڑنا چاہیے
۲۹۳	اذا اخذ المؤذن في الاقامة فلا صلاة الا المكتوبة	(فر)	جب مؤذن اذان شروع کردے تو بغیر فرض کے کوئی نماز جائز نہیں۔
۲۹۴	اذا اديت زكاتك فليس بكنز	(ط)	جب تو زکوٰۃ ادا کردے۔ پس تیرا مال خزانہ نہیں ہے۔
۲۹۵	اذا اذن في قرية آمنها الله من عذابه ذلك اليوم	(ط)	جب گاؤں میں اذان دیجائے تو اسدن کے عذاب سے خدا اسکو بچا لیتا ہے
۲۹۶	اذا اراد الله بعبد خيرا فقهه في الدين	(ت)	جب بندے کو خدا خیر کا ارادہ کرے تو اسکو دین میں سمجھدار بنا دیتا ہے۔
۲۹۷	اذا اراد الله بعبد خيرا حببه الى جيرانه	(ع)	جب بندے کیلئے خدا خیر کا ارادہ کرے تو اسکو پڑوسیوں میں پیارا کر دیتا ہے
۲۹۸	اذا اراد الله بعبد خيرا صير حوائج الناس اليه	(ن)	جب بندے کے لئے خدا خیر کا ارادہ کرے تو لوگوں کی حاجتیں اسکیطرف کر دیتا ہے
۲۹۹	اذا اراد الله بقوم ابقاء رزقهم العفاف والقصد	(فر)	جب خدا کسی قوم کو باقی رکھنا چاہتا ہے تو انکو میانہ روی اور پاکدامنی بخشتا ہے
۳۰۰	اذا اراد الله ان يستجيب لعبد اذن له في الدعاء	(فر)	جب اللہ کسی بندے کو قبول کرتا ہے تو اسکو دعا کی اجازت دیتا ہے
۳۰۱	اذا اراد الله ان ينزل من عرشه نزل بذاته	(فر)	جب اللہ اپنا رحم عرش سے اتارنا چاہے تو خود بخود اسے اتار لیتا ہے
۳۰۲	اذا اراد احدكم ان يأتي الجمعة فليغتسل	(م)	جب ایک تمہارا جمعہ کیلئے آئے تو چاہیئے کہ وہ غسل کرلے
۳۰۳	اذا اراد احدكم ان يتزوج فليولج بصره	(فر)	جب ایک تمہارا نکاح کا ارادہ کرے تو چاہیئے کہ اپنی نظر عورت پر ڈالے
۳۰۴	اذا اراد احدكم ان يزوج ابنته فليستأمرها	(ط)	جب ایک تمہارا اپنی لڑکی کا نکاح کرنا چاہے تو اس سے مشورہ کرلے۔
۳۰۵	اذا اردت ان تعود فتوضأ وضوءك للصلاة	(ق)	جب دوبارہ عورت سے جماع کرنا چاہے تو وضو کرلے جیسے نماز کیلئے کیا کرتے ہیں
۳۰۶	اذا استأجر احدكم اجيرا فليعلمه اجره	(حم)	جب ایک تمہارا اسکو مزدور بنائے تو چاہیئے کہ اسکو مزدوری بتا دے
۳۰۷	اذا استجمر احدكم فليستجمر ثلاثا	(حم)	(جب ایک تمہارا ڈھیلا استعمال کرے تو چاہیئے کہ تین ڈھیلے استعمال کرے
۳۰۸	اذا استشاط السلطان تسلط الشيطان	(ك)	جب بادشاہ ظلم کرنا چاہے تو اسپر شیطان مسلط کر دیا جاتا ہے۔
۳۰۹	اذا استنفرتم فانفروا	(ق)	جب تمسے نکلنے کو کہا جائے تو نکلو۔

اذا اسلفت فی شیٔ فلا تصرفه الی غیره	(حم)	جب تو کسی چیز میں سَلَم کرے تو اسکو دوسری چیز کیطرف مت پھیر	۳۱۰
اذا اسلم الرجل فهو احق بارضه وماله	(حم)	جب کوئی شخص مسلمان ہو جائے تو وہ اپنی زمین اور مال کا مستحق ہے	۳۱۱
اذا اصبح احدکم ولم یوتر فلیوتر	(ق)	جب ایک تمہارے نے وتر نہیں پڑھے اور صبح ہو گئی تو وہ وتر پڑھ لے	۳۱۲
اذا اعیا احدکم فلیهرول فانه یذهب الاعیاء	(خر)	جب ایک تمہارا تھک جائے تو دوڑے کیونکہ دوڑنے سے تھکان اتر جاتی ہے۔	۳۱۳
اذا اعطیتم الزکاة فلا تنسوا ثوابها	(ه)	جب تم زکوٰۃ دیدو تو اسکا ثواب مت بھولو	۳۱۴
اذا اشتریت شیئا فلا تبعه حتی تقبضه	(حم)	جب تو کوئی چیز خریدے تو اُسے مت بیچ جبتک اُسپر قبضہ نہ کرلے	۳۱۵
اذا افضی احدکم بیده الی فرجه فلیتوضأ	(ن)	جب ایک تمہارا اپنی شرم گاہ کو ہاتھ لگائے تو چاہیئے کہ پھر وضو کرے	۳۱۶
اذا اقل احدکم الطعم ملئ جوفه نورا	(فر)	جب ایک تمہارا کھانا کم کھائیگا تو اپنے اندر کو نور سے بھر لیگا۔	۳۱۷
اذا اقیمت الصلاة فلا صلاة الا المکتوبة	(م)	جب نماز قائم کیجائے تو سوائے فرض کے اور کوئی نماز نہیں ہوتی	۳۱۸
اذا اکفر احدکم اخاه فقد باء بها احدهما	(م)	جب ایک تمہارا اپنے بھائی کو کافر کہے تو وہ کفر ایک پر ضرور لوٹیگا	۳۱۹
اذا ام الرجل القوم فلا یقم فی مکان ارفع من مقامهم	(د)	جب کوئی قوم کا پیش امام بنے تو اُسکو قوم سے اونچی جگہ پر کھڑا نہ ہونا چاہیے	۳۲۰
اذا آمنك الرجل علی دمه فلا تقتله	(حم)	جب کوئی شخص تجھے اپنے خون کا امین جانے تو اُسے قتل مت کر	۳۲۱
اذا انزلت الماء فلتغتسل	ثب (ن)	جب تینے اپنی منی نکالی تو غسل کرو	۳۲۲
اذا انقطع شسع نعل احدکم فلیسترجع فانها من المصائب	(ابو)	جب تمہارے کسیکی چپلی کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ انا للہ پڑھے کیونکہ یہ مصائب سے ہے	۳۲۳
اذا بال احدکم فلینتر ذکره ثلاثا	(حم)	جب ایک تمہارا پیشاب کرے تو وہ ذکر کو تین دفعہ جھاڑے۔	۳۲۴
اذا بعت بیعا فلا تبعه حتی تقبضه	(ط)	جب تو کچھ بیچے تو اپنے قبضہ میں کئے بغیر مت بیچ	۳۲۵
اذا اراد الله بعبد هوانا انفق ماله فی البنیان	(ط)	جب اللہ کسیکو ذلیل کرنا چاہے تو اسکا مال مکان کی تعمیر میں صرف کرو دیتا ہے	۳۲۶
اذا اراد احدکم ان یبول فلیرتد لبوله	(د)	جب ایک تمہارا پیشاب کرنا چاہے تو پیشاب کا موقع دیکھ لے	۳۲۷
اذا اراد احدکم سفرا فلیسلم علی اخوانه	(ط)	جب ایک تمہارا سفر کا ارادہ کرے تو اپنے بھائیوں پر سلام کہے	۳۲۸
اذا اردت ان یحبك الناس فازهد فی الدنیا	(ه)	جب تو چاہے کہ تجھ سے لوگ محبت کریں تو ترک دنیا کردے	۳۲۹
اذا اسأت فاحسن	(ك)	جب تیرے ساتھ برائی کیجائے تو تو احسان (نیکی) کر۔	۳۳۰
اذا استجمر احدکم فلیوتر	(ه)	جب ایک تمہارا ڈھیلا استعمال کرے تو طاق استعمال کرے	۳۳۱
اذا استشار احدکم اخاه فلیشر علیه	(حم)	جب ایک تمہارا اپنے بھائی سے مشورہ طلب کرے تو وہ مشورہ دے	۳۳۲

۳۳۳	اذا استعجم القرآن علی احد کم وھو یصلی فلیقعد	(حم)	جب تمہارے کسی پر قرآن پڑھنا دشوار ہو جائے تو وہ بیٹھ جائے
۳۳۴	اذا استیقظت فصل	(فر)	جب تو بیدار ہو تو نماز پڑھ
۳۳۵	اذا اسلم الرجل اختتن ولو کان کبیرا	(طب)	جب کوئی اسلام لائے ختنہ کرے اگرچہ عمر میں بڑا ہو
۳۳۶	اذا اشتد الزحام فلیسجد الرجل علی ظھر اخیہ	(عد)	جب ہجوم زیادہ ہو تو چاہیئے کہ مسلمان بھائی کی پیٹھ پر سجدہ کر لیا جائے۔
۳۳۷	اذا عجلت او قحطت فعلیک الوضوء	(ش)	جب تجھ پر جلدی کیجائے یا منی نکلنے کی قحط ہو جائے پس تجھ پر وضو لازم ہے۔
۳۳۸	اذا عیتکم الامور فعلیکم باصحاب القبور فزوروھا	(فر)	جب تمکو کام تھکا دیں تو اہل قبور کی جا کر زیارت کرو۔
۳۳۹	اذا اغتسل احد کم فلیغسل کل عضو ثلاث مرات	(حل فر)	جب ایک تمہارا غسل کرے تو ہر ایک عضو کو تین مرتبہ دھوئے۔
۳۴۰	اذا استھل الصبی صلی علیہ وورث	(عد)	بوقت ولادت جب بچہ چیخے تو اسپر نماز جنازہ پڑہی جائے اور وہ وارث ہوگا
۳۴۱	اذا افضی احد کم الی ذکرہ فلیتوضأ	(ق)	جب ایک تمہارا اپنے ذکر کو پہونچ جائے تو چاہیئے کہ وضو کرے۔
۳۴۲	اذا اقیمت الصلوۃ فلا تقوموا حتی تروني	(ق)	جب نماز کی اقامت کی جائے تو تم مت کھڑے ہو یہانتک کہ مجھے دیکھ لو
۳۴۳	اذا اقیمت الصلاۃ فلا صلاۃ الا التی اقیمت	(طس)	جب نماز کی اقامت کی جائے تو کوئی اور نماز نہیں ہوتی مگر جسکے لئے اقامت کہی گئی۔
۳۴۴	اذا اکلتم فأفضلوا	(فر)	جب تم کھایا کرو تو کچھ بچا لیا کرو۔
۳۴۵	اذا اممت قوما فاخف بھم الصلاۃ	(م)	جب تو کسی قوم کا امام ہو جائے تو نماز میں تخفیف کیا کر
۳۴۶	اذا انت رمیت کلب جارك فقد آذیتہ	(غ)	جب تو نے اپنے پڑوسی کا کتا مارا تو یہ اسکو تو نے تکلیف پہنچائی۔
۳۴۷	اذا انعم اللہ علی عبد نعمۃ احب ان تری علیہ	(حم)	جب اللہ کسی بندے پر نعمت کا فضل کرتا ہے تو اللہ کو پسند ہے کہ اسپر وہ نعمت دیکھی جائے
۳۴۸	اذا انکح الولیان فالاول احق	(الشافعی)	جب دو ولی نکاح پڑہا دیں تو پہلا نکاح پڑہانیوالا زیادہ حقدار ہے۔
۳۴۹	اذا بال احد کم فلیمسح ذکرہ ثلاثا	(ھق)	جب ایک تمہارا پیشاب کرے تو چاہیئے کہ اپنے ذکر کو تین دفعہ پونچھے
۳۵۰	اذا بال احد کم فلا یمس ذکرہ بیمینہ	(ق)	جب ایک تمہارا پیشاب کرے تو اپنے ذکر کو دائیں ہاتھ سے نہ چھوئے۔
۳۵۱	اذا بایعت فقل لا خلابۃ	(ق)	جب تو بیع کرے تو یہ کہدیا کر کہ دھوکا نہیں ہے۔
۳۵۲	اذا بلغ الماء قلتین لم یحمل خبثا	(ع)	جب پانی دو قلہ ہو جائے تو وہ پلیدی کا متحمل نہیں ہو سکتا۔
۳۵۳	اذا ابدا خف المرأۃ بدا ساقھا	(فر)	جب عورت کا موزہ ظاہر ہو جائے تو اسکی پنڈلی بھی ظاہر ہو جائیگی
۳۵۴	اذا بلغ الماء قلتین لم یحمل الخبث	(حم)	جب پانی دو قلے ہو جائے تو وہ پلیدی کی برداشت نہیں کر سکتا۔
۳۵۵	اذا تبعتم الجنازۃ فلا تجلسوا حتی توضع	(م)	جب تم جنازہ کے ساتھ چلو تو جنازہ رکھنے سے پہلے مت بیٹھو۔

لہ قلہ جیسے مٹکا وغیرہ بڑی پیارہ

اذا تزوج البكر على الثيب اقام عندها سبعًا	(ق)	جب ثیبہ کی موجودگی میں باکرہ سے نکاح کیا جائے تو سات روز باکرہ کے پاس رہے	۳۵۶
اذا تزوج العبد بغیر اذن سیده کان عاهرا	(ه)	جب غلام اپنے مالک کے بغیر اجازت نکاح کرے تو زانی ہوگا۔	۳۵۷
اذا تصدقت فامضها	(حم)	جب تو خیرات کرے تو اسکو جاری رکھ۔	۳۵۸
اذا تغولت الغیلان فبادروا بالاذان	(ش)	جب شبہات ڈالیں جنات (شیاطین الجن) تو جلدی اذان کہو	۳۵۹
اذا تمنی احدکم فلیکثر فانما یسأل ربه	(ط)	جب ایک تمہارا آرزو کرے تو چاہئے کہ زیادہ کرے کیونکہ اللہ سے آرزو کرتا ہے	۳۶۰
اذا تناول احدکم عن اخیه شیئا فلیره ایاه	(د)	جب ایک تمہارا اپنے بھائی سے کچھ پائے تو اسکو وہ دکھادے۔	۳۶۱
اذا توضأ احدکم فهو فی صلاة ما لم یحدث	(فر)	جب ایک تمہارا وضو کرے تو جب تک بے وضو ہو وہ نماز میں ہے۔	۳۶۲
اذا توضأ الرجل فهو فی صلاة ما لم یحدث	(فر)	جب کوئی شخص وضو کرے تو وہ نماز میں ہے جبتک بے وضو نہ ہو۔	۳۶۳
اذا توضأت فخلل الاصابع	(ت)	جب تو وضو کرے تو انگلیوں کا خلال کر لیا کر۔	۳۶۴
اذا توضأت فخلل اصابع یدیك ورجلیك	(ت)	جب تو وضو کرے تو ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کا خلال کر لیا کر۔	۳۶۵
اذا توضأتم فابدؤا بمیامنکم	(ه)	جب تم وضو کرو تو دائیں طرف سے شروع کرو۔	۳۶۶
اذا جاء احدکم الجمعة فلیغتسل	(ق)	جب ایک تمہارا جمعہ کو آئے تو وہ غسل کر لیا کرے۔	۳۶۷
اذا جاءك الرسول فهو اذنك	(فر)	جب تیرے پاس کسی کا قاصد آئے تو وہی تیرے لئے اجازت ہے	۳۶۸
اذا جامع الرجل ولم یمن یتوضأ کما یتوضأ للصلوة	(ق)	جب کوئی شخص عورت سے جماع کرے اور منی نہ نکلے تو وہ نماز کا سا وضو کر لے	۳۶۹
اذا جاوز الختان الختان وجب الغسل	(حم)	جب سر ذکر عورت کے اندر داخل ہو گیا غسل واجب ہے (یہ سابقہ حدیث کی ناسخ)	۳۷۰
اذا اجمرتم المیت فأوتروا	(حب)	جب میت کو خوشبو لگاؤ طاق لگاؤ۔	۳۷۱
اذا حاك فی نفسك شئ فدعه	(حم)	جب تیرے دل میں کوئی بات کھٹکے تو اسکو ترک کردے۔	۳۷۲
اذا حرم احدکم الزوجة والولد فعلیه بالجهاد	(فر)	جب ایک تمہارا اپنی زوجہ اور بچے کو اپنے پر حرام کردے اسکو جہاد کرنا لازم ہے	۳۷۳
اذا حضر العشاء فاقیمت الصلاة فابدؤا بالعشاء	(ق)	(جب عشاء رات کا کھانا) اور نماز (ایک ساتھ) حاضر ہوں تو کھانا مقدم کرو۔	۳۷۴
اذا حضرتم موتاکم فمروهم بالوصیة	(فر)	جب اپنے مرنے والوں کے پاس جاؤ تو انہیں وصیت کرنیکو کہو۔	۳۷۵
اذا بایعت فقل لا خلابة ولی الخیار ثلاثة ایام	(ك)	جب تو بیع کرے تو کہہ دیا کر فریب نہیں ہوگا اور مجھکو تین دن اختیار ہے	۳۷۶
اذا بقی نصف من شعبان فلا تصوموا	(ت)	جب شعبان آدھا رہجائے پھر تم روزہ مت رکھو۔	۳۷۷
اذا بلغ الماء قلتین لم ینجسه شئ	(حم)	جب پانی دو قلہ کو پہونچ جائے تو اسکو کوئی چیز پلید نہیں کر سکتی	۳۷۸

٣٧٩	اذا بویع لخلیفتین فاقتلوا الآخر منهما	(م)	جب دو خلیفوں کی بیعت کیجائے تو پچھلے کو قتل کردو۔
٣٨٠	اذا تزوج الرجل ببلدة فهو من اهلها	(ع)	جب کوئی شخص کسی گاؤں میں نکاح کرلے تو وہ اُس گاؤں میں سے ہوگیا
٣٨١	اذا تزوج الثیب علی البکر اقام عندها ثلاثا	(هق)	جب ثیبہ سے باکرہ کی موجودگی میں نکاح کیا تو ثیبہ کے پاس تین دن رہیگا
٣٨٢	اذا تسمیتم بی فلا تکنوا بی	(ت)	جب تم میرا نام رکھو تو میری کنیت مت رکھو۔
٣٨٣	اذا تغوط احدکم فلیمسح ثلاث مرات	(ط)	جب ایک تمہارا پاخانہ پھرے تو تین دفعہ اس جگہ کو چھو اچھی طرح پاک کرے
٣٨٤	اذا تقارب الزمان لم تکد رؤیا المومن تکذب	(ق)	جب قیامت قریب آجائے عجب نہیں کہ مومن کا خواب جھوٹا نکلے۔
٣٨٥	اذا تطیبت المرأة لغیر زوجها فانما هو نار وشنار	(ط)	اگر عورت اپنے خاوند کے سوا غیر کیلئے زینت کرے تو وہ اسکے لئے آگ و شنار ہے۔
٣٨٦	اذا توضأ احدکم فلا یغسل قدمیه بیده الیمنی	(ط)	جب ایک تمہارا وضو کرے تو پاؤں کو دائیں ہاتھ سے نہ دھوئے۔
٣٨٧	اذا توضأ احدکم فلیجعل فی انفه الماء ثم لینثر	(ق)	جب ایک تمہارا وضو کرے تو ناک میں پانی ڈالے پھر ناک سنکے۔
٣٨٨	اذا توضأت فعلیک بالتسلسل یعنی ما تحت حلقة الخاتم	(فر)	جب تو وضو کرے تو لازم ہے کہ انگوٹھی کے نیچے سے جگہ کو دھوئے
٣٨٩	اذا توضأت فانتضح	(ط)	جب تو وضو کرے تو شرمگاہ پر پانی چھڑک دیا کر۔
٣٩٠	اذا توضأت وانا جنب اکلت وشربت ولا اصلی	(فر)	جب میں جنبی ہوتا ہوں تو وضو کرکے کھاتا پیتا ہوں اور نماز نہیں پڑھتا
٣٩١	اذا توفیت المرأة فارادوا غسلها فلیبدؤا ببطنها	(فر)	جب عورت مرجائے اور اُسے غسل دیں تو اسکا پیٹ پہلے دھوئیں۔
٣٩٢	اذا جاء الرطب فهنئنی واذا ذهب فعزینی	(فر)	جب کھجوریں تازہ آپہونچیں تو مجھے مبارک باد کرو اور جب گذر جائیں تو میرے ساتھ غم کھایا کرو
٣٩٣	اذا جاءکم الزائر فاکرموه	(فر)	جب تمہارے پاس کوئی ملاقات کو آئے تو اسکی عزت کیا کرو۔
٣٩٤	اذا جعلت اصبعیک فی اذنیک سمعت خریر الکوثر	(فر)	جب تو دو انگلیاں اپنے کانوں میں رکھیگا تو آب کوثر کے گرنیکی آواز سنیگا
٣٩٥	اذا اجمرتم المیت فاجمروه ثلاثا	(فر)	جب میت کو خوشبو لگاؤ تو تین دفعہ لگایا کرو۔
٣٩٦	اذا جئتم الجمعة فاغتسلوا	(حب)	جب تم جمعہ کو آیا کرو تو غسل کرلیا کرو۔
٣٩٧	اذا حدثتم الناس فلا تحدثوهم بما یفزعهم	(فر)	جب تم لوگوں سے بات کہو تو انسے ایسی بات مت کہو جس سے گھبرا جائیں
٣٩٨	اذا حضر العشاء فابدؤا به قبل ان تصلوا المغرب	(ق)	جب رات کا کھانا حاضر ہوجائے تو نماز مغرب سے پہلے کھانا کھالو۔
٣٩٩	اذا حم احدکم فلیشن علیه الماء البارد ثلاث لیال من السحر	(ص)	جب ایک تمہارے کو بخار آجائے تو اسپر تین رات سحر کے وقت پانی چھڑکا جائے۔
٤٠٠	اذا حضرتم المیت فقولوا سبحان ربك الآیة۔	(م)	جب تم میت کے پاس حاضر ہو تو سبحان ربک کہدیا کرو۔

اذا خرج ثلاثة فی سفر فلیؤمروا احدهم	(د)	جب تین آدمی سفر کو نکلیں تو ایک کو امیر بنا لیا کریں	۴۰۱
اذا دبغ الاهاب فقد طهر	(م)	جب چمڑا رنگا گیا تو وہ تحقیق پاک ہوگیا۔	۴۰۲
اذا دخل علیکم السائل بلا اذن فلا تطعموه	(فر)	جب سائل بلا اجازت تمہارے پاس آئے تو اُسکو مت کھلاؤ	۴۰۳
اذا دعا العبد فاشار باصبعه قال الله اخلص عبدی	(فر)	جب بندہ دعا مانگتے ہوئے انگلی سے (التحیات میں) اشارہ کرے تو خدا کہتا ہے میرے بندے نے اخلاص کیا	۴۰۴
اذا دعی احدکم الی ولیمة عرس فلیجب	(م)	جب ایک تمہارے کو ولیمہ شادی کی دعوت دیجائے تو چاہیئے کہ وہ قبول کرے	۴۰۵
اذا دعا احدکم اخوه فلیجب عرسا او نحوه	(م)	جب ایک تمہارا اپنے بھائی کو دعوت دے تو چاہیئے کہ قبول کرے شادی کی ہو یا کوئی اور	۴۰۶
اذا ذبح احدکم فلیجهز	(ه)	جب ایک تمہارا ذبح کرنے لگے تو اسکے لئے (چھری تیز کرکے) تیاری کرے	۴۰۷
اذا ذکرتم بالله فانتهوا	(فر)	جب تم اللہ کا ذکر (نماز وغیرہ) کرو تو (باقی امور سے) رُک جایا کرو۔	۴۰۸
اذا رأت الماء فلتغتسل	(ن)	جب عورت پانی دیکھ لے تو اُسے غسل کرنا چاہیئے۔	۴۰۹
اذا رأیتم الجنازة فقوموا حتی تخلفکم او توضع	(ق)	جب جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جاؤ جب تک کہ یا تم سے آگے نکل جائے یا رکھدیا جائے	۴۱۰
اذا رأیتم معاویة علی منبری فاقتلوه	(فر)	جب تم معاویہ کو میرے منبر پر دیکھو تو اُسے قتل کردو (معلوم ہوتا ہے یہ موضوعات روافض ہے)	۴۱۱
اذا رمیت وخزفت فکل ما خزفت	(حم)	جب تو نے (شکار کو) تیر مارا اور ٹھیکری ماری تو ٹھیکری کا شکار کر لے	۴۱۲
اذا رأیتمونی فلا تقوموا کما تقوم الاعاجم	(ده)	جب تم مجھکو دیکھو تو عجمیوں کیطرح کھڑے نہ ہوا کرو۔	۴۱۳
اذا زوج المرأة ولیان فهی للاول منهما	(حم)	جب ایک عورت کا دو ولیوں نے نکاح پڑھا دیا تو یہ اُسکی ہوگی جس نے پہلے پڑھایا۔	۴۱۴
اذا سأل احدکم الرزق فلیسأل الحلال	(عد)	جب ایک تمہارا رزق کا سوال کرے تو چاہیئے کہ حلال کا سوال کرے۔	۴۱۵
اذا سئل احدکم امؤمن هو فلا یشك	(ط)	جب ایک تمہارے سے مومن ہونیکا سوال کیا جائے تو شک والا جواب نہ دے	۴۱۶
اذا سألکم بالله فاعطوه وان شئتم فدعوه	(حك)	جب کوئی تمکو بواسطہ خدا سوال کرے تو اُسکو دو اور چاہو تو اُسے چھوڑ دو۔	۴۱۷
اذا سجدت یا رباح فترب وجهك	(ط)	جب تو اے رباح سجدہ کرے تو اپنے منہ کو خاک آلودہ کر	۴۱۸
اذا سجدت فضع کفیك وارفع مرفقیك	(ع)	جب تو سجدہ کرے تو دونوں ہتھیلیاں زمین پر اور کہنیوں کو اُٹھا لیا کر	۴۱۹
اذا سلم الامام فردوا علیه	(ط)	جب امام سلام کہے اُسکو رد (جواب) کردیا کرو۔	۴۲۰
اذا سلمت ثلاثا فلم یؤذن لك فارجع	(ق)	جب تو تین بار سلام کہے اور اجازت نہ ملے تو واپس لوٹ جا	۴۲۱
اذا سمعتم الرعد فسبحوا ولا تکبروا	(د)	جب تم رعد کی آواز سنو تو تسبیح پڑھا کرو تکبیر مت پڑھو۔	۴۲۲
اذا سمعتم الرعد فاذکروا الله فانه لا یصیب ذاکرا	(ط)	جب رعد کی آواز سنو تو ذکر اللہ کرو کیونکہ ذکر اللہ پر رعد نہیں پڑتی	۴۲۳

۴۲۴	اذا سمعتم النداء فقوموا فانها عزمة من الله	(حل)	جب تم اذان سنو تو کھڑے ہو جاؤ کیونکہ اذان اللہ کی جانب سے لازم کی گئی ہے
۴۲۵	اذا سمیت على كلبك فكل	(حل)	جب اپنے کتے کو بسم اللہ پڑھکر شکار پر چھوڑے تو اسکا شکار کھالے
۴۲۶	اذا خرجت الى العشاء فلا تمسين طيبا	(حب)	جب تو عشاء کی نماز کو نکلے تو خوشبو لگا کر مت جایا کر
۴۲۷	اذا دبغ جلد الميتة فحسبه فلينتفع به	(عب)	جب مردار کا چمڑا رنگا جائے تو اتنا کافی ہے اس سے فائدہ اُٹھایا جائے۔
۴۲۸	اذا دعا احدكم فليؤمن على دعائه	(فر)	جب ایک تمہارا دعا مانگے تو اپنی دعا پر وہ آمین پڑھا کرے۔
۴۲۹	اذا دعى احدكم الى وليمة فليأتها	(حم)	جب ایک تمہارے کو دعوت ولیمہ دیجائے تو وہ دعوت کیطرف آجائے
۴۳۰	اذا دعى احدكم فجاء مع الرسول فهو اذنه	(د)	جب ایک تمہارا بلانے پر قاصد کے ہمراہ آجائے تو وہی اُسکے لئے اجازت ہے۔
۴۳۱	اذا دعيتم الى كراع فاجيبوا	(م)	جب تم کو پاچہ دست کی دعوت دیجائے تو اُسے قبول کرو۔
۴۳۲	اذا ذلت العرب ذل الاسلام	(ع)	جب عرب پھسل جائیں سارا اسلام پھسل جائیگا۔
۴۳۳	اذا راح احدكم الى الجمعة فليغتسل	(حم)	جب ایک تمہارا جمعہ کو جائے تو چاہیئے کہ وہ غسل کرے۔
۴۳۴	اذا رأيتم الذين يسبون اصحابى فالعنوهم	(ت)	جب تم میرے صحابہ کو گالی دینے والوں کو دیکھو تو انپر لعنت کرو۔
۴۳۵	اذا رأيتم الحريق فكبروا فانه يطفئ النار	(ط)	جب آگ لگی دیکھو تو تکبیر پڑھو کیونکہ وہ آگ کو بجھا دیتی ہے۔
۴۳۶	اذا رأيتم المداحين فاحثوا فى وجوههم التراب	(م)	جب تم لوگوں کی تعریف کرنیوالوں کو دیکھو تو انکے منہ میں مٹی ڈالو۔
۴۳۷	اذا رأيتم آية فاسجدوا	(د)	جب تم کوئی نشانی (زلزلہ وغیرہ) دیکھو تو سجدہ کر لیا کرو۔
۴۳۸	اذا زالت الشمس فصلوا	(ط)	جب آفتاب ڈھل جائے تو نماز پڑھ لیا کرو۔
۴۳۹	اذا سافرتم فى الخصب فانزلوا عن ظهور كم	(ص)	جب تم سرسبز سال میں سفر کرو تو سواری پر سے اُتر جایا کرو۔
۴۴۰	اذا سأل احدكم فليكثر فانما يسأل ربه	(حب)	جب ایک تمہارا سوال کرے تو بہت سا مانگے کیونکہ وہ اپنے رب سے مانگتا ہے۔
۴۴۱	اذا سألت فلا تمنع واذا اعطيت فلا تخبأ	(طك)	جب تجھسے سوال کیا جائے تو منع مت کر جب تجھکو دیا جائے تو مت چھپا
۴۴۲	اذا سجد العبد طهر سجوده ما تحت جبهته	(ط)	جب بندہ سجدہ کرتا ہے ماتھے کے نیچے کے گناہ سجدہ پاک کر دیتا ہے۔
۴۴۳	اذا سرق السارق فى الخامسة فاقتلوه	(فر)	جب چور پانچویں دفعہ چوری کرے اُسے قتل کر دو۔
۴۴۴	اذا سجدت فمكن جبهتك ولا تنقر نقر الديك	(د)	جب تو سجدہ کرے تو ماتھے کو ٹکا دیا کر مرغ کیطرح چونچ نہ مارا کر۔
۴۴۵	اذا سلم المسلم على المسلم ردت عليه الملائكة	(فر)	جب مسلمان دوسرے مسلمان کو سلام کہتا ہے تو فرشتے اسکا جواب دیتے ہیں
۴۴۶	اذا سلمت من الصلاة فاقرأ المعوذتين	(ط)	جب سلام پھیر کر نماز سے فارغ ہو جائے تو معوذتین (قرآن کی آخری دو سورتیں) پڑھ لیا کر

اذا سمعتم الرجل يجهر بالقرأة بنهار فارجموه بالبعر	(فر)	جب تم کسی شخص کو دن کی نماز میں با آواز پڑھتے سنو تو اسکو مینگنیوں سے مارو	۴۴۷
اذا سمعتم المؤذن فقولوا مثل ما يقول	(ق)	جب مؤذن کی آذان سنو تو تم بھی اسکی طرح کہا کرو۔	۴۴۸
اذا سمعتم بقوم خسفا فقد اظلت الساعة	(ق)	جب تم کسی قوم کا زمین میں دھس جانا سنو۔ پس قیامت آپہنچی	۴۴۹
اذا سميتم فعبدوا	(حم)	جب تم نام رکھو تو (اول لفظ) عبد لگاؤ یعنے عبداللہ یا عبدالرحمن وغیرہ	۴۵۰
اذا سميتم على الذبيحة فكبروا	(العق)	جب تم کسی ذبیحہ پر اللہ کا نام لینے لگو تو تکبیر پڑھو	۴۵۱
اذا شرب احدكم فلا يشرب بنفس واحد	(ك)	جب ایک تمہارا پانی پئے تو ایک سانس سے نہ پئے	۴۵۲
اذا شك احدكم في الامر فليسألني عنه	(ط)	جب ایک تمہارے کو شک پیدا ہو تو اسکی بابت وہ مجھسے پوچھے	۴۵۳
اذا تشاكلتم في الطريق فاجعلوه سبعة اذرع	(ع)	جب تمکو مقدار راستے میں شک ہوجائے تو سات ہاتھ راستہ چھوڑو	۴۵۴
اذا صلى احدكم فليأتزر وليرتد	(ط)	جب ایک تمہارا نماز پڑھے تو آزار باندھے اور چادر اوڑھے	۴۵۵
اذا صلى احدكم فليجعل نعليه بين رجليه	(د)	جب ایک تمہارا نماز پڑھے تو اپنی جوتی دونوں پانوں کے درمیان رکھے	۴۵۶
اذا صلى الامير جالسا فصلوا جلوسا	(ش)	جب امام امیر بیٹھکر نماز پڑھے تو تم بھی بیٹھکر پڑھو (یہ بالاتفاق محدثین منسوخ ہے)	۴۵۷
اذا صليتم الفجر فلا تناموا عن طلب ارزاقكم	(ط)	جب تم صبح کی نماز پڑھ لو تو روزی کی طلب سے (غافل ہوکر) سو نہ جایا کرو	۴۵۸
اذا صليتم على الجنازة فاقرؤا بفاتحة الكتاب	(ط)	جب تم نماز جنازہ پڑھو تو سورہ فاتحہ پڑھ لیا کرو۔	۴۵۹
اذا ضحى احدكم فليأكل من اضحيته	(حم)	جب ایک تمہارا قربانی کرے تو اپنی قربانی سے کھالیا کرے	۴۶۰
اذا ضرب احدكم فليتق الوجه	(د)	جب ایک تمہارا کسیکو مارے تو اسکے منہ کو بچائے	۴۶۱
اذا طبختم القدر فاكثروا من الماء واغرفوا للجيران	(فر)	جب تم ہانڈی پکاؤ پانی زیادہ ڈال دیا کرو اور پڑوسیوں کو چمچے بھر کر دیا کرو۔	۴۶۲
ان الله لا ينظر الى المسبل يوم القيامة	(حم)	اللہ ازار لٹکانیوالے کو قیامت کے دن نظر رحم سے نہ دیکھیگا	۱۵۱۸

۱۵۱۹	ان الله لا يهتك ستر عبد فيه ذرة من خير	(فر)	اللہ اس شخص کا پردہ چاک نہیں کرتا جسمیں ایک ذرہ بھی نیکی ہو
۱۵۲۰	ان الله ليعز الدين بالرجل الفاجر	(ط)	اللہ دین کو فاجر شخص کی بدولت بھی عزت دیتا ہے
۱۵۲۱	ان الله ليستحيي ان يعذب الشيخ الكبير	(شیرازی)	اللہ کو حیا آتی ہے کہ بہت بوڑھے آدمی کو عذاب دے
۱۵۲۲	ان الله ليغفر لعبده ما لم يقع الحجاب	(حم)	اللہ اپنے بندے کو تب تک بخشتا ہے جبتک حجاب موت واقع ہو
۱۵۲۳	ان الله ليملي للظالم حتى اذا اخذه لم يفلته	(م)	اللہ ظالم کو مہلت دیتا ہے۔ یہانتک کہ جب اسکو پکڑتا ہے پھر چھوڑتا نہیں
۱۵۲۴	ان الله مع القاضي ما لم يحف عمدا	(ط)	اللہ قاضی کے ساتھ ہے جبتک وہ عمداً ظلم نہ کرے
۱۵۲۵	ان الله لينزل لاهل الجنة يوم الجمعة في رمال من كافور	(فر)	اللہ اہل جنت کے لئے جمعہ کے روز کافور کی چٹائی پر نازل ہوتا ہے
۱۵۲۶	ان الله هو الحكم واليه الحكم	(د)	اللہ فیصلہ کرنیوالا ہے اور اسی کی طرف فیصلہ پیش کیا گیا ہے
۱۵۲۷	ان الله وضع الحق على لسان عمر يقول به	(ط)	اللہ نے عمر کی زبان پر حق رکھا ہے اُسی کو عمر کہتا ہے
۱۵۲۸	ان الله وضع عن المسافر شطر الصلاة	(حم)	اللہ نے مسافر سے آدھی نماز معاف کی ہے
۱۵۲۹	ان الله وعدني باسلام ابي الدرداء	(د)	اللہ نے مجھسے ابی الدرداء کے اسلام کا وعدہ کیا ہے
۱۵۳۰	ان الله وملائكته يصلون على الصفوف المقدمة	(ن)	اللہ اور اُسکے فرشتے اگلی صفوں پر رحمت بھیجتے ہیں
۱۵۳۱	ان الله وهب لامتي ليلة القدر	(فر)	اللہ نے میری امت کے لئے لیلۃ القدر بخشی ہے
۱۵۳۲	ان الله لا يحب الفاحش المتفحش ولا الصياح في الاسواق	(خ)	اللہ فحش گو آدمی سے پیار نہیں کرتا اور نہ بازاروں میں چیخنے والوں کو پسند کرتا ہے
۱۵۳۳	ان الله لا يحب كل فاحش متفحش	(حم)	اللہ ہر فحش گو اور فحش گوئی کے عادتمند کو پسند نہیں کرتا
۱۵۳۴	ان الله لا يستحيي من الحق لا تأتوا النساء في ادبارهن	(دارمی)	اللہ حق بیان کرنے سے نہیں رکتا عورتوں سے دُبر کیطرف سے جماع مت کرو
۱۵۳۵	ان الله لا يعذب العامة بعمل الخاصة	(حم)	اللہ عام لوگوں کو خاص لوگوں کے عمل کی وجہ سے عذاب نہیں دیتا
۱۵۳۶	ان الله لا يعذب حسان الوجوه كحل العيون	(فر)	اللہ خوبصورتوں اور سرگیں آنکھوں والوں کو عذاب نہیں دیتا
۱۵۳۷	ان الله لا يغلب ولا يخلب ولا ينبأ بما لا يعلم	(ط)	اللہ نہ غلبہ کیا جاتا نہ نقصان پہونچایا جاتا ہے اور نہ خبر پوچھتا ہے جو وہ نہیں جانتا
۱۵۳۸	ان الله لا يقبل عمل عبد حتى يرضى قوله	(ض)	اللہ کسیکا عمل قبول نہیں کرتا جبتک اسکا قول قبول نہ کرلے
۱۵۳۹	ان الله لا يقبل من العمل الا ما خلص له	(ط)	اللہ کوئی عمل قبول نہیں کرتا مگر جو خاص اُسی کے لئے کیا جائے
۱۵۴۰	ان الله لا يقبل ما شورك فيه	(واحدی)	اللہ اس عمل کو قبول نہیں کرتا جس میں شرک کیا جائے
۱۵۴۱	ان الله لا يمل حتى تملوا	(بز)	اللہ نہیں تھکتا جبتک تم نہ تھکو

ان الله لاینظر الی مسبل ازاره	(حم)	الله تعالیٰ ازار لٹکانے والے کو نظرِ (رحمت) سے نہیں دیکھتا	۱۵۴۲
ان الله لاینظر الی من یخضب بالسواد یوم القیامة	(سع)	الله قیامت کے دن سیاہ رنگ سے رنگنے والے کی طرف نظرِ رحمت سے نہ دیکھیگا (خضاب مراد ہے)	۱۵۴۳
ان الله لایؤاخذ المزاح الصادق فی مزاحه	(فر)	الله سچا مزاح کرنیوالے کو اُسکے مزاح کی وجہ سے نہیں پکڑتا	۱۵۴۴
ان الله یؤید هذا الدین بالرجل الفاجر	(خ)	الله اس دین کو فاجر شخص سے (بھی) مدد دیتا ہے	۱۵۴۵
ان الله یباهی الملائکة بمن قل مطعمه فی الدنیا	(عد)	الله فرشتوں پر اُس آدمی کی وجہ سے فخر کرتا ہے جسکا کھانا دنیا میں کم ہو	۱۵۴۶
ان الله یباهی بالشاب العابد الملائکة	(فر)	الله فرشتوں پر بسبب جوان عابد کے فخر کرتا ہے	۱۵۴۷
ان الله یبتلی عبده بالسقم حتی یکفر عنه کل ذنب	(ط)	الله اپنے بندے کو بیماری کے ساتھ آزماتا ہے تاکہ اُسکے گناہ دور کرے	۱۵۴۸
ان الله یبغض الطلاق ویحب العتاق	(فر)	الله طلاق کو بُرا جانتا ہے اور عتاق (غلام آزاد کرنے) کو پسند کرتا ہے	۱۵۴۹
ان الله یبغض الوسخ والشعث	(فر)	الله میل اور بکھرے ہوئے بالوں کو بُرا جانتا ہے	۱۵۵۰
ان الله یبغض الفاحش الصیاح فی الاسواق	(حم)	الله فحش کرنیوالے اور بازاروں میں چیخنے والے کو بُرا جانتا ہے	۱۵۵۱
ان الله یبغض الشاب الفارغ	(نخ)	الله جوان فارغ (بیکار) کو بُرا جانتا ہے	۱۵۵۲
ان الله یبغض الآکل فوق شبعه	(فر)	الله بھوک سے زیادہ کھانیوالے کو بُرا جانتا ہے	۱۵۵۳
ان الله یبغض الشیخ الغربیب	(فر)	الله بوڑھے سیاہ کو بُرا جانتا ہے (غربیب سیاہ غراب)	۱۵۵۴
ان الله یبغض الرجل یدخل علیه الرجل فی بیته فلا یقاتله	(فر)	الله اس آدمی کو بُرا جانتا ہے جسکے گھر میں کوئی (غیر) جائے اور وہ اُس سے نہ لڑے	۱۵۵۵
ان الله یبغض کل عفریت نفریت	(فر)	الله ہر ایک سرکش نفرت کرنیوالے کو بُرا جانتا ہے	۱۵۵۶
ان الله یحب کل طیب الریح جید الثیاب	(فر)	الله ہر ایک خوشبودار نئے کپڑوں والے کو پسند کرتا ہے	۱۵۵۷
ان الله یحب ابناء الثمانین	(کر)	الله اسّی سال عمر والوں کو پسند کرتا ہے	۱۵۵۸
ان الله یحب ان یحمد	(ط)	الله اسبات کو پسند کرتا ہے کہ اسکی حمد کی جائے	۱۵۵۹
ان الله یحب معالی الاخلاق ویکره سفسافها	(حب)	الله اعلیٰ اخلاق کو پسند کرتا اور رذیل اخلاق کو مکروہ جانتا ہے	۱۵۶۰
ان الله یحب الملحین فی الدعاء	(عد)	الله انکو پسند کرتا ہے جو دعا میں عاجزی کرتے ہیں	۱۵۶۱
ان الله یحب ان تعدلوا بین اولادکم	(ط)	الله یہ پسند کرتا ہے کہ تم اپنی اولاد میں مساوات برتو	۱۵۶۲
ان الله یحب العبد المؤمن المحترف	(عد)	الله بندے مومن کمانیوالے (صاحب حرفت) کو پسند کرتا ہے	۱۵۶۳
ان الله یحب السهل الطلیق	(هق)	الله نرم آواز والے کو پسند کرتا ہے	۱۵۶۴

۱۵۶۵	ان الله يحب ان يرى العبد محترفا	(ط)	اللہ پسند کرتا ہے کہ بندے کو کماتا ہوا دیکھے
۱۵۶۶	ان الله يحب الرقيق الصوت	(فر)	اللہ نرم آواز والے کو پسند کرتا ہے
۱۵۶۷	ان الله يحب العطاس ويكره التثاوب	(ق)	اللہ چھینک کو پسند کرتا ہے اور اُباسی کو مکروہ جانتا ہے
۱۵۶۸	ان الله يحب المتخللين والمتخللات	(فر)	اللہ خلال کرنیوالے مردوں اور عورتوں کو پسند کرتا ہے
۱۵۶۹	ان الله يحب كل قلب حزين	(ط)	اللہ ہر ایک غمگین دل کو پسند کرتا ہے
۱۵۷۰	ان الله يؤيد هذا الدين باقوام لاخلاق لهم	(ط)	اللہ اس دین کو ایسے لوگوں سے قوت دیتا ہے جنکا اسمیں کوئی حصہ نہیں
۱۵۷۱	ان الله يباهي بعلي كل يوم وليلة الملائكة	(فر)	اللہ علیؓ کی وجہ سے فرشتوں پر ہر روز فخر کرتا ہے
۱۵۷۲	ان الله يباهي بالطائفين	(نع)	اللہ طواف کرنیوالوں کی وجہ سے فخر کرتا ہے
۱۵۷۳	ان الله يبعث الركن الاسود وله عينان	(حم)	اللہ حجر اسود کو اٹھائیگا اور اسکی دو آنکھیں ہوں گی
۱۵۷۴	ان الله يبغض المعبس في وجوه اخوانه	(فر)	اللہ اس شخص کو ناپسند کرتا ہے جو اپنے بھائیوں کے سامنے ترش روئی کرے
۱۵۷۵	ان الله يبغض الفاحش البذى	(فر)	اللہ فحش گالیاں بکنے والے کو بُرا جانتا ہے
۱۵۷۶	ان الله يبغض القارى السمين	(ابو الليث)	اللہ اُس قاری کو ناپسند کرتا ہے جو موٹا ہو اشاید حلال حرام میں تمیز نہ کرنیوالا مراد ہے
۱۵۷۷	ان الله يبغض كل جعظرى صخاب	(فر)	اللہ ہر ایک جعظری چیخنے والے کو ناپسند کرتا ہے
۱۵۷۸	ان الله يبغض السائل الملحف	(فر)	اللہ لپٹنے والے سائل کو بُرا جانتا ہے (جو سائل پیچھا کرے)
۱۵۷۹	ان الله ليبغض البخيل في حياته السخي عند موته	(خط)	اللہ اُسے ناپسند کرتا ہے جو زندگی میں بخیل اور مرتے وقت سخی ہو جائے
۱۵۸۰	ان الله يبغض صوت الخلخال	(فر)	اللہ پازیب کی آواز کو بُرا جانتا ہے
۱۵۸۱	ان الله يبغض كل عالم بالدنيا جاهل بالآخرة	(فر)	اللہ ہر ایسے شخص بُرا جانتا ہے جو دنیا کا عالم اور آخرت کا جاہل ہو
۱۵۸۲	ان الله يتعاهد عبده بالبلاء	(ابو)	اللہ اپنے بندے کی بلا سے حفاظت کرتا ہے
۱۵۸۳	ان الله يحب الرفق في الامر كله	(خ)	اللہ ہر ایک کام میں نرمی کو پسند کرتا ہے
۱۵۸۴	ان الله يحب العبد التقي الغني الخفي الضعيف	(حم)	اللہ پرہیزگار بے پرواہ گمنام ضعیف بندے کو پسند کرتا ہے
۱۵۸۵	ان الله يحب اغاثة اللهفان	(ط)	اللہ مصیبت زدہ کی فریاد رسی کو پسند کرتا ہے
۱۵۸۶	ان الله يحب من يحب التمر	(ط)	اللہ اس کو جو کھجور کو پسند کرتا ہے پسند کرتا ہے
۱۵۸۷	ان الله يحب العبد المؤمن المفتن التواب	(حم)	اللہ ہر مومن فتنہ رسیدہ توبہ کرنیوالے کو پسند کرتا ہے

ان الله يحب القلب الحزين	(كر)	اللہ غمگین دل کو پسند کرتا ہے	۱۵۸۸
ان الله يحب الحيي المتعفف	(هق)	اللہ حیادار پاک دامن کو پسند کرتا ہے	۱۵۸۹
ان الله يحب المحامد	(طـ)	اللہ حمد کرنیوالے کو پسند کرتا ہے	۱۵۹۰
ان الله يحب ان يعفى عن ذنب السرى	(لك)	اللہ غلام کے گناہ معاف کرنیوالے کو پسند کرتا ہے	۱۵۹۱
ان الله يحب الامراء اذا خالطوا العلماء	(فر)	اللہ ان امیروں کو پسند کرتا ہے جو علما سے میل جول رکھیں	۱۵۹۲
ان الله يحب المداومة على الاخاء القديم	(فر)	اللہ قدیمی برادری پر مداومت کرنیوالے کو پسند کرتا ہے	۱۵۹۳
ان الله يحب الناسك النظيف	(خط)	اللہ پاکیزہ عبادت کرنیوالے کو پسند کرتا ہے	۱۵۹۴
ان الله يحب ان يؤخذ برخصه كما يحب ان يؤخذ بفرائضه	(ش)	اللہ پسند کرتا ہے کہ اسکی رخصت پر عمل کیا جائے جیسا کہ اسکے فرائض پر کیا جاتا ہے	۱۵۹۵
ان الله يحب سمح البيع سمح الشراء سمح القضاء سمح الاقتضاء	(ت)	اللہ آسانی سے بیچ آسانی سے خریدنے آسانی سے ادا کرنے اور آسانی سے تقاضا کرنیوالے کو پسند کرتا ہے	۱۵۹۶
ان الله يحب ان يقرأ القرآن كما انزل	(السجزی)	اللہ پسند کرتا ہے کہ قرآن ایسا پڑھا جائے جیسا کہ اتارا گیا	۱۵۹۷
ان الله يحب اذا عمل العبد عملا ان يحكمه	(بجا)	اللہ پسند کرتا ہے کہ بندہ اپنے عمل کو محکم کرے	۱۵۹۸
ان الله يحب ابا البنات الصابر المحتسب	(ابو)	اللہ بیٹیوں کے صابر طالب ثواب باپ کو پسند کرتا ہے	۱۵۹۹
ان الله يحب المرأة الملقة البزعة مع زوجها	(فر)	اللہ تعالیٰ اس عورت کو پسند کرتا ہے جو اپنے شوہر کیساتھ چاپلوسی و طلب گری کرنے والی ہو	۱۶۰۰
ان الله يحمد على الكيس ويلوم على العجز	(حم)	اللہ زیرکی و ہوشیاری پر تعریف کرتا اور نادانی پر ملامت کرتا ہے	۱۶۰۱
ان الله يزيد الكافر عذابا ببكاء اهله عليه	(ن)	اللہ کافر کا عذاب اسکے اہل کے اسپر گریہ کرنے سے زیادہ کرتا ہے	۱۶۰۲
ان الله يسمع الى قراءة لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	(نخ)	اللہ لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا کی قرأت کو سنتا ہے	۱۶۰۳
ان الله يعافي الاميين يوم القيامة ما لا يعافي العلماء	(حل)	اللہ قیامت کے دن علما سے زیادہ ناخواندوں کو معاف کریگا	۱۶۰۴
ان الله يعذب الذين يعذبون الناس	(حم)	اللہ ان لوگوں کو عذاب دیگا جو لوگوں کو عذاب دیتے ہیں	۱۶۰۵
ان الله يعطي عبده المؤمن بالحسنة الف الف حسنة	(حم)	اللہ مومن بندے کو ایک نیکی کے بدلے دس لاکھ نیکیاں دیگا	۱۶۰۶
ان الله يغار والمؤمن يغار	(ق)	اللہ غیرت والا ہے اور مومن غیرت والا ہے	۱۶۰۷
ان الله يغضب لغضبك ويرضى لرضاك قاله لعلي	(ع)	اللہ تیرے غصہ سے غصہ ہوتا اور خوشی سے خوش (حضرت علیؓ کے حق میں)	۱۶۰۸
ان الله يقبض ارواح شهداء البحر بيده	(طب)	اللہ شہداء دریا کی ارواح کو اپنے ہاتھ سے قبض کرتا ہے	۱۶۰۹
ان الله يقبل توبة العبد قبل ان يموت بيوم	(حم)	اللہ بندے کی توبہ اسکی موت سے ایک روز پہلے قبول کرلیتا ہے	۱۶۱۰

۱۶۱۱	ان اللہ یقبل توبۃ العبد قبل ان یموت بضحوۃ	(حم)	اللہ اپنے بندے کی توبہ موت سے پہلے بمقدار وقت چاشت تک پہلے قبول کرتا ہے
۱۶۱۲	ان اللہ یکرہ اذی المؤمن	(ابن المبارک)	اللہ مومن کی تکلیف کو برا جانتا ہے
۱۶۱۳	ان اللہ یکرہ فی السماء ان یخطأ ابوبکر فی الارض	(الحرث)	اللہ آسمان پر یہ بات مکروہ جانتا ہے کہ ابوبکر زمین میں خطا کرے
۱۶۱۴	ان اللہ ینہاکم ان تحلفوا بآبائکم	(حم)	اللہ تمکو اپنے باپوں کی قسمیں کھانے سے منع کرتا ہے
۱۶۱۵	ان اللہ ینزل الرزق علی قدر المؤنۃ	(ل)	اللہ رزق بمقدار مشقت کے نازل کرتا ہے
۱۶۱۶	ان اللہ ینزل لاہل الجنۃ یوم الجمعۃ رمالا من کافور	(ض)	اللہ جمعہ کے روز اہل جنت کیلئے ایک کافور کی چٹائی میں اتریگے
۱۶۱۷	ان اللہ یؤید ہذا الدین بقوم لاخلاق لہم	(ط)	اللہ اس دین کو ان لوگوں سے تقویت دیتا ہے جنکا اسمیں کچھ حصہ نہیں
۱۶۱۸	ان اللہ یوصیکم بالاقرب فالاقرب	(ق)	اللہ تمکو بہت قریبی کے حق میں وصیت کرتا ہے
۱۶۱۹	ان الارض لتعج الی اللہ من الذین یلبسون الصوف ریاء	(فر)	اللہ کے سامنے زمین ان لوگوں سے چلاتی ہے جو ریا سے صوف پہنتے ہیں
۱۶۲۰	ان اللہ یحب ان تؤتی رخصہ کما یحب ان تؤتی عزائمہ	(حب)	اللہ پسند کرتا ہے کہ تو اسکی رخصت پر عمل کرے جیسا اسکے فرائض پر کرتا ہے
۱۶۲۱	ان اللہ یحب ان یری اثر نعمتہ علی عبدہ	(ت)	اللہ پسند کرتا ہے کہ اپنی نعمت کا اثر اپنے بندے پر دیکھے
۱۶۲۲	ان اللہ یحب المؤمن اذا کان فقیرا متعففا	(ط)	اللہ مومن شخص کو پسند کرتا ہے جبکہ فقیر پاک دامن ہو
۱۶۲۳	ان اللہ یحب اذا عمل احدکم عملا ان یتقنہ	(ہق)	اللہ پسند کرتا ہے کہ جب تم کوئی کام کرو تو محکم کرو
۱۶۲۴	ان اللہ یحب ان یری عبدہ تعبا فی طلب الحلال	(فر)	اللہ اپنے بندے کو طلب حلال میں تھکا ہوا پسند کرتا ہے
۱۶۲۵	ان اللہ یحب المتبذل الذی لا یبالی ما لبس	(ہق)	اللہ پرانی پوشاک پہننے والے کو جو کسی لباس سے نفرت نہ کرے پسند کرتا ہے
۱۶۲۶	ان اللہ یرفع بہذا الکتاب اقواما ویضع آخرین	(حم)	اللہ اس کتاب کی وجہ سے ایک قوم کو بلند کرتا ہے اور دوسری کو ذلیل
۱۶۲۷	ان اللہ یسأل العبد عن فضل علمہ	(ط)	اللہ بندے سے اسکے اچھے عمل دریافت کرتا ہے
۱۶۲۸	ان اللہ یستجیب للمظلومین	(فر)	اللہ مظلوموں کی بات قبول کرتا ہے
۱۶۲۹	ان اللہ یعذب المصورین بما صوروا	(خط)	اللہ مصوروں کو تصویر کشی کے سبب عذاب دیگا
۱۶۳۰	ان اللہ یعطی الدنیا علی نیۃ الآخرۃ	(فر)	اللہ دنیا آخرت کی نیت سے دیتا ہے (تاکہ آخرت کیلئے عمل کرے)
۱۶۳۱	ان اللہ بالحسنۃ الفی الف حسنۃ	(ش)	اللہ ایک نیکی کے عوض دس لاکھ ثواب دیتا ہے
۱۶۳۲	ان اللہ یغار للمسلم فلیغر	(ط)	اللہ مسلمان کے لئے غیرت کرتا ہے پس اسکو بھی غیرت کرنی چاہیئے
۱۶۳۳	ان اللہ یغضب اذا مدح الفاسق فی الارض	(ہق)	اللہ غضب میں آتا ہے جب زمین میں فاسق کی تعریف کی جائے

ان الله یقبل علی العبد مالم یلتفت	(ن)	الله بندے کیطرف متوجہ رہتا ہے جبتک وہ غیر کا خیال نہیں کرتا	۱۶۳۴
ان الله یقبل توبة العبد مالم یغرغر	(حم)	الله بندے کی توبہ جانکنی کے غرغرہ سے پہلے تک قبول کرتا ہے	۱۶۳۵
ان الله یقبل توبة العبد مالم یغرغر بنفسه	(حم)	الله بندے کی توبہ جان کنی سے پہلے تک قبول کرتا ہے	۱۶۳۶
ان الله یکره فوق سمائه ان یخطأ ابوبکر	(ط)	الله آسمان پر مکروہ جانتا ہے کہ ابوبکر زمین میں خطا کرے	۱۶۳۷
ان الله یکره رفع الصوت بالتثاؤب والعطاس	(سن فی)	الله چھینک اور جماہی کے وقت بلند آواز کو مکروہ جانتا ہے	۱۶۳۸
ان الله ینهاکم ان تأتوا النساء فی ادبارهن	(ط)	الله تمہیں عورتوں کے دُبر میں جماع کرنے سے منع کرتا ہے	۱۶۳۹
ان الله ینزل الصبر علی قدر البلاء	(ل)	الله صبر بقدر بلاء (مصیبت) کے نازل کرتا ہے	۱۶۴۰
ان الله ینظر الی عباده یوم عرفة	(فر)	الله اپنے بندوں پر عرفہ کے دن نظر کرتا ہے	۱۶۴۱
ان الله یوصیکم بالنساء خیرا	(حم)	الله تمکو عورتوں سے نیکی کرنیکا حکم فرماتا ہے (یعنے حسن سلوک کرنا)	۱۶۴۲
ان الارض لتستغفر للمصلی بالسراویل	(فر)	زمین پاجاموں سے نماز پڑھنے والے نمازیوں کے لئے بخشش مانگتی ہے	۱۶۴۳
ان الارض لتنجس من بول الاقلف اربعین یوما	(فر)	زمین غیر مختون کے پیشاب سے چالیس روز ناپاک رہتی ہے	۱۶۴۴
ان الارض لا ینجسها شیٔ - قاله فی دخول المشرک المسجد	(عب)	زمین کو کوئی چیز پلید نہیں کرتی (مشرکین کے دخول مسجد کے دریافت پر فرمایا)	۱۶۴۵
ان الاسلام لا یحل لکم العاریة مؤداة	(هق)	اسلام تمہارے لئے جمع نہیں کرتا۔ غیر سے مانگی ہوئی چیز واپس کردو	۱۶۴۶
ان الامیر اذا ابتغی الریبة فی الناس افسدهم او کاد	(حم)	امیر جب شک کے درپے ہو تو لوگوں کو فاسد کردیگا یا قریب فساد پہنچا دیگا	۱۶۴۷
ان الایمان منفقة للسلع ممحقة للمال	(عب)	جھوٹی قسم سامان کو بیع میں خرچ کرنیوالی اور برکت مٹانے والی ہے	۱۶۴۸
ان البیت الذی فیه الصور لا تدخله الملائکة	(ق)	جس گھر میں تصویریں ہوں اس میں فرشتے نہیں داخل ہوتے	۱۶۴۹
ان الجعل یعذب فی جحره بذنب ابن آدم	(ك)	جعل کیڑا (گبریلا) انسان کے گناہ کے سبب اپنے سوراخ میں عذاب دیا جاتا ہے	۱۶۵۰
ان الجنة لا تحل لعاص	(حم)	جنت گناہگار کے لئے حلال نہیں ہے	۱۶۵۱
ان الحسن والحسین سیدا شباب اهل الجنة	(حم)	حسن اور حسین اہل جنت کے جوانوں کے سردار ہیں	۱۶۵۲
ان الحیاء من شرائع الاسلام وان البذاء من لؤم المرء	(ط)	حیا احکام اسلام سے ہے اور بدگوئی انسان کی نحوست ہے	۱۶۵۳
ان الحیاء والایمان فی قرن فاذا سلب احدهما تبعه الآخر	(هق)	حیا اور ایمان دونوں ساتھی ہیں جب ایک چھن جائے تو دوسرا بھی اسکا ساتھ دیتا ہے	۱۶۵۴
ان الدباغ یحل من المیتة کما یحل الخل من الخمر	(فر)	دباغت مردار کو ایسا ہی حلال کرتی ہے جیسا سرکہ شراب کو	۱۶۵۵
ان الرجل اذا سقی امرأته الماء اجر	(حم)	جب کوئی اپنی عورت کو پانی پلاتا ہے تو اجر دیا جاتا ہے	۱۶۵۶

۱۶۵۷	ان الرجل ذا رضي هدي الرجل وعمله فهو مثله	(ط)	جب کسی نے راضی ہو کر کسیکو ہدایت کی اور اُسکے عمل کو درست کیا تو وہ اُس جیسا ہوگا
۱۶۵۸	ان الرجل ليدرك بالحلم درجة الصائم	(ط)	صاحب حلم اپنے حلم کے باعث روزہ دار کا درجہ پاتا ہے
۱۶۵۹	ان الرزق ليطلب العبد كما يطلبه اجله	(ط)	رزق انسان کو ایسا ہی طلب کرتا ہے جیسی اُسے موت طلب کرتی ہے
۱۶۶۰	ان الرقى والتمائم والتولة شرك	(حم)	دم کرنا اور تعویذ لٹکانا اور سحر کرنا شرک ہے
۱۶۶۱	ان الروح اذا قبض تبعه البصر	(حم)	جب روح قبض کی جاتی ہے تو نظر اُسکا ساتھ دیتی ہے۔
۱۶۶۲	ان الزناة يأتون تشتعل وجوههم نارا	(ط)	زناکار قیامت کو آئینگے تو اُنکے منہ آگ کے شعلے مارتے ہونگے
۱۶۶۳	ان السحور بركة اعطاكموها الله فلا تدعوها	(حم)	سحری کھانا برکت ہے یہ خدا نے تمہیں عطا کی ہے اُسے مت چھوڑو
۱۶۶۴	ان السلام اسم من اسماء الله فافشوه بينكم	(عق)	اسلام اللہ کے ناموں سے ایک نام ہے اس سلامتی کو اپنے درمیان پھیلاؤ
۱۶۶۵	ان الشاهد يرى ما لا يرى الغائب	(عد)	حاضر جو کچھ دیکھتا ہے وہ غائب نہیں دیکھتا
۱۶۶۶	ان الشمس تطلع بين قرني شيطان	(خ)	آفتاب شیطان کے دو سینگوں کے درمیان سے طلوع کرتا ہے
۱۶۶۷	ان الشهر لا يكمل ثلاثين ليلة	(ط)	ہر ایک قمری مہینہ تیس دن رات کا پورا نہیں ہوتا
۱۶۶۸	ان الشيطان يجري من ابن آدم مجرى الدم	(حم)	شیطان انسان خون کے ساتھ جاری (چلتا) رہتا ہے
۱۶۶۹	ان الصائم اذا اكل عنده صلت عليه الملائكة	(حب)	جسکے پاس روزہ دار کھانا کھائے فرشتے اسپر صلوٰۃ بھیجتے ہیں
۱۶۷۰	ان الاسلام يجب ما قبله	(ط)	اسلام پہلے گناہوں کو کاٹ دیتا ہے
۱۶۷۱	ان الاسلام بدأ غريبا وسيعود كما بدأ فطوبى للغرباء	(م)	اسلام کی ابتدا غربت سے ہوئی اور وہ جلد ہی غریب ہو جائیگا پس خوشی ہو غریبوں کو
۱۶۷۲	ان الامة قد القت فروة رأسها	(ش)	کنیزک کو اسکے سر کے جوش نے گرا دیا
۱۶۷۳	ان الايمان ليأرز الى المدينة كما تأرز الحية الى جحرها	(ق)	ایمان مدینہ کیطرف ایسا سمٹیگا جیسے سانپ اپنے سوراخ کیطرف سمٹتا ہے
۱۶۷۴	ان الجذعة تجزي مما تجزي منه الثنية	(ق)	ششماہی دُنبہ اُس کام میں جائز ہے جسمیں سال کا بکرا جائز ہے
۱۶۷۵	ان الجماء لتقتص من القرناء يوم القيامة	(حم)	بغیر سینگ کا بکرا بکری بروز قیامت سینگ والے سے بدلہ لیگا
۱۶۷۶	ان الحسن والحسين هما ريحانتاي من الدنيا	(ت)	حسن اور حسین دونوں دنیا میں سے میرے دو پھول ہیں
۱۶۷۷	ان الحصاة لتناشد الذي يخرجها من المسجد	(د)	کنکری اُس شخص سوال کریگی جس نے اسکو مسجد سے نکالا
۱۶۷۸	ان الحياء لا يأتي الا بخير	(خ)	حیا سے خیر کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا
۱۶۷۹	ان الدال على الخير كفاعله	(ت)	خیر بتانیوالا خیر کرنیوالے جیسا ہے

ان الربا وان كثر فان عاقبته تصير الى قل	(حم)	سود کا مال اگر زیادہ بھی ہو۔ آخر کمی کیطرف لوٹتا ہے	۱۶۸۰
ان الرجل اذا نزع ثمرة من الجنة عادت مكانها	(ط)	جب کوئی جنت کا ایک پھل توڑیگا تو اسکی بجائے دوسرا لوٹ آئیگا	۱۶۸۱
ان الرجل مع راحلته حيث كان	(عق)	کوئی شخص جہاں بھی ہوگا اپنے راحلہ (سواری) کے ساتھ رہیگا	۱۶۸۲
ان الرحمة لا تنزل على قوم فيهم قاطع رحم	(ط)	رحمت اس قوم پر نازل نہیں ہوتی جنہیں قاطع رحم ہو	۱۶۸۳
ان الرزق ليطلب العبد اكثر مما يطلبه اجله	(حل)	رزق بندہ کو اسکی موت سے زیادہ طلب کرتا ہے	۱۶۸۴
ان الركعتين اللتين لا يقرأ فيهما خداج	(هق)	جن دو رکعتوں میں قرأت نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہیں	۱۶۸۵
ان الروح اذا عرج به يشخص البصر	(حك)	جب روح کو اوپر لیجایا جاتا ہے آنکھیں دیکھتی رہجاتی ہیں	۱۶۸۶
ان السالم من سلم الناس من يده ولسانه	(حم)	سلامتی والا وہ شخص ہے جسکے ہاتھ اور زبان سے لوگ سلامت ہیں	۱۶۸۷
ان السلف يجري مجرى شطر الصدقة	(حم)	قرض دینا صدقہ کی بجا ہوتا ہے	۱۶۸۸
ان السيد لا يكون بخيلا	(خ)	سردار بخیل نہیں ہوتا	۱۶۸۹
ان الشمس والقمر ثوران عقيران في النار	(ط)	سورج اور چاند دونوں ثور ہیں بانجھ آگ میں ہوں گے	۱۶۹۰
ان الشهر يكون تسعة عشرين يوما	(خ)	مہینہ ۲۹ روز کا بھی ہوتا ہے	۱۶۹۱
ان الشيطان ليفرق منك يا عمر	(فز)	اے عمر شیطان تجھسے ڈرتا ہے	۱۶۹۲
ان الشيطان ربما سبقكم بالحلم	(خ)	بسا اوقات شیطان تمسے علم میں بڑھ جاتا ہے	۱۶۹۳
ان الصيحة تمنع بعض الرزق	(نخ)	چیخنا چلانا بعض اوقات رزق کو منع کر دیتا ہے	۱۶۹۴
ان الصبر عند الصدمة الاولى	(ط)	پہلے صدمہ کے وقت صبر آجاتا ہے	۱۶۹۵
ان الصدقة تقع في يد الله	(عب)	صدقہ اللہ کے ہاتھ میں پڑتا ہے	۱۶۹۶
ان الصدقة لا تحل لنا	(شیر)	صدقہ ہمارے لئے حلال نہیں ہے	۱۶۹۷
ان الصدقة لا تحل لمحمد ولا لآل محمد	(خط)	صدقہ محمدؐ اور آل محمدؐ کے لئے حلال نہیں ہے	۱۶۹۸
ان الصدقة تطفئ غضب الرب وتدفع ميتة السوء	(خط)	صدقہ غضب خدا کو بجھاتا اور گناہ کی برائی کو دور کرتا ہے	۱۶۹۹
ان الظلم ظلمات يوم القيامة	(م)	ظلم قیامت کے دن بہت سی تاریکیاں ہوں گی	۱۷۰۰
ان العبد ليوجر في صدقته كلها الا في البناء	(ه)	ہر ایک صدقہ میں بندے کو اجر دیا جائیگا مگر عمارات بنانے میں نہیں	۱۷۰۱
ان العمل ليحبط سبعين سنة	(فر)	ایک عمل ستر سال کو ضائع کر دیتا ہے	۱۷۰۲

Converted by Tiff Combine - unregistered

۱۴۰۳	ان العلماء ورثة الانبياء	(ض)	علماء انبیاء کے ورثاء ہیں
۱۴۰۴	ان العيافة والطرق والطيرة من الجبت	(حم)	فال نکالنا اور بد فالی پکڑنا شیطانی عمل ہے
۱۴۰۵	ان الغضب يفسد الايمان كما يفسد الصبر العسل	(حك)	غصہ ایمان کو ایسا فاسد کر دیتا ہے جیسے ایلوا شہد کو
۱۴۰۶	ان الفخذ عورة	(ك)	ران شرمگاہ ہے (یعنے اسکا ڈھانکنا شرمگاہ کیطرح لازم ہے)
۱۴۰۷	ان الذي انزل الداء انزل الشفاء	(ك)	جس ذات نے بیماری نازل کی ہے اس نے شفا بھی نازل کی ہے
۱۴۰۸	ان الماء طهور لا ينجسه شيء	(حم)	پانی پاک ہے اسے کوئی چیز پلید نہیں کرتی
۱۴۰۹	ان الماء لا ينجسه شيء	(٤)	پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی
۱۴۱۰	ان القلوب بين اصبعين من اصابع الله يقلبها كيف شاء	(حم)	تمام دل اللہ کی دو انگلیوں کے درمیان ہیں جدہر چاہتا ہے انکو پھیرتا ہے
۱۴۱۱	ان الماء ليس عليه جنابة ولا ينجسه شيء	(حم)	پانی پر جنابت نہیں اور اسے کوئی چیز پلید نہیں کرتی
۱۴۱۲	ان المؤمن حلو يحب الحلاوة	(فر)	مومن میٹھا ہے اور میٹھے پن کو پسند کرتا ہے
۱۴۱۳	ان المتحابين في الله في ظل العرش	(ط)	محض اللہ کیلئے محبت کرنیوالے عرش کے سایہ کے نیچے ہوں گے
۱۴۱۴	ان المجالس ثلاثة سالم وغانم وشاحب	(حم)	مجلسیں تین قسم ہیں۔ سلامتی والی۔ فائدہ والی۔ ڈوبلا کرنیوالی
۱۴۱۵	ان المرء كثير باخيه وابن عمه	(سع)	ہر شخص اپنے بھائی اور چچازاد بھائی کے ساتھ زیادہ ہو جاتا ہے
۱۴۱۶	ان المسئلة لا تحل الا لذي دم موجع	(حم)	سوال حلال نہیں مگر دردناک خون والے کے لئے حلال ہے
۱۴۱۷	ان المسجد لينزوي من النخامة	(عن)	مسجد بلغم تھوکنے سے سمٹ جاتی ہے
۱۴۱۸	ان المظلومين هم المفلحون يوم القيامة	(فر شي)	قیامت کے روز مظلوم لوگ فلاح یافتہ ہوں گے
۱۴۱۹	ان الموت فزع فاذا رأيتم الجنازة فقوموا	(حم)	موت گھبراہٹ ہے جب جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جایا کرو
۱۴۲۰	ان الصبر الجميل الذي لا شكوى فيه	(طبري)	عمدہ صبر وہ ہے جسمیں شکایت نہ ہو
۱۴۲۱	ان الصدمة صداع في الرأس وحريق في البطن	(ش)	صدمہ سر کے لئے درد اور پیٹ کے لئے سوزش ہوتی ہے
۱۴۲۲	ان الصدقة لا تحل لنا وان مولى القوم منهم	(ت)	صدقہ ہمارے لئے حلال نہیں ہے آزاد غلام آزاد کرنیوالی قوم سے شمار ہوتا ہے
۱۴۲۳	ان الصفا الزلال الذي لا يثبت عليه اقدام العلماء الطمع	(حل)	طمع وہ پھسلانیوالا پتھر ہے کہ جسپر علماء کے پاؤں نہیں ٹھہرتے
۱۴۲۴	ان الصدقة لتقع في يد الله من قبل ان يأخذها السائل	(طب)	صدقہ سائل کے ہاتھ سے پہلے اللہ کے ہاتھ میں جا پڑتا ہے
۱۴۲۵	ان العباس مني وانا منه	(حم)	عباس مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں

ان العبد ليذنب الذنب فيدخل الجنة	(ابن المبارك)	بندہ کوئی ایسا گناہ بھی کرتا ہے جسکی وجہ سے جنت میں داخل ہو جاتا ہے	۱۴۲۶
ان العرش اهتزت اعواده لموت سعد	(ط)	عرش کی لکڑیاں سعد کی موت سے ہل گئیں	۱۴۲۷
ان العمرة لقرينة الحج	(خ)	عمرہ حج کا ساتھی ہے	۱۴۲۸
ان الغضب جمرة توقد في قلب ابن آدم	(حلك)	غصہ ایک چنگاری ہے جو انسان کے دل میں بھڑکتی ہے	۱۴۲۹
ان الغضب ميسم من نار جهنم على نياط قلب ابن آدم	(حلك)	غصہ جہنم کی آگ کا داغ ہے جو انسانی قلب کے لٹوں اور رگوں پر واقع ہے	۱۴۳۰
ان القبلة لاتنقض الوضوء ولاتفطر الصائم	(قط)	بوسہ لینا نہ وضو توڑتا ہے نہ روزہ	۱۴۳۱
ان الذين يصورون هذه الصور يعذبون يوم القيامة	(ق)	جو لوگ یہ تصویریں کھینچتے ہیں انہیں قیامت میں عذاب دیا جائیگا	۱۴۳۲
ان الماء لايجنب	(ش)	پانی کو جنابت عارض نہیں ہوتی	۱۴۳۳
ان القرآن نزل بحزن فاذا قرأتموه فتحازنوا	(ہ)	قرآن حالت غم میں نازل ہوا ہے لہذا تم جب قرآن پڑھو غمناک ہوا کرو	۱۴۳۴
ان القوم اذا صلوا في الجمع ليعجب بهم	(ط)	جب قوم جماعت سے نماز پڑھیں تو انہیں اپنی حالت پر خوش ہونا چاہئے	۱۴۳۵
ان المؤمن لاينجس	(حم)	مومن ناپاک نہیں ہوتا	۱۴۳۶
ان المؤذنين اطول اعناقا يوم القيامة	(ش)	اذان دینے والوں کی گردنیں قیامت کے روز دراز ہوں گی	۱۴۳۷
ان المتشدقين في النار	(ط)	مبالغہ کرنیوالے آگ میں ہوں گے	۱۴۳۸
ان المختلعات والمنتزعات هن المنافقات	(ط)	خلع لینے والیاں اور علیحدہ ہونیوالیاں منافق عورتیں ہیں	۱۴۳۹
ان المرأة لتأجر على القوم يعني تجير	(ت)	عورت اپنی قوم پر امان دے سکتی ہے	۱۴۴۰
ان المستشير معان والمستشار مؤتمن	(فر)	مشورہ طلب کی امداد کی گئی ہے جس سے مشورہ لیا گیا وہ امین ہے	۱۴۴۱
ان المسجد لايحل لجنب ولاحائض	(د)	مسجد جنبی شخص اور حیض والی عورت کے لئے حلال نہیں	۱۴۴۲
ان المعول عليه يعذب	(سع)	جس پر رویا جائے اسکو عذاب دیا جائیگا	۱۴۴۳
ان الملائكة لتصافح ركبان الحاج وتعتنق المشاة	(فر)	سوار حاجیوں سے فرشتے مصافحہ کرتے اور پیادوں سے گلے ملتے ہیں	۱۴۴۴
ان الملائكة لتضع اجنحتها للكهول من امتي	(فر)	میری امت کے بوڑھوں کے لئے فرشتے پر بچھاتے ہیں	۱۴۴۵
ان الملائكة لاتدخل بيتا فيه كلب	(ط)	جس گھر میں کتا ہو فرشتے داخل نہیں ہوتے	۱۴۴۶
ان الملائكة تبسط اجنحتها لطالب العلم رضا بما يصنع	(هق)	طالب علم کی پسندیدگی عمل کے سبب فرشتے پر بچھاتے ہیں	۱۴۴۷
ان الملائكة لاتنزل على قوم فيهم قاطع رحم	(ط)	اس قوم پر (رحمت) کے فرشتے نازل نہیں ہوتے جنمیں قاطع رحم ہو	۱۴۴۸

۱۶۴۹	ان المیت ینضح علیه الحمیم ببکاء الحی	(ع)	میت پر اُسکے قبیلہ کے رونیکے سبب گرم پانی بکایا (عذاب دیا) جاتا ہے
۱۶۵۰	ان المیت یعذب ببکاء اهله علیه	(حم)	میت کو اُسکے اہل عیال کے اسپر رونے کے سبب عذاب دیا جاتا ہے
۱۶۵۱	ان المیت یبعث فی ثیابه التی یموت فیها	(حم)	انسان جن کپڑوں میں مرتا ہے اُنہی میں اُٹھایا جائیگا
۱۶۵۲	ان الناس لایرفعون شیئا الا وضعه الله	(هق)	لوگ کسی چیز کو نہیں اُٹھاتے مگر خدا اسکو ذلیل کر دیتا ہے
۱۶۵۳	ان الناس لم یعطوا خیرا من الیقین والعافیة فسلوهما الله	(هق)	لوگوں کو یقین و عافیت سے بہتر کوئی چیز نہیں دیگئی لہذا یہی اسے مانگو
۱۶۵۴	ان النبی لایموت حتی یؤمه بعض امته	(حم)	نبی نہیں مرتا جب تک کہ اُسکی امت سے بعض اسکی امامت نہ کریں
۱۶۵۵	ان النفس المخلوقة لکائنة	(ط)	جو نفس پیدا کیا جاتا ہے وہ ضرور ثابت ہے
۱۶۵۶	ان النهبة لیست باحل من المیتة	(د)	لوٹ کا مال مردار سے زیادہ حلال نہیں ہے
۱۶۵۷	ان الهجرة لاتنقطع مادام الجهاد	(حم)	جب تک جہاد ہے ہجرۃ منقطع نہیں ہوتی
۱۶۵۸	ان الود یورث والعداوة تورث	(ط)	دوستی وارث ہوتی ہے اور عداوت وارث بنتی ہے
۱۶۵۹	ان الولد مبخلة مجبنة مجهلة محزنة	(ك)	اولاد آدمی کو بخیل بزدل جاہل اور غمگین بنانیوالی چیز ہے
۱۶۶۰	ان آدم خلق من ثلاث تربات سوداء وبیضاء وحمراء	(سح)	آدمؑ تین قسم کی مٹی سیاہ سفید اور سرخ سے پیدا کیئے گئے تھے
۱۶۶۱	ان اباك اراد امرا فادرکه یعنی الذکر	(حم)	تیرے باپ نے جو کام کرنیکا ارادہ کیا تو اُسے پالے (مراد یا دکرانا ہے)
۱۶۶۲	ان اباسفیان خیر اهلی	(ط)	ابو سفیان میرے اہل میں بہتر شخص ہے
۱۶۶۳	ان ابخل الناس من ذکرت عنده فلم یصل علیّ	(الحرث)	لوگوں میں زیادہ بخیل ہے جسکے پاس میرا ذکر آئے پھر وہ مجھپر درود نہ پڑھے
۱۶۶۴	ان ابر البر ان یصل الرجل اهل ود ابیه	(م)	نیکوں میں وہ زیادہ نیک ہے جو اپنے باپ کے دوستوں سے ملاپ رکھے.
۱۶۶۵	ان ابغض الخلق الی الله الالدّ الخصم	(فر)	زیادہ مبغوض (غضب کیا گیا) اللہ کا وہ ہے جو زیادہ جھگڑالو ہو
۱۶۶۶	ان ابن آدم لحریص علی مامنع	(فر)	آدمی کو جس چیز سے منع کیا جائے وہ اس کا زیادہ لالچ کرتا ہے
۱۶۶۷	ان ابنیّ هذین ریحانتی من الدنیا	(عد)	میرے یہ دونوں بیٹے دنیا کے دو پھول ہیں
۱۶۶۸	ان ابواب السماء تفتح فلا تغلق حتی یصلی الظهر	(طبا)	آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں پھر ظہر کی نماز سے پہلے بند نہیں کیے جاتے
۱۶۶۹	ان احادیثی ینسخ بعضها بعضا کنسخ القرآن	(فر)	میری حدیثیں قرآن کیطرح آپسمیں ایک دوسری کو منسوخ کرتی ہیں
۱۶۷۰	ان الملائکة لتفرح بذهاب الشتاء رحمة للفقراء	(ط)	بوجہ گذر جانے موسم سرما کے فرشتے خوش ہوتے ہیں فقیروں پر رحمت کے سبب سے
۱۶۷۱	ان الملائکة لاتدخل بیتا فیه کلب ولا صورة	(ه)	جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اسمیں فرشتے داخل نہیں ہوتے

ان الملائكة غسلت آدم بالماء والسدر	(ك)	فرشتوں نے آدم کو پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دیا تھا	۱۷۷۲
ان الملائكة كانت تحمله يعني جنازة سعد	(ت)	فرشتے سعد کا جنازہ اُٹھاتے تھے	۱۷۷۳
ان الميت يعذب في قبره بما نيح عليه	(حم)	میت پر رونے کے سبب اُسے قبر میں عذاب دیا جاتا ہے	۱۷۷۴
ان الميت يعذب بالنياحة عليه في قبره	(ط)	میت کو نوحہ کی وجہ سے اُسکو قبر میں عذاب دیا جاتا ہے	۱۷۷۵
ان النار لا تشفي احدا	(ط)	آگ کسی کو شفا نہیں دیتی	۱۷۷۶
ان الناس لم يعطوا شيئا خيرا من خلق حسن	(ط)	لوگوں کو خوش خلقی سے بہتر کوئی چیز نہیں دی گئی۔	۱۷۷۷
ان النساء شقائق الرجال	(ط)	عورتیں مردوں کی ہم پلہ ہیں	۱۷۷۸
ان النبي لا يورث	(حم)	نبی کا کوئی وارث نہیں کیا جاتا	۱۷۷۹
ان النهبة لا تحل	(ہ)	لوٹ وغارت حلال نہیں ہے	۱۷۸۰
ان النذر لا يقدم شيئا ولا يؤخر	(ہ)	نذر ماننی نہ کسی چیز کو آگے کر سکتی ہے اور نہ پیچھے کر سکتی ہے	۱۷۸۱
ان الولاء ليس بمتحول ولا منتقل	(ط)	ولاء نہ کسی سے پھیری جاتی ہے نہ کسی سے نقل کی جاتی ہے	۱۷۸۲
ان الولد مبخلة مجبنة	(ہ)	اولاد انسان کو بخیل اور بزدل بنانیوالی چیز ہے	۱۷۸۳
ان اليهود والنصارى لا يصبغون فخالفوهم	(د)	یہود و نصاریٰ ڈاڑھی نہیں رنگتے تم اُنکا اُلٹ کرو	۱۷۸۴
ان اباكم آدم كان كالنخلة	(نع)	تمہارا باپ آدمؑ ہے جو مثل کھجور کے تھا	۱۷۸۵
ان اباك لا يحب ان يذكر فذكر	(ط)	تیرا باپ اسکا ذکر کرنا پسند نہیں کرتا تو اسکو یاد کر	۱۷۸۶
ان اباذر ليباري عيسى بن مريم في عبادته	(ط)	ابو ذر عبادت میں عیسےٰ بن مریم کا مقابلہ کرتا ہے	۱۷۸۷
ان ابخل الناس من بخل بالسلام	(فر)	لوگوں میں زیادہ بخیل وہ ہے جو سلام کہنے میں بخل کرے	۱۷۸۸
ان ابغض الخلق الى الله العالم يزور العمال	(ل)	مخلوق میں اللہ کے نزدیک وہ عالم بُرا ہے جو حکام کی ملاقات کو جایا کرے	۱۷۸۹
ان ابليس قد أيس ان يعبد في ارض العرب	(ط)	ابلیس اس سے بے امید ہے کہ زمین عرب میں اُسکی عبادت کیجائے	۱۷۹۰
ان ابني هذا يصلح الله على يديه بين فئتين	(ت)	میرے اس بیٹے کے ہاتھ سے خدا دو جماعتوں میں صلح کرائیگا	۱۷۹۱
ان ابواب الجنة تحت ظلال السيوف	(م)	جنت کے دروازے تلواروں کے سایہ کے نیچے ہیں	۱۷۹۲
ان اتقاكم واعلمكم بالله انا	(خ)	اللہ کے نزدیک تم سب سے زیادہ پرہیزگار اور زیادہ عالم میں ہوں۔	۱۷۹۳
ان احب عباد الله الذين يسألونه الفرج	(فر)	اللہ کے پیارے بندے وہ ہیں جو کشادگی کا سوال کرتے ہیں	۱۷۹۴

۱۷۹۵	ان احب عباد اللہ الی اللہ انصحہم لعبادہ	(عم)	اللہ کے پیارے بندے وہ ہیں جو اسکے بندوں کی خیر خواہی کریں
۱۷۹۶	ان احب عباد اللہ الی اللہ من حبب الیہ المعروف وفعالہ	(ابی)	اللہ کے نزدیک پیارے بندے وہ ہیں جنہوں نے نیکی اور نیکی کرنیوالوں کو محبوب سمجھا
۱۷۹۷	ان احب اسمائکم الی اللہ عبد اللہ وعبد الرحمن	(م)	تمہارے ناموں سے اللہ کے نزدیک پیارے عبد اللہ اور عبد الرحمن ہیں
۱۷۹۸	ان احد جبل یحبنا ونحبہ	(ق)	اُحد وہ پہاڑ ہے کہ وہ ہمیں محبوب جانتا ہے اور ہم اُس سے پیار کرتے ہیں
۱۷۹۹	ان احساب اهل الدنیا الذین یذهبون الیہ المال	(ن)	اہل دنیا کے وہ حسب جسکی طرف وہ مائل ہوتے ہیں مال ہے
۱۸۰۰	ان احسن ما زرتم بہ اللہ فی قبورکم البیاض	(ہ)	وہ عمدہ لباس جسمیں قبروں میں تم اللہ سے ملاقات کروگے سفید پوشاک ہے۔
۱۸۰۱	ان اخاک محبوس بدینہ فاقض عنہ	(حم)	تیرا بھائی قرضہ کے باعث محبوس ہے اُسکی طرف سے قرضہ ادا کردے
۱۸۰۲	ان اخا صداء اذن ومن اذن فهو یقیم	(د)	تیرے اس بھائی نے اذان دی ہے جو اذان دے وہی اقامت کہیگا
۱۸۰۳	ان اخوف ما اخاف علی امتی الائمۃ المضلون	(حم)	زیادہ خوفناک جس سے میں امت کے بارہ میں ڈرتا ہوں گمراہ حکام ہیں
۱۸۰۴	ان اخوف ما اخاف علی امتی کل منافق علیم اللسان	(حم)	زیادہ خوفناک جس سے میں امت کیلئے ڈرتا ہوں ہر منافق ہے جو زبانی عالم ہے
۱۸۰۵	ان اخوف ما اخاف علیکم ما یفتح من زهرۃ الدنیا	(ق)	زیادہ خوفناک چیز جس سے میں تمہارے لئے ڈرتا ہوں ہے کہ دنیا کی تازگی تم پر کھولدیجائے
۱۸۰۶	ان اربی الربا تفضیل المرء علی اخیہ بالشتم	(بیا)	بڑا سود یہ ہے کہ ایک شخص دشنام دہی میں اپنے بھائی پر سبقت لیجائے
۱۸۰۷	ان ارواح الشهداء فی طیر خضر تعلق من شجر الجنۃ	(ت)	شہیدوں کے ارواح سبز پرندوں کے اندر جنت کے درختوں میں لٹکتے ہونگے
۱۸۰۸	ان اشد الناس عذابا یوم القیمۃ المصورون	(ق)	قیامت کے دن لوگوں میں سخت عذاب والے مصور ہوں گے
۱۸۰۹	ان اطیب طعامکم ما مستہ النار	(ع)	عمدہ طعام تمہارا وہ ہے جسکو آگ نے چھوا ہو
۱۸۱۰	ان اعدی الناس علی اللہ من قتل فی الحرم	(حم)	لوگوں میں اللہ کے نزدیک بڑا ظالم وہ ہے جو حرم میں کسیکو قتل کرے
۱۸۱۱	ان اعق الناس قتلۃ اهل الایمان	(ہ)	اہل ایمان کا قتل کرنا اللہ کے نزدیک سخت منع ہے
۱۸۱۲	ان افضل عباد اللہ یوم القیامۃ الحمادون	(ط)	حمد کرنیوالے قیامت کے روز بندوں میں افضل ہوں گے
۱۸۱۳	ان افواهکم طرق القرآن فطیبوها بالسواک	(نع)	تمہارے منہ قرآن کے راستے ہیں اُنہیں مسواک سے پاک صاف رکھا کرو
۱۸۱۴	ان اکبر الاثم ان یضیع الرجل من یقوت	(ط)	بہت بڑا گناہ یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے مربی کو ضائع کردے
۱۸۱۵	ان امامکم عقبۃ کؤدا لا یجوزها المثقلون	(ک)	تمہارے آگے سخت دشوار گذار گھاٹی ہے اُس سے بھاری لوگ نہیں گذر سکینگے
۱۸۱۶	ان امی رأت فی المنام ان الذی فی بطنها نور	(فر)	میری والدہ نے خواب میں دیکھا کہ جو اُسکے پیٹ میں ہے وہ نور ہے
۱۸۱۷	ان اهل الجنۃ لیحتاجون الی العلماء فی الجنۃ	(فر)	اہل جنت کو جنت میں علما کی حاجت ہوگی

۱۸۱۷	اہل جنت کو تسبیح اور تقدیس کا الہام کیا جائیگا	(م)	ان اهل الجنة يلهمون التسبيح والتقديس
۱۸۱۸	دنیا میں پیٹ بھر کر کھانیوالے فردائے قیامت بھوکے ہوں گے	(ط)	ان اهل الشبع في الدنيا هم اهل الجوع غدا
۱۸۱۹	اللہ کو وہ دین بہت پیارا ہے جو حق کی طرف مائل اور آسان ہو	(ط)	ان احب الدين الى الله الحنيفية السمحة
۱۸۲۰	میرے نزدیک وہ کھانا پسندیدہ ہے جس پر بہت سے ہاتھ پڑیں	(حك)	ان احب الطعام الى ما كثرت عليه الايدى
۱۸۲۱	جب ایک تمہارا نماز پڑھنے کھڑا ہوتا ہے تو وہ اللہ کے سامنے ہوتا ہے	(ن)	ان احدكم اذا قام يصلي يستقبله الله تعالى
۱۸۲۲	عمدہ ترین چیز نیک خلق ہے۔	(ن)	ان احسن الحسن الخلق الحسن
۱۸۲۳	اُجرت لینے کے لئے سزاوار تر کتاب اللہ ہے	(خ)	ان احق ما اخذتم عليه اجرا كتاب الله
۱۸۲۴	تیرے ناموں سے زیادہ لائق ابوتراب ہے (علیؓ سے فرمایا)	(ط)	ان احق اسمائك ابو تراب - قاله لعلي
۱۸۲۵	ضروری شرط وہ ہے جس سے تمنے عورتوں کے فرج کو حلال کیا	(ق)	ان احق الشروط ما استحللتم به الفروج
۱۸۲۶	تمہارا بھائی نجاشی مرگیا ہے اسکے لئے بخشش مانگو	(حم)	ان اخاكم النجاشي قد مات فاستغفروا له
۱۸۲۷	زیادہ خوفناک فعل جسکے لئے میں اپنی امت سے ڈرتا ہوں قوم لوط کا عمل ہے	(حم)	ان اخوف ما اخاف على امتي عمل قوم لوط
۱۸۲۸	زیادہ خوفناک کام جس سے میں اپنی امت کے حق میں ڈرتا ہوں وہ شرک اصغر ریا ہے	(حم)	ان اخوف ما اخاف عليكم الشرك الاصغر الرياء
۱۸۲۹	تمہارا بھائی ہمارے نزدیک وہ ہے جو اسکی طلب کرے یعنی عمل کی	(حم)	ان اخاكم عندنا من طلبه يعني العمل
۱۸۳۰	زیادہ رحم بندے پر اللہ اُسوقت کرتا ہے جب وہ قبر میں رکھا جاتا ہے	(فر)	ان ارحم ما يكون الله بالعبد اذا وضع في حفرته
۱۸۳۱	میری امت سے جلد تر مجھسے ملنے والی احمس قبیلہ کی ایک عورت ہے	(حم)	ان اسرع امتي لحوقا بي امرأة من احمس
۱۸۳۲	تم میں قوی تر وہ شخص ہے جو غصہ کے وقت اپنے آپکا مالک ہو	(فر)	ان اشدكم املككم لنفسه عند الغضب
۱۸۳۳	جلدی ثواب والی طاعت صلہ رحم ہے	(فر)	ان اعجل الطاعة ثوابا صلة الرحم
۱۸۳۴	لوگوں میں بڑا گنہگار وہ ہے جو باطل باتوں میں بہت پڑا کرے	(القرشی)	ان اعظم الناس خطايا اكثرهم خوضا في الباطل
۱۸۳۵	قربانی وہ بہتر ہے جو زیادہ قیمت والی نفیس اور موٹی ہو	(حم)	ان افضل الضحايا اغلاها وانفسها واسمنها
۱۸۳۶	مومن کا بہترین عمل اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ہے	(ط)	ان افضل عمل المؤمن الجهاد في سبيل الله
۱۸۳۷	جنت میں کمتر ساکنین عورتیں ہوں گی	(م)	ان اقل ساكني الجنة النساء
۱۸۳۸	انسان کے اکثر گناہ اسکی زبان سے سرزد ہوتے ہیں	(هق)	ان اكثر خطايا ابن آدم في لسانه
۱۸۳۹	میری امت مرحومہ امت ہے	(د)	ان امتي امة مرحومة

۱۸۴۰	ان اهل البيت ليقل طعمهم فتنور بيوتهم	(ابو)	جن گھر والوں کا کھانا تھوڑا ہوتا ہے انکے گھر منور ہوتے ہیں
۱۸۴۱	ان اهل الجنة يزورون ربهم في كل جمعة	(ت)	جنت والے ہر جمعہ کے روز اللہ کی ملاقات کرینگے
۱۸۴۲	ان اهل السماء لايسمعون من اهل الارض الا الاذان	(ابو)	آسمان والے بغیر اذان کے زمین والوں کیطرف کان نہیں رکھتے
۱۸۴۳	ان اهل الفردوس يسمعون اطيط العرش	(يه)	جنت فردوس والے عرش کی کھڑکھڑاہٹ کی آواز سنتے ہیں
۱۸۴۴	ان اولادكم هبة الله لكم	(فر)	تمہاری اولاد خدا کی بخشش ہے
۱۸۴۵	ان اولى الناس من بدأهم بالسلام	(د)	لوگوں میں بہتر وہ ہے جو سلام کی ابتدا کرے
۱۸۴۶	ان اول ما يحكم بين العباد في الدماء	(ن)	لوگوں کا پہلا فیصلہ کشت خون کے حق میں ہوگا
۱۸۴۷	ان بعدكم زمان سفلتهم مؤذنوهم	(هق)	تمہارے بعد ایسا زمانہ آنیوالا ہے کہ کمینے لوگ انکے مؤذن ہونگے
۱۸۴۸	ان بلالا يؤذن ليلا ليوقظ نائمكم	(ق)	بلال رات کو اذان دیتا ہے تاکہ سوئے ہوؤں کو جگائے
۱۸۴۹	ان بني اسرائيل لما قصوا هلكوا	(ط)	بنی اسرائیل نے جب کاٹا تو ہلاک ہو گئے
۱۸۵۰	ان بين يدي الساعة ثلاثين دجالا كذابا	(خ)	قیامت سے پہلے تیس دجال (فسادی) جھوٹے ہوں گے
۱۸۵۱	ان تشقيق الكلام من الشيطان	(فر)	کلام کے اندر مبالغہ کرنا شیطان کا کام ہے
۱۸۵۲	ان جبريل اتاني فامرني ان اعلن بالتلبية	(حم)	جبریل نے مجھے آکر کہا کہ میں لبیک ظاہر اور جہراً کہوں
۱۸۵۳	ان جبريل عاتبني في العرش	(فر)	جبریل نے مجھکو عرش کے بارہ میں عتاب کیا
۱۸۵۴	ان جهنم تسجر الا يوم الجمعة	(د)	جہنم جمعہ کے سوا تمام دنوں میں بھڑکائی جاتی ہے
۱۸۵۵	ان حسن العهد من الايمان	(ك)	سچا وعدہ ایمان کی بات ہے
۱۸۵۶	ان خير القوم خيرهم قضاء	(حم)	قوم میں بہتر وہ ہے جو قرض ادا کرنے میں اچھا ہو
۱۸۵۷	ان خير دينكم ايسره	(حم)	تمہارا بہتر دین وہ ہے جو کہ آسان ہے
۱۸۵۸	ان دين الله لن ينصره الا من حاطه من جميع جوانبه	(ك)	اللہ کے دین کی وہی امداد کریگا جسے ہر طرف سے دین نے گھیرا ہوا ہو
۱۸۵۹	ان زاهرا باديتنا ونحن حاضروه	(عد)	زاہر ہمارا بادیہ ہے اور ہم اسکے شہری ہیں
۱۸۶۰	ان ساقي القوم آخرهم شربا	(م)	قوم کا ساقی سب سے آخر پینے والا ہوتا ہے
۱۸۶۱	ان شرار امتي اجرؤهم على اصحابي	(عد)	میری امت کے شریر وہ ہیں جو میرے صحابہ پر دلاوری کریں
۱۸۶۲	ان شر الرعاء الحطمة	(م)	چرواہوں کے شریر وہ ہیں جو ظالم (توڑنے والے) ہوں

ان شر الناس ما یتقی لشرہ	(کر)	لوگوں میں شریر وہ ہے جسکی شرارت سے پرہیز کیا جائے	۱۸۶۳
ان شہابا اسم شیطان	(هق)	شہاب شیطان کا نام ہے	۱۸۶۴
ان صاحب المکس فی النار	(حم)	لوگوں سے ٹیکس وصول کرنیوالا آگ میں ہوگا	۱۸۶۵
ان صدقۃ الفطر حق واجب	(ق)	صدقہ فطر کا حق واجب ہے	۱۸۶۶
ان صلاۃ المدل لا ترفع فوق رأسہ	(غز)	دلال کی نماز اُسکے سر سے اوپر نہیں چڑھتی	۱۸۶۹
ان عثمان حیی ستیر تستحیی منہ الملائکۃ	(ع)	عثمان حیادار پردہ پوش ہے اس سے فرشتے حیا کرتے ہیں	۱۸۷۰
ان اولیائی المتقون یوم القیامۃ	(فر)	میرے دوست قیامت کے روز متقی لوگ ہوں گے	۱۸۷۱
ان اولی الناس بالرجال من یلی مقدمہ من القبر	(فر)	مُردوں کے وہ لوگ قریب ہیں جو انکی قبر کے اگلے حصے کے قریب ہوں	۱۸۷۲
ان اول منسک یومکم ھذا الصلاۃ	(ط)	آج کے روز تمہاری پہلی عبادت نماز ہے	۱۸۷۳
ان بائعہا کشاربہا یعنی الخمر	(ط)	بیچنے والا ہی پینے والے جیسا ہے۔ (شراب کا)	۱۸۷۴
ان بنی اسرائیل کتبوا کتابا فاتبعوہ وترکوا التوراۃ	(ط)	بنی اسرائیل نے خود کتاب لکھکر اُسپر عمل کیا اور توریت کو ترک کردیا	۱۸۷۵
ان بین یدی الساعۃ کذابین فاحذروہم	(حم)	قیامت سے پہلے جھوٹے گذرینگے پس اُن سے بچو	۱۸۷۶
ان تحت العرش مدینۃ مثل الدنیا سبعین مرۃ	(فر)	عرش کے نیچے ایک شہر اس دنیا سے ستر حصے بڑا ہے	۱۸۷۷
ان جابرا قد صنع لکم سورا فحیہلا بکم	(خ)	جابرؓ نے دعوت تیار کی ہے پس سب دعوت کو چلو	۱۸۷۸
ان جبریل امرنی ان اکبر	(مجا)	جبریل نے مجھے حکم دیا کہ میں اللہ اکبر کہا کروں	۱۸۷۹
ان جبریل موکل بحاجات العباد	(حا)	جبریل بندوں کی حاجات پر موکل کیا گیا ہے	۱۸۸۰
ان حسن الظن باللہ من العبادۃ	(نیا)	اللہ پر نیک گمان کرنا عبادت ہے	۱۸۸۱
ان حقا علی اللہ ان لا یرتفع شیئ من امر الدنیا الا وضعہ	(خ)	اللہ پر لازم ہے کہ جو چیز دنیوی حیثیت سے بلند ہوجائے اُسے ذلیل کردے	۱۸۸۲
ان خیر التابعین اویس القرنی	(حم)	تابعین میں سے بہتر اویس قرنی ہے	۱۸۸۳
ان داود قارئ اھل الجنۃ	(فر)	اہل جنت کے قاری داؤد علیہ السلام ہوں گے	۱۸۸۴
ان ذراری المؤمنین فی الجنۃ یکفلہم ابراہیم	(فر)	مومنوں کی اولاد جنت میں ہوگی ابراہیم اُنکے کفیل ہوں گے	۱۸۸۵
ان سالما شدید الحب اللہ لو لم یخف اللہ ما عصاہ	(حل)	سالم اللہ سے بڑی محبت رکھنے والا ہے اگر خدا سے نہ ڈرتا تو اسکا گناہ کرتا	۱۸۸۶
ان سیاحۃ امتی الجہاد فی سبیل اللہ	(د)	میری امت کی سیر و سیاحت خدا کی راہ میں جہاد کرنا ہے	۱۸۸۷

۱۸۸۸	ان شر السباع الاشحل	(سع)	درندوں سے درندہ حملہ آور ہے
۱۸۸۹	ان شرکم الذین یتقون لکثرة شرہم	(نجا)	تم میں زیادہ شریر وہ ہیں جنکے شر سے پرہیز کیا جاتا ہے
۱۸۹۰	ان شہداء البحر اعظم عند الله من شہداء البر	(ط)	جو لوگ دریا میں شہید ہوتے ہیں انکا درجہ خشکی کے شہدا سے بڑا ہے
۱۸۹۱	ان صاحبکم تغسلہ الملائکة یعنی حنظلة	(ك)	تمہارے صاحب کو فرشتے غسل دیتے ہیں یعنی حنظلہ کو
۱۸۹۲	ان صدقة السر تطفئ غضب الرب	(ط)	پوشیدہ صدقہ دینا خدا کے غضب کو بجھاتا ہے
۱۸۹۳	ان صلة الرجل اباہ حفظ صحابتہ من بعدہ	(د)	باپ کے تعلق کو میل جول سے محفوظ رکھنا باپ کے بعد اسکی صحبت محفوظ رکھنا ہے
۱۸۹۴	ان طلاق ام سلیم لحوب	(ق)	ام سلیم کی طلاق گناہ ہے
۱۸۹۵	ان عامة عذاب القبر من البول فتنزہوا منہ	(ك)	اکثر عذاب قبر پیشاب لگنے سے ہوتا ہے لہذا اس سے بچو
۱۸۹۶	ان عذاب ہذہ الامة جعل فی دنیاہا	(ك)	اس امت کا عذاب دنیا میں کیا گیا ہے
۱۸۹۷	ان علیا سبقك بالہجرة قالہ للعباس	(ط)	علی تجھسے ہجرت میں سبقت کر گیا۔ حضور نے یہ عباس سے فرمایا
۱۸۹۸	ان علیا منی وانا منہ وہو ولی کل مؤمن	(ط)	علی مجھ سے ہے اور میں علی سے اور وہ ہر ایک مومن کا دوست ہے
۱۸۹۹	ان عمار بیوت الله ہم اہل الله	(ق)	اللہ کے گھروں کو آباد کرنیوالے اللہ کے اہل ہیں
۱۹۰۰	ان عند کل اذان رکعتین ما خلا المغرب	(قط)	ہر ایک اذان کے وقت دو نفل ہیں سوائے مغرب کے
۱۹۰۱	ان عیسی حاج ربہ فحج عیسی ربہ والله لقنہ حجتہ	(حل)	عیسیٰ نے اپنے رب سے حجت کی عیسیٰ غالب آئے اللہ نے عیسیٰ کو حجت بتائی
۱۹۰۲	ان فناء امتی بعضہا ببعض	(ق)	میری امت کی فنا آپس میں بعض کی بعض سے ہوگی
۱۹۰۳	ان فلانا مأسور بدینہ	(ت)	فلاں شخص اپنے قرضہ کے سبب قید کیا گیا
۱۹۰۴	ان فی الجنة لمجتمعا للحور العین	(حم)	جنت کے اندر حور عین کا ایک مجمع ہوگا
۱۹۰۵	ان فی الحلی صدقة	(د)	زیور میں زکوٰۃ لازم ہے
۱۹۰۶	ان فی الصلاة لشغلا	(حم)	نماز میں البتہ ایک شغل ہے
۱۹۰۷	ان فی المال لحقا سوی الزکاة	(ت)	مال میں سوائے زکوٰۃ کے (بھی) حق ہے (صدقہ نافلہ مراد ہے)
۱۹۰۸	ان فی امتی مسخا وخسفا وقذفا	(ش)	میری امت میں مسخ (صورت بدلنا) خسف (زمین میں دھنسنا) قذف (پتھر برسنا) ہوگا
۱۹۰۹	ان فی جہنم رحی تطحن علماء السوء طحنا	(عل)	جہنم میں ایک چکی ہے جسکو بدعمل علما پیسیں گے
۱۹۱۰	ان فی مال الرجل فتنة وزوجتہ وولدہ فتنة	(ط)	انسان کے مال میں فتنہ ہے اور اسکی زوجہ و اولاد فتنہ ہے۔

ان فيك لخصلتين يحبهما الله الحلم والحياء	(خ)	تیرے دو خصلتیں خدا کو پسند ہیں علم (بردباری) حیاء	1911
ان قذف المحصنة ليهدم عمل مائة سنة	(طب)	پاک دامن عورت کو الزام لگانا سو برس کی عبادت ضائع کرتا ہے	1912
ان قوما يخرجون من النار بالشفاعة	(ط)	ایک قوم جہنم سے بوجہ شفاعت کے نکلے گی	1913
ان كسر عظم المسلم ميتا مثل كسره حيا	(ع)	مرے ہوئے مسلمان کی ہڈی توڑنا ایسا ہے جیسا زندگی میں اسکی ہڈی توڑنا	1914
ان لله خلقا يعرفون الناس بالتوسم	(بز)	اللہ کی ایسی مخلوق بھی ہے جو لوگوں کو علامات سے پہچانتی ہے	1915
ان لله ملكا موكلا بتاليف الاشكال	(فر)	اللہ کا ایک فرشتہ ہے جو شکل بنانے پر مقرر کیا گیا ہے	1916
ان لله مدائن لا يدخلها الا من صام رجب	(فر)	اللہ کے بہت سے شہر ہیں جنمیں صرف رجب کا روزہ رکھنے والے داخل ہونگے	1917
ان للاسلام صوى ومنارا كمنار الطريق	(ك)	اسلام کے لئے روشنی اور علامت ہے جیسے کہ راستے کے نشان	1918
ان للزوج من المرأة لشعبة ما هي لشئ	(ه)	شوہر کا زوجہ کے ساتھ وہ تعلق ہے جو کسی اور کو حاصل نہیں	1919
ان للشيطان كحلا ولعوقا	(ط)	شیطان کے لئے سرمہ ہے اور چاٹنا ہے	1920
ان علما لا ينتفع به ككنز لا ينفق منه	(كر)	جس علم سے فائدہ نہ اٹھایا جائے اُس خزانے کیطرح ہے جو خرچ نہ کیا جائے	1921
ان علمي بعد موتي كعلمي بالحياة	(فر)	میرا علم موت کے بعد ایسا ہی ہوگا جیسا زندگی میں ہے	1922
ان عمارا ملئ ايمانا الى مشاشه	(ع)	عمار مشاش[1] تک ایمان سے پُر ہے	1923
ان عمارا ملئ ايمانا من قرنه الى قدميه	(حب)	عمار سر کی چوٹی سے لیکر قدموں تک ایمان سے بھرا ہوا ہے	1924
ان عم الرجل صنو ابيه	(ط)	کسی شخص کا چچا اُسکے باپ کی ہم شاخ ہے (کیونکہ انکا باپ مشترک ہے)	1925
ان فخذ المؤمن عورة	(نخ)	مومن کی ران شرمگاہ ہے (یعنے اُسکا پوشیدہ رکھنا لازم ہے)	1926
ان فناء امتي بالطعن والطاعون	(حم)	میری امت کی فنا نیزہ اور طاعون سے ہوگی	1927
ان في الجنة ارحية تدور بالعلماء	(فر)	جنت میں چکیاں ہیں جنکو علما پیسیں گے	1928
ان في الجنة درجة لا ينالها الا اصحاب الهموم	(فر)	جنت میں ایک درجہ ہے جسے صرف غم رسیدہ لوگ حاصل کرینگے	1929
ان في الحجم شفاء	(م)	پچھنے لگانے میں شفا ہے	1930
ان في الصلوات الخمس لشغلا للعباد	(خ)	پنجگانہ نماز میں لوگوں کے لئے عبادت کا شغل ہے	1931
ان في المعاريض لمندوحة عن الكذب	(ق)	گول مول (خلاف تصریح) باتیں جھوٹ کی گنجائش و وسعت رکھتی ہیں	1932
ان في ثقيف كذابا ومبيرا	(حم)	بنی ثقیف میں ایک جھوٹا اور ایک لوگوں کو ہلاک کرنیوالا ہے	1933

[1] مشاش - ہی رؤوس العظام - ابن الاثیر و در منتہی الارب - سر استخواں نوشتہ عبد العزیز مصحح عفا اللہ عنہ

۱۹۳۴	ان فی حوضی من اباریق بعدد نجوم السماء	(ت)	میرے حوض پر گنتی آسمان کے ستاروں کی برابر آبخورے ہوں گے
۱۹۳۵	ان فیك لخصلتین یحبھما اللہ ورسولہ الحلم والاناۃ	(م)	تیرے اندر دو خصلتیں ہیں جنہیں خدا ورسول پسند کرتے ہیں حلم اور صبر
۱۹۳۶	ان قبر اسمعیل فی الحجر	(حك)	اسمٰعیل کی قبر حطیم کے اندر ہے
۱۹۳۷	ان قوائم منبری رواتب فی الجنۃ	(ط)	منبر کے پاؤں جنت میں قائم کئے گئے ہیں
۱۹۳۸	ان کثرۃ الاکل شؤم	(هق)	زیادہ کھانا برا ہوتا ہے
۱۹۳۹	ان کل صلاۃ تحط ما بین یدیھا من خطیئۃ	(حم)	ہر نماز اُن گناہوں کو مٹاتی ہے جو اس سے پہلے سرزد ہوئے ہوں
۱۹۴۰	ان للہ ملکا رأسہ فی حجر ادریس یستغفر للخاطئین	(فر)	اللہ کے ایک فرشتہ کا سر ادریس کی گود میں ہے وہ ورزیوں کے لئے بخشش مانگتا ہے
۱۹۴۱	ان للہ عبادا اختصھم بحوائج الناس	(ط)	اللہ کے ایسے بندے موجود ہیں جو لوگوں کی حوائج پوری کرتے ہیں
۱۹۴۲	ان للہ عند کل فطر عتقاء من النار کل لیلۃ	(حم)	ہر ایک افطار کے وقت ہر رات اللہ آگ سے (گنہگار) آزاد کرتا ہے
۱۹۴۳	ان للحمقی علی الکیاس دولۃ	(فر)	عقلمندوں پر بیوقوفوں کا غلبہ رہتا ہے
۱۹۴۴	ان للشیطان مصاید وفخوخا	(ل)	شیطان کے کئی شکار اور کئی جال ہیں
۱۹۴۵	ان للصائم عند فطرہ دعوۃ ما ترد	(ك)	روزہ دار کی افطار کے وقت کی دعا رد نہیں کیجاتی
۱۹۴۶	ان للطاعم الشاکر من الاجر مثل ما للصائم الصابر	(ك)	طعام کھا کر شکریہ ادا کرنیوالے کے لئے روزہ دار صابر جیسا اجر ہے
۱۹۴۷	ان للقرشی مثل قوۃ رجلین من غیر قریش	(حم)	ایک قریشی کی قوت دو غیر قریشیوں کے برابر ہے
۱۹۴۸	ان للمخنثین ارحاما کارحام النساء غیر انھا منکوسۃ	(فر)	عورتوں کیطرح مخنثوں کے بھی رحم ہیں پر وہ سرنگوں ہیں
۱۹۴۹	ان لابراھیم ظئرا فی الجنۃ یتم رضاعہ	(کر)	ابراہیم (آنحضرتؐ کے صاحبزادہ) کیلئے جنت میں دایہ ہے انکی مدت رضاعت پوری کریگی
۱۹۵۰	ان لجواب الکتاب حقا کرد السلام	(ط)	خط کا جواب مثل جواب سلام کے لازم ہے
۱۹۵۱	ان لصاحب القرآن عند کل ختمۃ دعوۃ مستجابۃ	(خط)	قرآن پڑھنے والے کے لئے ہر ایک ختم پر دعا مقبول ہوتی ہے
۱۹۵۲	ان لك من الاجر علی قدر نصبك ونفقتك	(ك)	تیرے لئے تکلیف اٹھانے اور خرچ کرنیکے انداز کا ثواب ہے
۱۹۵۳	ان لکل امۃ حواریا وحواری امتی الزبیر	(حم)	ہر امت میں خاص آدمی ہوتے ہیں میری امت کے خواص میں زبیر ہے
۱۹۵۴	ان لکل خطوۃ تخطوھا الی المسجد درجۃ	(حم)	ہر ایک قدم جو تو مسجد کیطرف اٹھاتا ہے اسکے لئے ثواب ہے
۱۹۵۵	ان لکل ساع غایۃ وغایۃ کل ساع الموت	(ص)	ہر دوڑنیوالے کے لئے انتہا ہوتی ہے اور ہر دوڑنیوالے کی انتہا موت ہے
۱۹۵۶	ان لکل شئ بابا وباب العبادۃ الصیام	(ابن المبارك)	ہر شے کا دروازہ ہے اور عبادت کا دروازہ روزہ ہے

ان لكل شيء طريقا وطريق الجنة العلم	(فر)	ہر ایک شے کے لئے راستہ ہوتا ہے اور جنت کا راستہ علم ہے	۱۹۵۷
ان لكل شيء نسبة ونسبة الله قل هو الله احد	(ط)	ہر ایک شے کی نسبت ہوتی ہوے اور اللہ کی نسبت (منسوب ہے) قل ہو اللہ احد ہے	۱۹۵۸
ان لكل صدا جلاء وجلاء القلوب الاستغفار	(فر)	ہر زنگ آلودہ چیز کیلئے صیقل ہوتی ہے اور دلوں کی صیقل استغفار ہے	۱۹۵۹
ان لكل نبي امينا وامينى ابو عبيدة	(حم)	ہر ایک نبی کا امین ہوتا ہے اور میرا امین ابو عبیدہ ہے	۱۹۶۰
ان لهذه البهائم اوابد كاوابد الوحش	(ق)	ان چوپاؤں کے لیے مثل وحشی جانوروں کے وحشت ہے	۱۹۶۱
ان ما بين مصراعين في الجنة كمسيرة اربعين سنة	(حم)	جنت کی دو چوکھٹوں کے درمیان چالیس سال کا فاصلہ ہوگا	۱۹۶۲
ان من البيان سحرا وان من الشعر حكما	(خ)	بعض تقریر اور بیان سحر ہے اور بعض شعر حکمت ہے	۱۹۶۳
ان من التواضع الرضا بالدون من شرف المجالس	(ط)	بیٹھنے کی ادنیٰ جگہ پر راضی ہو جانا تواضع میں سے ہے	۱۹۶۴
ان من السنة ان يخرج الرجل مع الضيف الى باب الدار	(ه)	مہمان کے ساتھ گھر کے دروازہ تک نکلنا سنت ہے	۱۹۶۵
ان من الكبائر ان يتبرئ الرجل من ولده	(ط)	اپنی اولاد سے بیزاری ظاہر کرنا گناہ کبیرہ ہے	۱۹۶۶
ان من احبكم الي احسنكم اخلاقا	(خ)	مجھے تم میں وہ زیادہ پیارا ہے جسکے اخلاق اچھے ہوں	۱۹۶۷
ان من اشراط الساعة ان يلتمس العلم على الاصاغر	(ط)	یہ قیامت کی نشانیوں سے ہے کہ چھوٹوں سے علم طلب کیا جائیگا	۱۹۶۸
ان من اعظم الفرى ان يرى الرجل عينيه ما لم تريا	(حم)	بڑے افترا کی یہ بات ہے کہ جو شے نہ دیکھی ہو وہ کہے کہ میں نے دیکھی ہے	۱۹۶۹
ان من اكمل المؤمنين ايمانا احسنهم اخلاقا	(ت)	مومنوں سے کامل ایمان والا اچھے اخلاق والا ہے	۱۹۷۰
ان للقاعد في الصلوة نصف اجر القائم	(ع)	بیٹھکر نماز پڑھنے کا ثواب کھڑا ہوکر پڑھنے سے نصف ہے	۱۹۷۱
ان للقلب فرحة عند اكل اللحم	(هق)	گوشت کھاتے وقت دل کو فرحت حاصل ہوتی ہے	۱۹۷۲
ان للمسلم حقا اذا رآه اخوه ان يتزحزح له	(هق)	مسلمان کو لازم ہے جب اسکو اپنا بھائی دیکھے اسکے لئے ہٹ آئے	۱۹۷۳
ان لاهل النعم حسادا فاحذروهم	(ط)	نعمت والوں کے حاسد ہوتے ہیں ان سے بچو	۱۹۷۴
ان لصاحب الحق مقالا	(حم)	حق والا باتیں کیا کرتا ہے	۱۹۷۵
ان لقمان قال ان الله اذا استودع شيئا حفظه	(حم)	لقمان نے کہا ہے جس چیز کو اللہ امانت رکھے اسکی وہ حفاظت کرتا ہے	۱۹۷۶
ان لكل امة فتنة وفتنة امتي المال	(حم)	ہر ایک امت کے لئے فتنہ ہے اور میری امت کا فتنہ مال ہے	۱۹۷۷
ان لكل بيت بابا وباب القبر من تلقاء رجليه	(ط)	ہر گھر کا دروازہ ہوتا ہے اور قبر کا دروازہ اسکے پاؤں کیطرف ہے	۱۹۷۸
ان لكل دين خلقا وان خلق الاسلام الحياء	(ه)	ہر ایک دین کا خلق ہے اسلام کا خلق حیا ہے	۱۹۷۹

١٩٨٠	ان لكل شجرة ثمرة وثمرة القلب الولد	(بز)	ہر ایک درخت کا پھل ہوتا ہے دل کا پھل اولاد ہے
١٩٨١	ان لكل شيء شرفا واشرف المجالس ما استقبل به القبلة	(طك)	ہر ایک شے کی شرافت ہوتی ہے اور مجالس میں وہ شریف ہے جو رو بقبلہ ہو
١٩٨٢	ان لكل شيء قمامة وقمامة المسجد لا والله وبلى والله	(ط)	ہر ایک شے کا کوڑا ہے اور مساجد کا کوڑا لا واللہ بلیٰ واللہ ہے (یعنی کثرت حلف)
١٩٨٣	ان لكل شيء فراسة وانما يعرفها الاشراف	(ط)	ہر ایک شے کی عمدگی ہوتی ہے جسے اشراف لوگ جانتے ہیں
١٩٨٤	ان لكل قوم مادة ومادة قريش مواليهم	(حم)	ہر ایک قوم کا مادہ ہے اور قریش کا مادہ آزاد کردہ غلام ہیں
١٩٨٥	ان لكل نبي حواريا وحواري الزبير	(خ)	ہر ایک نبی کا حواری ہوتا ہے اور میرا حواری زبیر ہے
١٩٨٦	ان معاوية لا يصارع احدا الا صرعه معاوية	(فر)	معاویہ جسکے ساتھ بھی کشتی لڑیگا اُسے گرا دیگا
١٩٨٧	ان مع كل جرس شيطانا	(د)	ہر ایک جرس کے ساتھ شیطان ہے
١٩٨٨	ان من البيان لسحرا وان من الشعر لحكما	(ق)	بعض بیان جادو کی طرح ہے اور بعض شعر حکمت کیطرح
١٩٨٩	ان من السرف ان تأكل كل ما اشتهيت	(ه)	یہ بات فضول خرچی کی ہے کہ تو جو چاہے کھائے
١٩٩٠	ان من العلم كهيئة المكنون	(فر)	بعض علم مثل پوشیدہ چیز کے ہیں
١٩٩١	ان من اجلالي توقير الشيخ من امتي	(خط)	میری بزرگی سے یہ بات ہے کہ میری امت کے بوڑھے کی عزت کیجائے
١٩٩٢	ان من اربى الربا الاستطالة في عرض المسلم بغير حق	(حم)	سخت تر سود یہ ہے کہ مسلمان کی عزت و آبرو میں ناحق درازی کیجائے
١٩٩٣	ان من اصحابي من لا يراني بعد مفارقتي	(حم)	میرے بعض اصحاب ایسے ہیں کہ بعد جدائی کے مجھے نہ دیکھیں گے
١٩٩٤	ان من اقتراب الساعة هلاك العرب	(ق)	یہ بات قرب قیامت سے ہے کہ عرب ہلاک ہو جائیں
١٩٩٥	ان من اكمل الايمان حسن الخلق	(فر)	عمدہ اخلاق کمال ایمان ہے
١٩٩٦	ان من تمام الصلاة اقامة الصف	(حم)	صف کا درست کرنا کمال نماز سے ہے
١٩٩٧	ان من شرار الناس الذين يبيعون الناس	(خ)	بہت بُرے وہ لوگ ہیں جو آدمیوں کو فروخت کرتے ہیں
١٩٩٨	ان من عقل الرجل استصلاح معيشته	(فر)	انسان کی عقلمندی ہے کہ وہ اپنی زندگی کی اصلاح کرے
١٩٩٩	ان من موجبات المغفرة اطعام المسلم	(هق)	مسلمان کو کھانا کھلانا مغفرت کے موجبات سے ہے
٢٠٠٠	انما المدينة كالكير تنفي خبثها وتنصع طيبها	(خ)	مدینہ بھٹی کی طرح میل کو دور کرتا اور خوبی کو بناتا ہے
٢٠٠١	انما الاعمال بالخواتيم	(حل)	اعمال کا دار و مدار خاتمہ پر ہے (اگر خاتمہ بخیر ہوا تو اعمال اچھے ورنہ خیر)
٢٠٠٢	انما الامانة في الصوم	(غز)	روزے میں امانت ہے۔

انما النساء شقائق الرجال	(حم)	عورتیں مردوں کی طرح ہیں	۲۰۰۳
انما الشؤم فی ثلاثة الفرس والمرأة والدار	(خ)	بدفالی تین چیزوں میں ہے گھوڑے میں اور عورت میں اور گھر کے اندر	۲۰۰۴
انما الربا فی النسیئة	(حم)	سود اُدھار کے اندر ہے	۲۰۰۵
انما الغسل من الماء الدافق	(ع)	پانی کودنے والے (منی) سے غسل لازم ہوتا ہے	۲۰۰۶
انما الوضوء علی من اضطجع	(ط)	وضو اُس پر لازم ہے جو کروٹ کے بل سو جائے	۲۰۰۷
انما المرء بخلیله فلینظر المرء من یخالل	(نع)	انسان اپنے دوست کے ساتھ ہوتا ہے پس دیکھنا چاہئے کہ کس سے دوستی کرتا ہے	۲۰۰۸
انما الطاعة من المعروف	(طبا)	تابعداری کرنا امر معروف سے ہے	۲۰۰۹
انما الشفاعة لاهل الکبائر	(هناد)	شفاعت گناہ کبیرہ والوں کے لئے ہے	۲۰۱۰
انما الوتر باللیل	(ط)	وتررات کو پڑھے جاتے ہیں	۲۰۱۱
انما التصفیق للنساء	(ض)	تالیاں بجانا عورتوں کے لئے ہے	۲۰۱۲
انما الصدقة عن ظهر غنی	(د)	صدقہ اُس وقت دینا چاہئے کہ خود محتاج نہ ہو	۲۰۱۳
انما الحاج الشعث التفل	(ت)	حاجی بکھرے ہوئے بالوں والا اور میلا ہوتا ہے	۲۰۱۴
انما ابنك سهم من کنانتك	(سح)	تیرا لڑکا تیرے ترکش کا تیر ہے	۲۰۱۵
انما احکم بالظاهر والله یتولی السرائر	(غر)	میں ظاہر پر حکم کرتا ہوں باطنی بھید کا اللہ مالک ہے	۲۰۱۶
انما اقنت بکم لتدعوا ربکم وتسألوه حوائجکم	(قز)	میں تمہارے ساتھ قنوت پڑھتا ہوں تاکہ تم اپنے رب سے دعا مانگو اور حاجتیں طلب کرو	۲۰۱۷
انما امرت بالوضوء اذا قمت الی الصلاة	(د)	نماز کے لئے کھڑا ہوتے وقت مجھے وضو کا حکم کیا گیا ہے	۲۰۱۸
انما انا عبد آکل کما یأکل العبد	(ق)	میں بندہ ہوں بندوں کی طرح کھاتا ہوں	۲۰۱۹
انما اهلك من کان قبلکم الاختلاف	(حب)	اگلے لوگوں کو اختلاف نے ہلاک کیا ہے	۲۰۲۰
ان من تمام الحج ان تحرم من دویرة اهلك	(عد)	کمالیت حج کی یہ ہے کہ تو اپنے گھر سے ہی احرام باندھے	۲۰۲۱
ان من خیارکم من تعلم القرآن وعلمه	(کر)	تم میں سے وہ بہتر ہے جس نے قرآن سیکھا اور سکھایا	۲۰۲۲
ان من عباد الله من لو اقسم علی الله لابره	(ق)	ایسے بھی خدا کے بندے ہیں کہ اگر خدا کے نام پر قسم کھائیں تو خدا اُسے پوری (سچی) کرتا ہے	۲۰۲۳
ان من موجبات المغفرة ادخال السرور علی المسلم	(ط)	بخشش کے اسباب سے ایک یہ ہے کہ مسلمان کو خوش کیا جائے	۲۰۲۴
انما البیع عن تراض	(ض)	بیع رضامندی کی وجہ سے تمام ہو جاتی ہے	۲۰۲۵

۲۰۲۶	انما الاسود لبطنه وفرجه	(ع)	وہ اپنے پیٹ اور فرج کے سبب سے سیاہ کار ہے
۲۰۲۷	انما الافطار مما دخل وليس مما خرج	(ع)	روزہ کسی چیز کے داخل ہونے سے افطار ہوتا ہے نہ کہ خارج ہونے سے
۲۰۲۸	انما الايمان بمنزلة القميص مرة تقمصه ومرة تنزعه	(حل)	ایمان ایک قمیص کی بجا ہے کبھی تو اسکو پہنتا اور کبھی اُتار دیتا ہے
۲۰۲۹	انما الطاعة في المعروف	(حم)	تابعداری نیک امر میں ہوتی ہے
۲۰۳۰	انما الولاء لمن اعتق	(حم)	غلام کے ترکہ کا وارث غلام کو آزاد کرنے والا ہے
۲۰۳۱	انما الماء من الماء	(م)	پانی کا استعمال پانی کے نکلنے سے لازم آتا ہے (یعنی احتلام)
۲۰۳۲	انما الحلف حنث او ندم	(ه)	قسم کا نتیجہ حانث ہونا ہے یا پشیمانی
۲۰۳۳	انما الناس كابل مائة لا تجد فيها راحلة	(حم)	لوگ اُن سو اونٹوں کیطرح ہیں جنمیں تو ایک بھی سواری کے لائق نہیں پاتا
۲۰۳۴	انما الخاتم لهذه وهذه يعني الخنصر والبنصر	(ط)	انگوٹھی چھنگلیا میں یا اُسکے ساتھ والی انگلی میں پہنی جائے
۲۰۳۵	انما الطيرة من امضاك او ردك	(حم)	فال تیرے جاری رہنے کے لئے ہے یا تیرے لوٹ آنے کیلئے
۲۰۳۶	انما الوتر على اهل القرآن	(ش)	وتر قرآن والوں پر لازم ہے
۲۰۳۷	انما الصلاة تمسكن وتضرع وتواضع	(م)	نماز مسکینی اور عاجزی اور تواضع ہے
۲۰۳۸	انما السجود على من استمع	(خ)	سجدۂ تلاوت اُسپر لازم ہوتا ہے جس نے سنا ہو
۲۰۳۹	انما العلم بالتعلم وانما الحلم بالتحلم	(ط)	علم سیکھنے سے آتا ہے اور بردباری بتکلف نرم بننے سے آتی ہے
۲۰۴۰	انما السلطان ظل الله في الارض ورمحه	(فر)	بادشاہ زمین پر اللہ کا سایہ اور اُسکا نیزہ ہے
۱۳۷	یا بلال ثوب فی صلاتک ولا تثوب فی غیرھا	(حم)	اے بلال اپنی نماز کیلئے قامت کہا کر نماز کے سوا اقامت نہ کر
۱۳۸	یا بلال مت فقیرا ولا تمت غنیا	(ط)	اے بلال فقیر ہو کر مر غنی ہو کر نہ مر
۱۳۹	یا بلال لا تسبقنی بآمین	(فر)	اے بلال تو مجھ سے پہلے آمین مت کہا کر

۱۴۰	اے بنی خطمہ اپنا مؤذن عمدہ شخص مقرر کرو	(هق)	یا بنی خطمة اجعلوا مؤذنکم افضلکم
۱۴۱	اے بنی سلمہ اپنے گھروں کو لازم پکڑو تمہارے آثار قدم لکھے جائینگے	(حم)	یا بنی سلمة دیارکم تکتب آثارکم
۱۴۲	اے بیٹے جب تو غلام کی قیمت کا مالک ہو جائے تو غلام خرید لینا	(فر)	یا بنی اذا ملکت ثمن عبد فاشتره
۱۴۳	اے بیٹے کرفس کھایا کر کہ اس سبزی کو انبیاء کھایا کرتے تھے	(فر)	یا بنی کل الکرفس فانها بقلة الانبیاء
۱۴۴	اے بیٹے قرآن کے پڑھنے سے غافل مت ہو	(فر)	یا بنی لا تغفل عن قرأة القرآن
۱۴۵	اے ثابت باغ کو قبول کر اور اسکو ایک طلاق دیدے (مراد خلع ہے)	(ما)	یا ثابت اقبل الحدیقة وطلقها تطلیقة
۱۴۶	اے جرہد اپنی ران کو چھپا دے کہ یہ شرمگاہ میں سے ہے	(ط)	یا جرهد خمر فخذك فانها من العورة
۱۴۷	اے جرہد اپنی ران کو ڈھانک لے کہ ران شرمگاہ سے ہے	(ط)	یا جرهد غط فخذك فان الفخذ من العورة
۱۴۸	اے جنیدب یہ سونا اہل نار (جہنمیوں) کا ہے	(هق)	یا جنیدب ان هذه ضجعة اهل النار
۱۴۹	اے حافظ قرآن خوش آواز سے قرآن پڑھ خدا تجھکو زینت دیگا	(فر)	یا حامل القرآن تزین به یزینك الله
۱۵۰	واہ کیا اچھا ہے عقلمندوں کا سونا اور جاگنا	(فر)	یا حبذا نوم الاکیاس وافطارهم[۱]
۱۵۱	اے حذیفہ جسکا خاتمہ کلمہ شہادت کے ساتھ ہو وہ داخل جنت ہوگا	(حا)	یا حذیفة من ختم له بالشهادة ادخل الجنة
۱۵۲	اے حسان تو طرف سے کفار کو جواب دے یا اللہ حسان کی روح القدس سے امداد کر	(ق)	یا حسان اجب عنی اللهم ایده بروح القدس
۱۵۳	اے حسان تو انکی مذمت کر اور جبریل تیرے ساتھ ہے	(ق)	یا حسان اهجهم وجبریل معك
۱۵۴	اے حمیرا کیا تو نہیں جانتی کہ امین اللہ کے اسماء میں سے ہے	(فر)	یا حمیرا اما علمت ان الامین اسم من اسماء الله
۱۵۵	یا حی یا قیوم تیری رحمت سے میں طلب امداد کرتا ہوں	(ت)	یا حی یا قیوم برحمتك استغیث
۱۵۶	اے دو کانوں والے	(حم)	یا ذا الاذنین[۲]
۱۵۷	اے رباح نماز کے اندر پھونک نہ مار کیونکہ جس نے پھونک ماری اس نے کلام کی	(د هق)	یا رباح لا تنفخ فی الصلاة فان من نفخ فقد تکلم
۱۵۸	اے سعد ایک ایک کر (اشارہ ایک انگلی سے کر)	(حم)	یا سعد احد احد
۱۵۹	اے سعد تیر مار میرے ماں باپ تجھپر قربان ہوں	(خ)	یا سعد ارم فداك ابی وامی
۱۶۰	اے سعد اقض عنی دینی بہت پڑھا کر (یعنی میرا قرض ادا کردے)	(حم)	یا سلمان اکثر من قول رب اقض عنی الدین
۱۶۱	اے سلمان تجھکو قرآن پڑھنا لازم ہے	(فر)	یا سلمان علیك بقرأة القرآن

[۱] افطار کے معنی روزہ کھولنے کے ہیں۔ اگر لفظ افطار الوقت ہو تو یعنی جاگنا درست ہے ورنہ یہ معنی ہوں گے کہ عقلمندوں کا سونا اور افطار کرنا کیا ہی اچھا ہے۔ فافہم ۱۲ مصحح

[۲] حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرمایا۔ مزاح اور لطیف اخلاق کے طور پر (تلخیص نہایہ) مصحح

۱۶۲	یا سلیك قم فارکع رکعتین خفیفتین	(طـ)	اے سلیک اُٹھ دو مختصر سی رکعتیں پڑھ لے
۱۶۳	یا شفاء علمی حفصة رقیة النملة	(حم طـ)	اے شفاء تو حفصہ کو مرض نملہ کا دم سکھا
۱۶۴	یا صفوان قرب اللحم من فیك فانه اهنا و امرا	(حم)	اے صفوان اپنے منہ کو گوشت کے قریب کر کہ یہ خوشگوار اور مبارک ہے
۱۶۵	یا طارق استعد للموت قبل نزوله	(هق)	اے طارق موت کے لئے اسکے آنے سے پہلے تیاری کر لے
۱۶۶	یا عائشة ان الله یبغض الفاحش المتفحش	(د)	اے عائشہ اللہ فحش کے عادتمند اور زبردستی فحش کہنے کو برا جانتا ہے
۱۶۷	یا عائشة لو علی امتی بالعمد اخوف من الخطاء	(عق)	اے عائشہ میں اپنی امت پر عمداً برا کرنیکا بہت خائف ہوں خطاء کرنیسے
۱۶۸	یا عائشة احبی المساکین وقربیهم	(هـ ت)	اے عائشہ مساکین سے محبت اور قربت کیا کر
۱۶۹	یا عائشة اعطی ولا تحصی فیحصی الله علیك	(حم)	اے عائشہ سخاوت کیا کر اور گِن گِن کر مت دینا ورنہ تجھے گِن کر دیگا
۱۷۰	یا عائشة اقلی من المعاذیر	(فر)	اے عائشہ بہانہ کم کیا کر
۱۷۱	یا عائشة انظری الحبشة کیف یلعبون	(حم)	اے عائشہ حبشیوں کو دیکھ کس طرح کھیلتے ہیں
۱۷۲	یا عائشة تصدقی ولو بشق تمرة	(حم)	اے عائشہ صدقہ کر اگرچہ آدھی کھجور ہو
۱۷۳	یا عائشة من اعطاك من غیر مسئلة فاقبلیه	(حم)	اے عائشہ جو شخص بغیر مانگے دے اسے قبول کر لیا کر
۱۷۴	یا عائشة لا تکونی فاحشة	(حم)	اے عائشہ تو فحش مت کہا کر
۱۷۵	یا عثمان اذا اشتریت فاکتل واذا بعت فکل	(حم)	اے عثمان جب خریدے تو ماپ کے خرید اور جب بیچے تو ماپ کے بیچ
۱۷۶	یا عثمان انك ستبتلی بعدی فلا تقاتلن	(ع)	اے عثمان میرے بعد تو آزمایا جائیگا تو کسی کو ہرگز قتل نہ کرنا
۱۷۷	یا علی ان الله غفر لك ولذریتك	(فر)	اے علی اللہ نے تجھکو اور تیری اولاد کو بخشدیا ہے
۱۷۸	یا حملة القرآن اکرموا القرآن فانه شافع وماحل[1]	(فر)	اے حافظان قرآن قرآن کی عزت کرو کہ وہی شفاعت کرنیوالا اور جھگڑنیوالا
۱۷۹	یا حمیرا لا تاکل الطین	(فر)	اے حمیرا کیچڑ مت کھا
۱۸۰	یا خولة لا تصبری علی حر ولا تصبری علی برد	(فر)	اے خولہ گرمی اور سردی پر صبر مت کر
۱۸۱	یا رباح ترب وجهك	(ش)	اے رباح اپنا منہ خاک آلودہ کر
۱۸۲	یا رویفع لعل الحیاة ستطول بك بعدی	(حم)	اے رویفع شاید میرے بعد تیری زندگی دراز ہوگی
۱۸۳	یا سعد اذا استاذنت فلا تستقبل الباب	(فر)	اے سعد جب کسی سے اجازت طلب کرے تو دروازہ کے سامنے کھڑا نہ ہوا کر

[1] ماحل ـ ای خصم مجادل ـ خصم جھگڑنے والا (نہایہ) مصحح

ياسعد طيب طعمتك تستجب دعوتك	(ط)	اے سعد اپنی خوراک حلال اور عمدہ کر قبول کیجائیگی دعا تیری	۱۸۴
ياسلمان ان المبتلى تستجاب دعوته	(فر)	اے سلمان آفت رسیدہ کی دعا قبول کیجاتی ہے	۱۸۵
ياسلمان قم واركع ركعتين وتجوز فيهما	(حب)	اے سلمان کھڑا ہو اور دو مختصر سی رکعتیں پڑھ لے	۱۸۶
ياشباب قريش احفظوا فروجكم	(طيا)	اے قریش کے نوجوانو حرام سے اپنی شرمگاہیں محفوظ رکھو	۱۸۷
ياصاحب السبتيين الق سبتيك	(حم)	اے بکے چمڑے کے جوتے والے اپنے بکے چمڑے کے جوتے کو پھینک	۱۸۸
ياطارق استعد للموت قبل الفوت	(ط)	اے طارق موت کیلئے فوت ہونے سے پہلے تیاری کر	۱۸۹
ياطلحة هذا جبريل يقرؤك السلام	(ط)	اے طلحہ یہ جبریل ہے تجھپر سلام کہتا ہے	۱۹۰
ياعائشة ان على كل شعرة جنابة	(حم)	اے عائشہ ہر ایک بال پر جنابت ہے	۱۹۱
ياعائشة ان عيني تنامان ولاينام قلبي	(خ)	اے عائشہ میری آنکھیں سوتی ہیں اور دل نہیں سوتا	۱۹۲
ياعائشة احبي اسامة فاني احبه	(ت)	اے عائشہ اسامہ کو پیار رکھ کہ میں اسکو پیار رکھتا ہوں	۱۹۳
ياعائشة انت اطيب من اللبأ بالتمر	(فر)	اے عائشہ تو باہوئی کھجور سے زیادہ مزیدار اور پاکیزہ ہے	۱۹۴
ياعائشة انت اطيب من تمر بزبد	(فر)	اے عائشہ تو کھجور اور مکھن سے زیادہ عمدہ پاک نفیس ہے	۱۹۵
ياعائشة بيت لاتمر فيه جياع اهله	(حم)	اے عائشہ جس گھر میں کھجور نہ ہو اسکے اہل بھوکے ہیں	۱۹۶
ياعائشة ليس كل الناس مرضي عليه	(حك)	اے عائشہ سب لوگ پسندیدہ نہیں ہیں	۱۹۷
ياعائشة لاتردي السائل ولو بشق تمرة	(ت)	اے عائشہ سائل کو رد مت کیا کر اگرچہ آدھی کھجور ہو	۱۹۸
ياعبادة اسمع واطع في عسرك ويسرك	(حم)	اے عبادہ حکم سن اور تابعداری کر تنگی اور فراخی کی حالت میں	۱۹۹
ياعثمان ان الرهبانية لم تكتب علينا	(حم)	اے عثمان رہبانیت ہمپر نہیں لکھی گئی (رہبانیت ترک لذائذ)	۲۰۰
ياعقبة صل من قطعك واعط من حرمك	(حم)	اے عقبہ تجھسے جو رشتہ قطع کرے اس سے تو ملاپ کر اور جو محروم کرے اسے دیا کر	۲۰۱
ياعلي ابشر حياتك وموتك معي	(ط)	اے علی خوش ہو کہ تیری زندگی اور موت میرے ساتھ ہے	۲۰۲
ياعلي اذا رأيت الاسد فكبر	(فر)	اے علی جب تو شیر دیکھے اللہ اکبر کہہ دیا کر	۲۰۳
ياعلي اسبغ الوضوء وان شق عليك	(حم)	اے علی وضو کامل کیا کر اگرچہ تجھپر دشواری ہو	۲۰۴
ياعلي انت تبين لامتي مااختلفوا فيه من بعدي	(فر)	اے علی تو میری امت پر وہ بات ظاہر کریگا جسمیں میرے بعد ان کو اختلاف ہوگا	۲۰۵

۲۰۶	يا علي انت تقتل على سنتي	(عل)	اے علی تو میری سنت پر قتل کیا جائیگا
۲۰۷	يا علي انت مني بمنزلة هارون من موسىٰ	(ط)	اے علی تو مجھ سے ایسا ہے جیسا ہارون موسیٰ کے لئے
۲۰۸	يا علي انت ولي كل مؤمن بعدي	(خط)	اے علی تو میرے بعد ہر ایک مومن کا ولی اور دوست ہے
۲۰۹	يا علي انت مؤمن مستخلف وانك مقتول	(بز)	اے علی تو مومن ہے خلیفہ کیا گیا ہے اور تو مقتول ہے
۲۱۰	يا علي اياك والكذب وان ظننت انه ينجيك	(فر)	اے علی جھوٹ سے بچنا اگرچہ تو اپنی نجات اس میں سمجھے
۲۱۱	يا علي طوبى لك ولمن احبك وصدق فيك	(هق)	اے علی خوشی ہو تجھکو اور جو تجھکو پیار کریں اور تیری محبت میں سچے ہوں
۲۱۲	يا علي في العرش مكتوب انا الله ومحمد رسولي	(نجا)	اے علی عرش پر لکھا ہے میں اللہ ہوں اور محمد میرا رسول ہے
۲۱۳	يا علي كل هم منقطع الا هم النار	(نجا)	اے علی ہر ایک غم ختم ہونیوالا ہے مگر آگ کا غم ختم ہونیوالا نہیں
۲۱۴	يا علي كن غيورا وكن سخيا	(الحرث)	اے علی تو غیرت اور سخاوت والا رہا کر
۲۱۵	يا علي ما من حبرة الا ويتبعها عبرة	(نجا)	اے علی کوئی خوشی نہیں مگر اسکے پیچھے غم اور آنسو ہوتے ہیں
۲۱۶	يا علي من هذا فاصب فانه اوفق لك	(د)	اے علی تو اسکو لیا کر کہ یہ تیرے بہت موافق ہے
۲۱۷	يا علي لا يحبك الا مؤمن ولا يبغضك الا منافق	(م)	اے علی تیرے ساتھ محبت بغیر مومن کے اور بغض بغیر منافق کے نہیں رکھیگا
۲۱۸	يا علي لا تفتح على الامام وانت في الصلاة	(د)	اے علی تو امام پر لقمہ نماز کے اندر نہ دیا کر
۲۱۹	يا عمر اكره ان يشركني في طهوري احد	(ه)	اے عمر میں وضو کے اندر کسیکی شراکت مکروہ سمجھتا ہوں
۲۲۰	يا عمر لا تعد في شيء من صدقاتك	(ع)	اے عمر تو اپنے صدقات کے اندر کسی شئے میں عود نہ کرنا
۲۲۱	يا عمر وانك لذو راي رشيد في الاسلام	(ى)	اے عمر تو اسلام کے اندر درست رائے والا ہے
۲۲۲	يا عماه وانت ان اطعت الله ليطيعنك	(ط)	اے میرے چچا اگر تو خدا کا مطیع ہو تو لوگ تیرے مطیع ہوجائینگے
۲۲۳	يا عم رسول الله اكثر من الدعاء بالعافية	(ط)	اے رسول اللہ کے چچے دعاء عافیت بہت مانگا کر
۲۲۴	يا عم ولد لك قوم لجج وخيرهم الابعد	(ط)	اے چچا تیری اولاد جھگڑالو قوم ہے انمیں سے جو دور رہیگا وہ افضل ہے
۲۲۵	يا غلام احفظ سري تكن عند الله آمنا قاله لانس	(ط)	اے لڑکے میرا راز پوشیدہ رکھ تو اللہ کے نزدیک امین ہوگا انس کو فرمایا
۲۲۶	يا غلام هذا ابوك وهذه امك فخذ بيد ايهما شئت	(ن)	اے لڑکے یہ تیرا باپ ہے اور یہ ماں جسکا چاہے ہاتھ پکڑلے
۲۲۷	يا فاطمة اصبري على مرارة الدنيا	(ك)	اے فاطمہ دنیا کی تلخی پر صبر کر

يا علی اذا رأيت المذی فتوضأ	(حم)	یا علی جب تو مذی دیکھے وضو کرلیا کر	۲۲۸
يا علی انت بمنزلة الكعبة	(فر)	اے علی تو بمنزلہ کعبہ کے ہے	۲۲۹
يا علی انت تغسل جثتی وتؤدی دينی	(فر)	اے علی تو میرا بدن دھوئیگا اور میرا قرضہ ادا کریگا	۲۳۰
يا علی انت سيد فی الدنيا سيد فی الآخرة	(ك)	اے علی تو دنیا و آخرت میں سردار ہے	۲۳۱
يا علی انت وشيعتك تردون علی الحوض رواء (طب)		اے علی تو اور تیری جماعت میرے پاس حوض پر سیراب شدہ وارد ہونگے	۲۳۲
يا علی انت عبقريهم	(ط)	اے علی تو انکا عبقری[1] ہے	۲۳۳
يا علی اوصيك بالعرب خيرا	(فر)	اے علی میں تجھکو عرب کے بھلائی کرنیکی وصیت کرتا ہوں	۲۳۴
يا علی تفكهوا بالبطيخ	(ع)	اے علی خربوزہ کو مزے سے کھایا کرو اسکو پھل سمجھو	۲۳۵
يا علی غط فخذك فانها من العورة	(حل)	اے علی اپنی ران کو ڈھانک رکھ کہ وہ شرمگاہ میں داخل ہے	۲۳۶
يا علی كل نعيم يزول الا نعيم الجنة	(نجا)	اے علی ہر ایک نعمت سوا جنت کی نعمتوں کے زائل ہو جاتی ہے	۲۳۷
يا علی كلما بلت ولم تجد الماء فتيمم	(فر)	اے علی جب تو پیشاب کرے اور پانی نہ پائے تو تیمم کرلیا کر	۲۳۸
يا علی لم تكن حرة الا وبينتها عرة	(نجا)	اے علی کوئی حرہ عورت بغیر عیب کے نہیں ہے	۲۳۹
يا علی محبك محبی ومبغضك مبغضی (ط)		اے علی تیرا دوست میرا دوست اور تیرا دشمن میرا دشمن ہے	۲۴۰
يا علی لا تجالس اصحاب النجوم	(فر)	اے علی نجومیوں کے ساتھ مت بیٹھا کر	۲۴۱
يا علی لا ترج الا ربك ولا تخف الا ذنبك (فر)		اے علی بغیر رب اپنے کے کسی سے امید نہ رکھا اور بغیر گناہ کسی سے مت ڈر	۲۴۲
يا علی لا تقع اقعاء الكلب	(طك)	اے علی کتے کی طرح نہ بیٹھا کر	۲۴۳
يا عمر ههنا تسكب العبرات يعنی عند الحجر	(ك)	اے عمر اس جگہ آنسو بہائے جاتے ہیں۔ حجر کے پاس	۲۴۴
يا عمر واكلها يعنی الحائض	(حل)	اے عمر حائضہ عورت کے ہمراہ کھانا کھالیا کر	۲۴۵
يا عمرو نعما المال الصالح للرجل الصالح	(حم)	اے عمر مال صالح مرد صالح کے لئے بہت اچھا ہے	۲۴۶ نعم
يا عم ان الله قد عصمنی من الجن والانس (ط)		اے میرے چچے مجھے اللہ نے جنوں اور آدمیوں سے بچالیا،	۲۴۷
يا عم لا تمش عريانا	(ابن النجار)	اے چچا ننگا نہ چلا کر	۲۴۸
يا عويمر ازدد عقلا تزدد من ربك قربا	(حلك)	اے عویمر اپنی عقل کو زیادہ کر تیرا قرب اللہ کیطرف بڑھ جائیگا	۲۴۹

[1] عبقری سیدہم وکبیرہم وقویہم ۱۲ (نہایہ جزری) مصحح

۲۵۰	یا غلام سم اللہ وکل بیمینک وممایلیک	(خ)	اے لڑکے خدا کا نام لیکر اپنے سامنے سے دہنے ہاتھ سے کھانا شروع کرو
۲۵۱	یا فاطمۃ اشتری نفسک ولو بشق تمرۃ	(فر)	اے فاطمہ اگرچہ آدھی کھجور سے ہو اپنی جان کو خرید لے
۲۵۲	یا فاطمۃ انت اول الناس لحوقا بی	(ط)	اے فاطمہ سب لوگوں سے پہلے تو مجھے آکر ملیگی
۲۵۳	یا فاطمۃ کونی لہ امۃ یکن لک عبدا	(فر)	اے فاطمہ تو اسکی کنیزک ہو جا وہ تیرا غلام ہو جائیگا
۲۵۴	یا قباث انک تبنی وتھدم	(حم)	اے قباث تو بناتا ہے اور گراتا ہے
۲۵۵	یا قنبرۃ اذکر اللہ عند الخطیئۃ	(فر)	اے قنبرہ خطا کے وقت خدا کا ذکر کیا کرو
۲۵۶	یا کعب خذ الشطر ودع الشطر	(فر)	اے کعب نصف قرض چھوڑ دو اور نصف لے لو
۲۵۷	یا کلیب الق عنک شعر الکفر واختتن	(فر)	اے کلیب تو اپنی جان سے کفر کے بال پھینکدے اور ختنہ کر
۲۵۸	یا معاذ اخلص یکفک القلیل العمل	(فر)	اے معاذ اخلاص سے کام کر تھوڑا عمل تیرے لئے کفایت کریگا
۲۵۹	یا معاذ حسن خلقک للناس	(فر)	اے معاذ لوگوں کے خوش خلقی پیش آیا کر
۲۶۰	یا معاویۃ انک اتبعت عورات الناس افسدتہم	(د)	اے معاویہ اگر تو لوگونکے پوشیدہ حالات کے درپے ہوگیا تو انکو بگاڑ دیگا
۲۶۱	یا معاویۃ ان ولیت امرا فاتق اللہ واعدل	(ط)	اے معاویہ اگر تو حاکم ہوگیا تو اللہ سے ڈرنا اور انصاف کرنا
۲۶۲	یا معشر المسلمین اتقوا اللہ وصلوا ارحامکم	(حم)	اے مسلمانوں کی جماعت اللہ سے ڈرو اور صلہ رحمی کرو
۲۶۳	یا معشر قریش انتم الولاۃ بعدی	(ط)	اے جماعت قریش تم میرے بعد حکام ہو
۲۶۴	یا نفس مالک تلوذین بکل ملاذ	(سع)	اے نفس تجھکو کیا ہوا ہر ایک جائے پناہ سے پناہ پکڑتا ہے
۲۶۵	یا وزان زن وارجح	(بغوی)	اے تولنے والے اچھی طرح بھاری تول (یعنی جھکتا ہوا)
۲۶۶	یأتی آکل الربا یوم القیامۃ مخبلا یجر شقہ	(فر)	سود خوار قیامت میں پاگل ہوکر آئیگا اپنے پہلو کو کھینچیگا
۲۶۷	یأتی علی الناس زمان الصابر فیہ علی دینہ کالقابض علی الجمر	(ت)	لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ دین پر صبر کرنیوالا ایسا ہوگا جیسے چنگاری کو مٹھی میں پکڑنیوالا
۲۶۸	یأتی علی الناس زمان تقتل فیہ العلماء	(فر)	لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ اسمیں علماء قتل کئے جائینگے
۲۶۹	یأتی علی الناس زمان ھمتہم بطونہم	(فر)	لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ انکی ہمت اور توجہ پیٹ کیطرف ہوگی
۲۷۰	یأتی علی الناس زمان یأکلون فیہ الربا	(حم)	لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ اسمیں سود کھائیں گے

يأتي على الناس زمان يتمنون فيه الدجال	(فر)	لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ وہ دجال کی آرزو کرینگے	۲۷۱
يأتي على الناس زمان يكون المؤمن اذل من شاته	(كر)	لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ مومن کی شان ذلیل ہوگی	۲۷۳
يأتي على الناس زمان يلعبون بها اى الشطرنج	(فر)	لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ اسمیں شطرنج کھیلیں گے	۲۷۴
يأتيني جبريل على صورة دحية الكلبي	(ط)	میرے پاس جبریل دحیہ کلبی کی صورت میں آتا ہے	۲۷۵
يأكل الوالدان من مال ولدهما بالمعروف	(فر)	ماں باپ اپنی اولاد کا مال مطابق عرف کھا سکتے ہیں	۲۷۶
يؤم القوم اقرؤهم لكتاب الله	(ش)	قوم میں سے بڑا قاری امام بننے کا مستحق ہے	۲۷۷
يؤم القوم اكبرهم سنا	(ط)	قوم میں سے بزرگ امام ہونے کا مستحق ہے	۲۷۸
يا فاطمة لم يعمر نبي الا نصف عمر الذي قبله	(حل)	اے فاطمہ کسی نبی کو عمر نہیں دیگئی مگر نصف اسکا جو قبل نبوۃ کے تھی	۲۷۹
يا قديم افلحت ان مت ولم تكن اميرا	(ط)	اے قدیم تو نے فلاح پائی اگر مرگیا اور امیر نہ ہوا	۲۸۰
يا كعب الصلاة برهان والصيام جنة	(ط)	اے کعب نماز دلیل ہے اور روزہ ڈھال	۲۸۱
يا كعب لا تتزوج يهودية فانها لا تحصنك	(دش)	اے کعب یہودی عورت سے نکاح نہ کر کہ تو اس سے محصن نہ ہوگا	۲۸۲
يا مسكينة عليك السكينة	(ط)	اے مسکین عورت تیرے اوپر رحمت ہے	۲۸۳
يا معاذ اذا كان الشتاء فغلس بالفجر	(ك)	اے معاذ سردی کے موسم میں فجر کی نماز اندھیرے میں پڑھ لیا کر	۲۸۴
يا معاوية الق الدوات وحرف القلم	(د)	اے دوات میں صوف ڈال اور قلم کو ٹیڑھا چھوڑا بنا رکھ	۲۸۵
يا معاوية ان كان ملكت فاحسن	(حم)	اے معاویہ اگر تو مالک ہوا تو احسان کیجیو	۲۸۶
يا معشر التجار اياكم والكذب	(ط)	اے سوداگروں کی جماعت جھوٹ سے بچو	۲۸۷
يا معشر العرب احمدوا الله اذ رفع عنكم العشور	(حم)	اے عرب کی جماعت اللہ کی حمد کہو کہ اس نے تمسے ٹیکس اٹھا دیا ہے	۲۸۸
يا مقلب القلوب ثبت قلبي على دينك	(حم)	اے دلوں کے پھیرنیوالے میرا دل اپنے دین پر ثابت رکھ	۲۸۹
يا نقادة دع داعي اللبن	(ط)	اے پرکھنے والی دودھ کے دعوٰی کنندہ کو چھوڑ دے	۲۹۰
يا ويح الخادم سيد في الدنيا سيد في الآخرة	(فر)	اے افسوس خادم دنیا اور آخرت میں سردار ہے	۲۹۱
يأتي الاسلام يوم القيامة كالرجل عليه رداء	(فر)	اسلام قیامت کے روز ایسے شخص کی صورت میں آئیگا جسکے سر پر چادر ہو	۲۹۲
يأتي على الناس زمان لا يجدون فيه اماما يصلي بهم	(حم)	لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ وہ نماز پڑھانیوالا امام نہ پائینگے	۲۹۳

۲۹۴	يأتي على الناس زمان خير مال المسلم غنم	(ق)	لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ اچھا مال مسلمان کا اسوقت بکریاں ہونگی
۲۹۵	يأتي على الناس زمان لا يسلم لذي دين دينه	(حل)	لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ کسی دیندار کیلئے دین سالم نہیں رہیگا
۲۹۶	يأتي على الناس زمان يأكلون كلهم الربا	(خ)	لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ سب کے سب سود خوار ہوں گے
۲۹۷	يأتي على الناس زمان يستخفي المؤمن فيهم	(فر)	لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ مومن اسمیں پوشیدہ رہیگا
۲۹۸	يأتي على الناس زمان يكون السلطان كالسبع	(فر)	لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ بادشاہِ وقت مثل درندہ کے ہوگا
۲۹۹	يأتي معاذ امام العلماء يوم القيامة برتوة[1]	(سم)	حضرت معاذ قیامت کے روز علماء سے تیر بھر یا میل بھر یا قدر درازئ نظر آگے ہونگے
۳۰۰	يؤتى بالموت كانه كبش املح فيذبح بين الجنة والنار	(ع)	موت کو ایک بھیڑ بہ رنگ سیاہ وسفید آمیختہ میں لا کر جنت دوزخ کے درمیان ذبح کیا جائیگا
۳۰۱	يؤذن المؤذن ويقيم قوم وما هم بمؤمنين	(ط)	مؤذن اذان کہیگا اور قوم اقامت کریگی اور وہ سب مومن نہ ہونگے
۳۰۲	يؤم القوم اقرؤهم للقرآن	(حم)	قوم کا امام انہیں سے قرآن کا بڑا قاری ہونا چاہیئے
۳۰۳	يؤمكم اقرؤكم وان كان ولد الزنا	(فر)	بڑا قاری تم میں سے تمہارا امام ہونا چاہیئے اگرچہ ولد زنا ہو
۳۰۴	يؤمكم اقرؤكم ويؤذن لكم خياركم	(لا)	تم میں سے جو بڑا قاری ہو وہ امام ہو اور جو تم میں نیک ہو وہ اذان کہے
۳۰۵	يؤذن لكم خياركم	(د)	تم میں سے نیک شخص اذان کہا کرے
۳۰۶	يبطئ احدكم ثم يتخطى رقاب الناس ويؤذيهم	(ط)	بعض تمہارا دیر سے آتا ہے اور لوگوں کی گردنیں لتاڑتا ہوا انکو تکلیف دیتا ہے
۳۰۷	يبعث الله الناس يوم القيامة على نياتهم	(حم)	قیامت کے روز اللہ لوگوں کو انکی نیتوں کے مطابق اٹھائیگا
۳۰۸	يبعث الله الناس والسماء تطش عليهم	(حم)	اللہ لوگوں کو اٹھائیگا اور آسمان ان پر گرتا ہوگا
۳۰۹	يتجلى لنا ربنا ضاحكا يوم القيامة	(قط)	اللہ ہمکو قیامت کے روز ہنستا ہوا جلوہ فرمائیگا
۳۱۰	يترك للمكاتب الربع	(ك)	مکاتب کے لئے ایک ربع معاف کیا جائیگا
۳۱۱	يتوضأ وضوءه للصلاة ـ قاله للجنب ينام	(ط)	نماز کی طرح وضو کرلے ـ یہ جنبی شخص کیلئے فرمایا جو سوجائے
۳۱۲	يجزي عنك الثلث	(ك)	تیرے لئے ایک ثلث کافی ہے
۳۱۳	يجزي في الوضوء مد وفي الغسل صاع	(ط)	وضو کے لئے ایک مد پانی اور غسل کیلئے ایک صاع کافی ہے
۳۱۴	يجزي من الضرورة غبوق او صبوح	(ك)	ضرورت کے سبب صبح وشام دودھ پینا کافی ہے
۳۱۵	يجزي من الوضوء المد ومن الجنابة الصاع	(ش)	وضو کیلئے ایک مد پانی کافی ہے اور جنابت کیلئے ایک صاع

[1] رتوۃ ـ ای رمیۃ سہم وقیل میل وقیل مدی البصر ۱۲ (نہایہ) مصحح

يجوز الجذع من الضأن اضحية	(ك)	چکی والے دنبے چھ ماہ کے قربانی کے لئے کافی ہوسکتے ہیں	۳۱۶
يجير على المسلمين بعضهم	(حم)	بعض مسلمان دوسرے مسلمان کیطرف سے کافر کو امن دیسکتے ہیں	۳۱۷
يحاسب الناس على قدر عقولهم	(الحث)	لوگوں سے بمقدار انکے عقلوں کے حساب کیا جائیگا	۳۱۸
يحرق متاع الذي يغل الا الحيوان	(فر)	غنیمت کے مال میں خیانت کرنیوالے کا حیوانات کے سوا باقی تمام مال جلا دیا جائے	۳۱۹
يحرم من الرضاعة ما يحرم من النسب	(حم)	جو حرمت نسب سے ثابت ہوتی ہے وہی دودھ سے ثابت ہوتی ہے	۳۲۰
يحشر الله الزاني وذكره في فمه	(فر)	اللہ زناکار کو قیامت میں ایسی حالت میں اٹھائیگا کہ اسکا ذکر اسکے منہ میں ہوگا	۳۲۱
يحشر الناس على نياتهم	(ك)	لوگ اپنی نیتوں کے مطابق جمع کئے جائینگے	۳۲۲
يخرب الكعبة ذو السويقتين من الحبشة	(ق)	دو چھوٹی پنڈلیوں والا حبشی خانہ کعبہ کو خراب کریگا	۳۲۳
يخرج الدجال في خفقة من الدين وادبار من العلم	(حم)	دجال اسوقت نکلیگا کہ دین کی تخفیف ہوگی اور علم کیطرف پشت ہوگی	۳۲۴
يخرج الدجال ومعه سبعون الفا من الحاكة	(فر)	جس وقت دجال نکلیگا اسکے ساتھ ستر ہزار جلاہے ہونگے	۳۲۵
يخرج من النار قوم بالشفاعة كانهم الثغارير	(خ)	ایک قوم بسبب شفاعت کے چڑیا کے بچوں کیطرح آگ سے نکلے گی	۳۲۶
يخرج من ثقيف مبير وكذاب	(ط)	قبیلہ ثقیف سے ایک جھوٹا اور ایک بلا کو نکلیگا	۳۲۷
يد الله مبسوطة على خلقه فمن رفع نفسه وضعه	(فر)	اللہ کا ہاتھ اپنی مخلوق پر بچھا ہوا ہے جو خود کو بلند کرے اسکو خدا ذلیل کرتا ہے	۳۲۸
يؤتي بجهنم يومئذ لها سبعون الف زمام	(م)	اس روز جہنم لائی جائیگی اسکے ستر ہزار لگام ہوگی	۳۲۹
يبصر احدكم القذاة في عين اخيه وينسى الجذع في عينه	(حل)	یک تمہارا دوسرے کی آنکھ کا تنکا دیکھتا ہے اور اپنی آنکھ میں تنہ درخت کو نہیں دیکھتا	۳۳۰
يبعث الله الخلائق وافئدتهم كافئدة الطير	(م)	لوگونکو اللہ اٹھائیگا انکے دل پرندوں کے دلوں کیطرح ہونگے	۳۳۱
يبعث الله الخلائق حفاة عراة غرلا	(ك)	لوگونکو اللہ اٹھائیگا ننگے پاؤں ننگے بدن اور غیر مختون	۳۳۲
يبعث كل عبد على مامات عليه	(م)	ہر شخص کو اللہ اسی حالت پر اٹھائیگا جسپر مرا تھا	۳۳۳
يترك الغريق يوما وليلة ثم يدفن	(ك)	غرق شدہ شخص کو ایک دن رات چھوڑکر پھر دفن کیا جائے	۳۳۴
يتفاضل الناس بالعقل في الدنيا والآخرة	(حلك)	بسبب عقل کے لوگوں کی دنیا و آخرت میں باہم فضیلت ہوگی	۳۳۵
يجزئ عن القوم اذا مروا ان يسلم احدهم	(ك)	گذرنیوالی قوم میں سے ایک کا سلام کرنا کافی ہے	۳۳۶

سلہ غرل ہوالاقلف۔ ختنہ ناکردہ ۱۲ نہایہ و منتہی الارب ۲ مصحح

۳۳۷	یجزی فی الوضوء رطلان من ماء	(ت)	وضو کے لئے دو رطل پانی کافی ہے
۳۳۸	یجزی من السواک الاصابع	(ھق)	بجائے مسواک کے انگلی کافی ہے
۳۳۹	یجزی من الوضوء مد ومن الغسل صاع	(ہ)	وضو کے لئے ایک مد پانی اور غسل کے لئے ایک صاع کافی ہے
۳۴۰	یجمع اللہ الامم فی صعید واحد	(فر)	تمام اُمتوں کو اللہ ایک میدان میں جمع کریگا
۳۴۱	یجیر علی المسلمین ادناھم	(ط)	ادنیٰ مسلمان تمام مسلمانوں پر امان دیسکتا ہے
۳۴۲	یجیر علی امتی ادناھم	(حم)	میری تمام امت پر انکا ادنیٰ شخص امان دیسکتا ہے
۳۴۳	یحب اللہ العامل اذا عمل ان یحسن	(ط)	اخلاص سے عمل کرنیوالے کو اللہ پسند کرتا ہے
۳۴۴	یحرم من الرضاع قلیلہ وکثیرہ	(ن)	دودھ تھوڑا ہو کہ بہت حرمت رضاعت ثابت کردیتا ہے
۳۴۵	یحشر الجبارون فی صورۃ الذر	(بز)	ظالم لوگ چیونٹیوں کی صورت میں جمع کئے جائینگے
۳۴۶	یحشر الناس علی ارض بیضاء عفراء	(ق)	سفید گردے والی زمین پر لوگ جمع کئے جائینگے
۳۴۷	یحمل ھذا العلم من کل خلف عدولہ	(فر)	یہ علم ہر ایک متأخر سے انکے دشمن سیکھ لیں گے
۳۴۸	یخرج اللہ قوما من النار فیدخلھم الجنۃ	(حم)	اللہ ایک قوم کو آگ سے نکالکر انکو جنت میں داخل کریگا
۳۴۹	یخرج الدجال من قبل اصبھان	(ط)	اصبہان کیطرف سے دجال نکلیگا
۳۵۰	یخرج فی آخر الزمان خلیفۃ یعطی المال بغیر عدد	(م)	آخر زمانہ میں ایک ایسا خلیفہ نکلیگا کہ بغیر گننے کے مال دیگا
۳۵۱	یخرج من النار من کان فی قلبہ ذرۃ من ایمان	(ت)	وہ آدمی آگ سے نکالا جائیگا جسکے دل میں ذرہ بھر ایمان ہو
۳۵	ید اللہ علی الجماعۃ	(ت)	اللہ کا ہاتھ جماعت کے اوپر ہے
۳۵	ید اللہ مع القاسم حین یقسم	(حم)	تقسیم کرنیوالا جب بانٹتا ہے تو اللہ کا ہاتھ اُسکے ساتھ ہوتا ہے
۳۵	ید اللہ مع القاضی حین یقضی	(حم)	اللہ کا ہاتھ قاضی کے ساتھ ہے جبکہ وہ حکم کرتا ہے
۳۵	ید المعطی العلیا وابدأ بمن تعول	(ط)	دینے والے کا ہاتھ بڑا ہے جسکی تو عیالداری کرے اسکو دینا شروع کر
۳۵	ید الوالد فی ید ولدہ مبسوطۃ	(ابو)	اولاد کے مال میں باپ کا ہاتھ دراز ہے
۳۵	یدخل الجنۃ اقوام افئدتھم مثل افئدۃ الطیر	(حم)	جنت میں ایسے لوگ داخل ہونگے جنکے دل پرندوں کے دلوں کیطرح ہونگے
۳۵	یدخل الجنۃ من بایع تحت الشجرۃ	(ت)	وہ جنت میں داخل ہوگا جس نے درخت کے نیچے بیعت کی ہے

یدخل رجل من هذه الامة الجنة قبل موته (فر)	ایک شخص اس امت سے اپنی موت سے پہلے ہی داخل جنت ہو جائیگا	۳۵۹
یدخل عبد الرحمن بن عوف الجنة زحفا (حم)	عبد الرحمن بن عوف جنت میں گھسی کرتا ہوا داخل ہوگا	۳۶۰
یدرس الاسلام کما یدرس الثوب (ک)	اسلام ایسا کہنہ ہو جائیگا جیسے کپڑا کہنہ ہو جاتا ہے	۳۶۱
یرث الرجل اخوته لابیه وامه دون اخوته لابیه (فر)	سگے بھائی شخص کے وارث ہیں خالی باپ کیطرف کے وارث نہیں	۳۶۲
یرث الولاء من یرث المال من والد وولد (حم)	وہ شخص ولاء کا وارث ہے جو اپنے باپ اور بیٹے کا وارث ہوسکے	۳۶۳
یرحم الله اخا عاد (ک)	اللہ قوم عاد کے بھائی پر رحم کرے	۳۶۴
یرحمنا الله واخا عاد (ک)	اللہ ہم پر اور عاد کے بھائی پر رحم کرے	۳۶۵
یرحم الله المتسرولات من النساء (قط)	پاجامہ پہننے والی عورتوں پر اللہ رحم کرے	۳۶۶
یٰس قلب القرآن وفیها شفاء من کل داء (حلم)	یٰس قرآن کا دل ہے اور اسمیں ہر بیماری کی شفا ہے	۳۶۷
یستأنی بالجراحات سنة (فر)	ایک سال اپنے زخموں کے ساتھ ثابت رہیگا	۳۶۸
یسروا ولا تعسروا (ق)	آسانی کرو اور تنگی مت کرو	۳۶۹
یشبه ریحان الجنة یعنی ورد الحناء (ط)	مہدی کا گل جنت کے ریحان سے مشابہ ہے	۳۷۰
یشفع الشهید فی سبعین من اهل بیته (فر)	شہید اپنے قبیلے کے ستر اشخاص کے لئے شفاعت کریگا	۳۷۱
یشهده ملائکة اللیل وملائکة النهار یعنی القرآن (ن)	قرآن کے لئے رات اور دن کے فرشتے حاضر ہوتے ہیں	۳۷۲
یصلی اذا ذکر یعنی من نسی الصلاة (ط)	جو شخص نماز کو بھول جائے جب یاد آئے پڑھ لے	۳۷۳
یصلی فی مرابض الغنم ولا یصلی فی معاطن الابل (حب)	بکریوں کے باڑے میں نماز پڑھ لے اور اونٹوں کے باڑے میں نہ پڑھے	۳۷۴
یطبع المؤمن علی الخلال کلها الا الخیانة والکذب (حم)	مومن کی ہر ایک خو ہو سکتی ہے مگر خیانت اور جھوٹ نہیں ہو سکتی	۳۷۵
یطبع المؤمن علی کل شیٔ الا الخیانة والکذب (حم)	مومن کی ہر ایک شے طبعی ہو سکتی ہے مگر خیانت اور جھوٹ نہیں ہو سکتی	۳۷۶
یطعم لکل یوم نصف صاع من بر (هق)	ہر ایک روز کے لئے آدھا صاع گندم دیا کرے	۳۷۷
یطهرها الماء والقرظ یعنی المیتة (قط)	مردار کو پانی اور کیکر کی چھال پاک کر دیتی ہے	۳۷۸
ید الرحمن فوق رأس المؤذن (ط)	اللہ کا ہاتھ مؤذن کے سر کے اوپر ہے	۳۷۹
ید المعطی العلیا وید الآخذ السفلی (ط)	دینے والیکا ہاتھ بلند اور لینے والیکا ہاتھ پست ہے	۳۸۰

۳۸۱	يدخل الجنة الاحمق في معيشته الفاجر في دينه	(ط)	داخل ہوگا جنت میں جو بلحاظ زندگی کے احمق اور بلحاظ دین کے فاجر ہوگا
۳۸۲	يدخل الجنة من امتي سبعون الفا من غير حساب	(ف)	میری امت سے ستر ہزار بغیر حساب داخل جنت ہونگے
۳۸۳	يدخل الميت من قبل رجليه ويسل سلا	(فر)	میت قبر میں پاؤں کیطرف سے کھسکا کر داخل کیا جاتا ہے
۳۸۴	يدخل سالبك وقاتلك النار قاله لعمار	(کر)	عمار کو فرمایا تیرا قاتل اور بعد قتل تیرا اسباب لینے والا داخل دوزخ ہونگے
۳۸۵	يدخل فقراء امتي قبل اغنيائها بمائة عام	(حل)	میری امت کے فقراء اغنیاء سے سو سال پہلے داخل جنت ہونگے
۳۸۶	يدفع الله عن امتي بمن يصلي عمن لا يصلي	(عن)	اللہ میری امت کے نمازیوں کے سبب بے نمازوں سے عذاب دفع کر دیتا ہے
۳۸۷	يرث الولاء من يرث المال	(ت)	ولاء کا وہ شخص وارث ہو سکتا ہے جو مال کا وارث ہو سکے
۳۸۸	يورثه من حيث يبول	(عد)	یہ اسکا وارث اس وجہ سے ہے کہ پیشاب کرتا ہے
۳۸۹	يرحمك الله فانك عليم معلم	(حم)	تجھپر خدا رحم کرے کہ تو بڑا عالم اور معلم ہے
۳۹۰	يرحم الله المتسرولات	(عق)	اللہ پاجامہ پہننے والی عورتوں پر رحم کرے
۳۹۱	يرحم الله المتسرولات من امتي	(عد)	اللہ میری امت کی پاجامہ پوش عورتوں پر رحم کرے
۳۹۲	يستانفون وفي لفظ يستقبلون العمل يعني الحجاج	(هق)	حاجی لوگ از سر نو عمل کرتے ہیں
۳۹۳	يستحب النكاح في رمضان رجاء البركة	(فر)	رمضان میں بامید برکت کے نکاح کرنا مستحب ہے
۳۹۴	يسروا ولا تعسروا وبشروا ولا تنفروا	(ط)	لوگوں کے لئے آسانی کرو تنگی نہ کرو خوشخبری دو نفرت مت دلاؤ
۳۹۵	يشفع الله يوم القيامة الانبياء ثم العلماء ثم الشهداء	(عن)	اللہ پہلے انبیاء سے شفاعت لیگا پھر علماء پھر شہداء سے
۳۹۶	يشمت العاطس ثلاثا فان زاد فهو مزكوم	(د)	چھینکنے والے کو تین دفعہ یرحمک اللہ سے خوش کر اس سے زیادہ چھینک زکام ہے
۳۹۷	يصب على بول الغلام ويغسل بول الجارية	(ط)	لڑکے کے پیشاب کو خفیف دھویا جائے اور لڑکی کو مبالغہ سے
۳۹۸	يصلي على من مات من اهل القبلة	(خ)	اہل قبلہ سے جو شخص مر جائے اسپر نماز جنازہ پڑھی جائیگی
۳۹۹	يضمن المقدم على الدابة الثلثين والرديف الثلث	(فر)	جانور کے صدر سوار پر دو ثلث تاوان آئیگی اور پیچھے بیٹھنے والے پر ایک ثلث
۴۰۰	يطبع المؤمن على كل خلة الا الخيانة والكذب	(بز)	مومن کی ہر ایک خو ہو سکتی ہے مگر خیانت اور جھوٹ نہیں
۴۰۱	يطعم عنه لكل يوم مسكين	(هق)	روزہ کا فدیہ ہر روز کے عوض ایک مسکین کو کھانا کھلایا جائے
۴۰۲	يطهر المؤمن ثلاثة احجار والماء اطهر	(ط)	بیت الخلاء میں مومن کو تین پتھر پاک کرتے ہیں اور پانی زیادہ پاک کرنیوالا ہے

يعاد الوضوء من الرعاف السائل	(عد)	نکسیر جاری ہونے سے دوبارہ وضو کیا جائے	۴۰۳
يعافي الاميون ما لا يعافى العلماء	(حل)	جاہلوں کو وہ عافیت دیجاتی ہو جو علماء کو نہیں دیجاتی	۴۰۴
يعذب الميت ببكاء اهله عليه	(حم)	میت کو بوجہ گریہ اُسکے اہل کے اُس پر عذاب دیا جاتا ہے	۴۰۵
يعطى المؤمن في الجنة قوة مائة في الجماع	(ط)	مومن کو جنت میں جماع کے لئے سو جوان کی قوت دیجائیگی	۴۰۶
يعفى عنه كل يوم سبعين مرة يعني المملوك	(حم)	مملوک غلام کو ہر روز ستّر دفعہ معاف کیا جائے	۴۰۷
يعمد احدكم فيبرك في صلاته كما يبرك الجمل	(د)	بعض تم میں سے نماز میں مثل اونٹ کے بیٹھتا ہے	۴۰۸
يعيش هذا الغلام قرنا يعني ابن بسر	(حم)	ابن بسر کو فرمایا۔ کہ یہ لڑکا دو قرن تک زندہ رہیگا	۴۰۹
يغسل الاناء من ولوغ الهرة مرة او مرتين	(طحاوی)	بلی کے منہ ڈالنے سے برتن ایک یا دو دفعہ دھویا جائیگا	۴۱۰
يغسل ما مس المرأة منه ثم يتوضأ ويصلي يعني من لم ينزل	(عد)	جسے انزال نہ ہوا ہو وہ صرف اتنا جسم دھوئے جتنے سے عورت کو مس کیا ہے پھر وضو کرے اور نماز پڑھے	۴۱۱
يغسل من الهر كما يغسل من الكلب	(فر)	بلی سے ایسا ہی برتن دھویا جائے جیسا کتے سے دھویا جاتا ہے	۴۱۲
يغفر للشهيد كل ذنب الا الدين	(حم)	شہید کے لئے ہر گناہ معاف کیا جاتا ہے مگر قرضہ نہیں	۴۱۳
يفسح للغريب في قبره كبعده من اهله	(فر)	مسافر کیلئے قبر میں اتنی کشائش ہوگی جتنی اسکی مسافت کی دوری ہے	۴۱۴
يقبض العلم ويظهر الجهل والفتن ويكثر الهرج	(خ)	علم قبض کیا جائیگا فتنے اور جہل ظاہر ہو جائیگا باہم قتل زیادہ ہوگا	۴۱۵
يقتل الحسين على رأس الستين سنة	(ط)	حسین ساٹھ سال بعد قتل کیا جائیگا	۴۱۶
يقتل المحرم الحية والذئب	(هق)	محرم شخص سانپ اور بھیڑیے کو قتل کر سکتا ہے	۴۱۷
يقتل بهذه الحرة خيار امتي بعد اصحابي	(هق)	اس سنگستان میں میرے اصحاب کے بعد نیک لوگ قتل کئے جائینگے	۴۱۸
يقطع الصلاة المرأة الحائض والكلب	(د ن ه)	نماز کو حیض والی عورت اور کتا توڑتا ہے	۴۱۹
يقطع المحرم الخفين اسفل من الكعبين	(ق)	محرم موزوں کو ٹخنوں کے نیچے کاٹ لیگا	۴۲۰
يقال لصاحب القرآن اقرأ وارق	(حم)	حافظ قرآن کو کہا جائیگا تو پڑھ اور اوپر چڑھ	۴۲۱
يقول الله السخي مني وانا منه	(فر)	اللہ فرماتا ہے سخی مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں (مراد تقرب ہے)	۴۲۲
يقول الله انا بدك اللازم فاعمل لبدك	(فر)	اللہ فرماتا ہے میں تیری حاجت ہوں اپنی حاجت کیلئے عمل کر	۴۲۳

۴۲۴	یقول اللہ ان تقبل علی ملأت قلبك غنی	(ابو)	اللہ فرماتا ہے اگر تو نے میری طرف رجوع کیا تو میں تیرا دل غنا سے بھر دونگا
۴۲۵	یقول اللہ ان رجوتنی غفرت لك	(ط)	اللہ فرماتا ہے اگر تو نے میری امید کی تو میں تجھکو بخش دونگا
۴۲۶	یقول ان عبدی المؤمن بمنزلة کل خیر	(حم)	اللہ فرماتا ہے میرا مومن بندہ ہر ایک خیر کے درجہ میں ہے
۴۲۷	یقول اللہ تفرغ لعبادتی املأ قلبك غنی	(حم)	اللہ فرماتا ہے تو میری عبادت کیلئے تیار رہو جا میں تیرا دل غنا سے بھر دونگا
۴۲۸	یقول اللہ انتقم ممن ابغض ثم اصیرهما الی النار	(فر)	اللہ فرماتا ہے میں اپنے مبغوضوں سے اپنے دوسرے مبغوضوں کے ذریعے بدلہ لونگا پھر ان دونوں کو جہنم کیطرف لوٹا دونگا
۴۲۹	یعذب الموحدون فی النار بقدر نقصان ایمانہم	(فر)	قابل عذاب اشخاص کو بقدر نقصان ایمان عذاب دیا جائیگا
۴۳۰	یعض احدکم اخاه کما یعض الفحل لادیة لك	(حم)	بعض تمہارا اپنے بھائی کو اونٹ کیطرح کاٹتا ہے اور تیرے لئے کوئی دیت نہیں
۴۳۱	یعق عن الغلام ولا یمس رأسه بدم	(حم)	لڑکے کیطرف سے عقیقہ کیا جائے اور اسکا سر خون آلودہ نہ کیا جائے
۴۳۲	یعمد احدکم الی اخیه فیعضه کعضیض الفحل	(ق)	ایک تمہارا اپنے بھائی کو اونٹ کیطرح کاٹتا اور چباتا ہے
۴۳۳	یعمد احدکم الی جمرة من نار فیجعلها فی یده	(م)	ایک تمہارا آگ کی چنگاری کا قصد کرکے اسکو ہاتھ میں رکھتا ہے
۴۳۴	یغزو هذا البیت جیش فیخسف بهم بالبیداء	(ن)	ایک لشکر خانہ کعبہ کے ساتھ جنگ کریگا پھر اسکو جنگل کی زمین میں دھنسایا جائیگا
۴۳۵	یغسل بول الجاریة وینضح بول الغلام	(عب)	لڑکی کا پیشاب دھویا جائیگا اور لڑکے کا خفیف دھویا جائیگا
۴۳۶	یغسل مذاکیره ویتوضأ وضوءه للصلاة	(ن)	اسکے تمام شرمگاہ دھوئے جائیں اور اسکو مثل نماز وضو کرایا جائے
۴۳۷	یغسل من بول الجاریة ویرش من بول الغلام	(د)	لڑکی کے پیشاب سے دھویا جائے اور لڑکے کے پیشاب سے چھڑکا جائے
۴۳۸	یفرق الشیطان من ظل عمر	(حلـ)	شیطان عمر کے سایہ سے ڈرتا ہے
۴۳۹	یفضل عمل السر علی عمل العلانیة بسبعین ضعفا	(هق)	پوشیدہ عمل ظاہری عمل سے ستر حصہ دوچند افضل و اعلی ہے
۴۴۰	یقتل الحسین حتی یعلوه القنبر	(ط)	حسینؓ کو قتل کریگا اور پھر اسپر قنبر علیؓ کا غلام غالب ہو جائیگا
۴۴۱	یقتل القاتل ویحبس الممسك	(قط)	قاتل کو قتل کردیگا اور روکنے والے کو روک دیگا
۴۴۲	یقتل ابن مریم الدجال بباب لد	(د)	باب لد میں ابن مریم (عیسیٰ) دجال کو قتل کردیگا
۴۴۳	یقطع الصلاة الحمار والمرأة والکلب	(حم)	گدھا اور عورت اور کتا نماز کو توڑ دیا کرتے ہیں
۴۴۴	یقطع الصلاة المرأة الحائض والکلب الاسود	(د)	حیض والی عورت اور کالا کتا نماز کو توڑ دیا کرتے ہیں

يقال للشرطى ضع سوطك وادخل النار (ع)	پولیس کو کہا جائیگا اپنا کوڑا رکھ اور جہنم میں داخل ہو جا	۴۴۵
يقال للكافر الميت من ربك فيقول لا ادرى (د)	کافر مردہ کو کہا جاتا ہے تیرا رب کون ہے تو کہتا ہے میں نہیں جانتا	۴۴۶
يقول الله الشيب نورى والنار خلقى (ابو)	اللہ کہیگا بڑھاپا میرا نور ہے اور آگ میری مخلوق ہے	۴۴۷
يقول الله ان احب عبادى الى اعجلهم فطرا (حم)	اللہ کہتا ہے مجھے وہ بندہ زیادہ محبوب ہے جو جلدی افطار کرے	۴۴۸
يقول الله انك ان رجوتنى غفرت لك (ط)	اللہ کہیگا تو اگر میری امید رکھتا میں تجھکو بخشدیتا	۴۴۹
يقول الله اما رأيت ميتا على اعواد (فر)	اللہ کہیگا کیا تو نے لکڑیوں کے اوپر مردہ پڑا ہوا نہیں دیکھا تھا	۴۵۰
يقول الله انكنتم تريدون رحمتى فارحموا خلقى (ابو)	اللہ کہتا ہے اگر میری رحمت کی امید کرتے ہو تو میری مخلوق پر رحم کرو	۴۵۱
يقول الله المنفق يقرضنى والمصلى يناجينى (فر)	اللہ کہتا ہے خرچ کرنیوالا مجھے قرضہ دیتا ہے اور نمازی مجھسے سرگوشی کرتا ہے	۴۵۲
يقول الله شاب عبدى فى الاسلام ولم يشرك (فر)	اللہ کہتا ہے میرا بندہ اسلام میں بوڑھا ہو گیا اور اسنے شرک نہیں کیا	۴۵۳
يقول الله قربوا اهل البلاء من عرشى فانى احبهم (فر)	اللہ کہیگا اہل مصیبت کو میرے عرش کے قریب کرو کہ میں انسے محبت رکھتا ہوں	۴۵۴
يقول الله للدنيا مرى على اوليائى (فر)	اللہ دنیا کو کہتا ہے میرے اولیا پر گذر جا	۴۵۵
يقول الله من اعظم منى جودا (فر)	اللہ کہیگا مجھسے بڑا سخی کون ہے	۴۵۶
يقول الله مرحبا شاب عبدى فى الاسلام ولم يشرك (فر)	اللہ کہیگا مرحبا میرا بندہ اسلام میں بوڑھا ہو گیا اور شرک نہیں کیا	۴۵۷
يقوم احدكم فى رشحه الى انصاف اذنيه (خ)	ایک تمہارا پسینہ میں کھڑا ہوگا اور پسینہ اسکے کانوں تک پہونچا ہوگا	۴۵۸
يكره للامام ان يكون مؤذنا (عد)	امام کے لئے مکروہ ہے کہ وہ مؤذن بنے	۴۵۹
يكسى الكافر لوحين من نار فى قبره (ىه)	کافر کو دو تختے آگ کے قبر میں پہنا دئے جائینگے	۴۶۰
يكفى احدكم من الدنيا خادم ومركب (عفان)	تمہارے ایک کے لئے دنیا سے ایک خادم اور ایک سواری کافی ہے	۴۶۱
يكفيك من الدنيا ما يسد جوعتك (ط)	تیرے لئے دنیا سے اسیقدر کافی ہے جو تیری بھوک بند کردے	۴۶۲
يكفيكم من العظة ذكر الموت (فر)	تمہارے وعظ کے لئے ذکر موت کافی ہے	۴۶۳
يكون بعدى امراء صحبتهم بلاء ومفارقتهم كفر (نجا)	میرے بعد ایسے امراء ہونگے جنکی صحبت بلا ہوگی اور جدائی کفر	۴۶۴
يكون بعدى اثنا عشر اميرا كلهم من قريش (ق)	میرے بعد بارہ ۱۲ امیر ہوں گے یہ سب قریش ہونگے	۴۶۵
يكون خليفة هو وذريته من اهل النار (ط)	ایک ایسا خلیفہ ہوگا جو بمعہ اولاد کے اہل نار سے ہوگا	۴۶۶

۴۶۷	يكون فى آخر الزمان عباد جهال وقراء فسقة	(لث)	اخیر زمانہ میں عبادت کرنے والے جاہل ہونگے اور قاری فاسق ہونگے
۴۶۸	يكون فى آخر الزمان امراء هم شر عند الله من المجوس	(ط)	اخیر زمانہ میں ایسے امراء ہوں گے جو اللہ کے نزدیک مجوس سے بڑے ہوں گے
۴۶۹	يكون فى امتى خسف ومسخ وقذف	(حم)	میری امت میں زمین میں دھنسنا اور صورت بدلنا اور زنا کی تہمت لگانا ہونگے
۴۷۰	يكون فى ثقيف كذاب ومبير	(حل)	قوم ثقیف میں ایک جھوٹا اور ہلاکو (بہت قتل کنندہ) ہوگا
۴۷۱	يكون قبل الدجال نيف عن سبعين دجالا	(ع)	دجال سے پہلے قریب ستر دجال کے ہونگے
۴۷۲	يلتقى الخضر والياس كل عام فى الموسم	(فر)	الیاس اور خضر ہر سال موسم حج میں ملاقات کرتے ہیں
۴۷۳	يمحو الله ما يشاء ويثبت من الاجل	(فر)	اللہ جس اجل کو چاہے ثابت رکھتا اور جسے چاہے مٹا دیتا ہے
۴۷۴	يمسح المسافر ثلاثة ايام والمقيم يوما وليلة	(هق)	مسافر موزوں پر تین روز مسح کرے اور مقیم ایک روز
۴۷۵	يمكث المهاجر بمكة بعد قضاء نسكه ثلاثا	(حم)	مہاجر بعد ادائے احکام حج مکہ میں تین روز ٹھیر سکتا ہے
۴۷۶	يمكث عيسى بعد ما ينزل اربعين سنة	(حم)	عیسیٰ بعد نزول چالیس برس رہیگا
۴۷۷	يمن المرأة تسهيل امرها وقلة صداقها	(حب)	برکت والی وہ عورت ہے جسکا کام آسانی سے ہو جائے اور مہر اسکا کم ہو
۴۷۸	يمين الله تعالى طباق السموات والارض	(فر)	اللہ کے یمین تمام آسمان اور زمین ہیں
۴۷۹	يقول الله تعالى للدنيا اخدمى من خدمنى	(فر)	اللہ زمین کو فرماتا ہے جو میری خدمت کرے تو اسکی خدمت کر
۴۸۰	يقول الله لك اول نظرة فما بال الثانية	(ابو)	اللہ فرماتا ہے تجھے پہلی نظر معاف ہے دوسری نظر کا کیا حال ہے
۴۸۱	يقول الله من تواضع لى هكذا رفعته هكذا	(حم)	اللہ فرماتا ہے جو میرے سبب جیسی تواضع کرے میں اسکو ویسا ہی بڑا بناتا ہوں
۴۸۲	يقولون الكرم وان الكرم قلب المؤمن	(خ)	لوگ کرم کہتے ہیں اور کرم مومن کا دل ہے
۴۸۳	يكتب للرجل فى ركعتى الضحى الف الف حسنة	(فر)	چاشت کی دو رکعت پڑھنے والے کیلئے دس لاکھ نیکی لکھی جاتی ہے
۴۸۴	يكسر حر هذا برد هذا يعنى الرطب والبطيخ	(د)	کھجور اور کھیرا ایک کی گرمی کو دوسرے کی سردی دور کر دیتی ہے
۴۸۵	يكفى احدكم مد من الوضوء	(حم)	ایک مد پانی تمہارے ایک کے وضو کو کافی ہے (مد وزن قریب آدھ سیر)
۴۸۶	يكفيك قراءة الامام خافت او جهر	(حل)	تیرے لئے امام کی قرات کافی ہے خواہ امام اخفا کرے یا جہر
۴۸۷	يكفيك من الكفن الملحفتان	(فر)	تیرے لئے کفن دو چادروں کی کافی ہے

یکفیك ضربة للوجه وضربة للکفین	(ط)	تجھے ایک ضرب منہ کے لئے اور ایک ہاتھوں کے لئے کافی ہے (ترجمہ قرآن)	۴۸۸
یکون بعدی قصاص لاینظر اللہ الیھم	(فر)	میرے بعد ایسے واعظ ہوں گے جنکی طرف خدا نہیں دیکھیگا	۴۸۹
یکون بین یدی الساعۃ فتن کقطع اللیل المظلم	(ک)	قیامت سے پہلے مثل سیاہ راتوں کی فتنے ہوں گے	۴۹۰
یکون علیکم امراء ان اغضبتموھم قتلوکم	(ع)	تم پر ایسے حاکم ہوں گے کہ اگر تم انہیں غصے کروگے تو تمکو قتل کر ڈالینگے	۴۹۱
یکون فی آخر الزمان خلیفۃ یقسم المال ولایعدہ	(حم)	اخیر زمانہ میں ایک ایسا خلیفہ ہوگا جو بلا شمار مال تقسیم کریگا	۴۹۲
یکون فی آخر الزمان عباد جھال وعلماء فسقۃ	(حل)	اخیر زمانہ میں عبادت کرنیوالے جاہل ہونگے اور علماء فاسق	۴۹۳
یکون فی امتی سبعون داعیا الی النار	(ع)	میری امت میں ستر شخص جہنم کیطرف بلانیوالے ہوں گے	۴۹۴
یکون فی ھذہ الامۃ اربع فتن آخرھا الفناء	(د)	اس امت میں چار فتنے ہوں گے آخری فنا کرنیوالا ہوگا	۴۹۵
یلبی المعتمر حتی یستلم الحجر	(د)	عمرہ کرنیوالا لبیک کہیگا حجر اسود کو بوسہ دینے تک	۴۹۶
یلجم الناس العرق الی لحمۃ الاذنین	(ك)	لوگونکو پسینہ گدی تک پہونچ جائیگا (کانوں کی گدی تک پسینہ ہوگا)	۴۹۷
یمحو اللہ ما یشاء ویثبت الا الشقوۃ والسعادۃ والحیاۃ والموت	(ط)	جس چیز کو اللہ چاہتا ہے مٹاتا ہے اور جسے چاہتا ہے ثابت رکھتا ہے مگر سعادت وشقاوت موت اور حیات کو متغیر نہیں کرتا	۴۹۸
یمکث الدجال فی الارض اربعین سنۃ	(حم)	دجال زمین کے اندر چالیس سال رہیگا	۴۹۹
یمکث الناس بعد الدجال خمسین ومائۃ	(فر)	دجال کے بعد لوگ ایک سو پچاس سال آباد رہینگے	۵۰۰
یمن الخیل فی شقرھا	(حم)	برکت والے سرخ گھوڑے ہیں	۵۰۱
یمن علی ربی واھل المن ربی	(ط)	برکت میرے رب کی ہے برکت والے رب والے ہیں	۵۰۲
یمینك علی ما یصدقك علیہ صاحبك	(حم)	تیری قسم اسپر ثابت ہوگی جس بات پر تیرا خصم قسم دیتا ہے	۵۰۳
یمینی لوجھی وشمالی لفرجی	(عب)	میرا دایاں ہاتھ منہ کیلئے ہے اور بایاں ہاتھ شرمگاہ کے لئے	۵۰۴
ینام الجنب ویتوضأ ان شاء	(ک)	جنبی وضو کر کے سو سکتا ہے	۵۰۵
ینزل عیسی عند منارۃ البیضاء شرقی دمشق	(ط)	عیسی دمشق کے مشرقی سفید منار کے پاس اترینگے	۵۰۶
ینضح بول الغلام ویغسل بول الجاریۃ	(ت)	بچے کا پیشاب خفیف سا دہویا جائیگا اور لڑکی کا مبالغہ سے	۵۰۷
یوشك الاسلام ان یدرس فلا یبقی الا اسمہ	(فر)	اسلام عنقریب بوسیدہ ہو جائیگا سوا رسم ورواج کے کچھ نہ رہیگا	۵۰۸

۵۰۹	یوشک ان تستحلوا الخمر والحریر	(خ)	عنقریب تم شراب اور ریشمی لباس جائز سمجھنے لگوگے
۵۱۰	یوم الثلاثاء یوم حدید وبأس	(ع)	منگل کا دن خوف اور لوہا استعمال کرنیکا ہے
۵۱۱	یوم الاربعاء یوم لا اخذ ولا اعطاء	(ع)	بُدھ کا دن نہ کچھ لینے کا ہے اور نہ کچھ دینے کا
۵۱۲	یوم الجمعة کله صلاة لان جهنم لا تسعر فیه	(د)	جمعہ کا سارا دن نماز کے لئے ہے اسمیں جہنم گرم نہیں کیا جاتا
۵۱۳	یوم الجمعة یوم خطبة ونکاح	(ع)	جمعہ کا دن منگنی اور نکاح کا دن ہے
۵۱۴	یوم الحج الاکبر یوم النحر	(فر)	حج اکبر کا دن عید قربان کا دن ہے
۵۱۵	یوم الخمیس یوم طلب الحوائج	(ع)	جمعرات کا دن اپنی حاجتیں مانگنے کا دن ہے
۵۱۶	یوم الفطر اول یوم نظرت فیه عین الی الله	(فر)	عید الفطر وہ دن ہے جسمیں ابتداءً آنکھ نے اللہ کو دیکھا
۵۱۷	یوم النحر یوم الحج الاکبر	(ط)	عید قرباں کا روز حج اکبر کا روز ہے
۵۱۸	یوم عاشوراء عید نبی کان قبلکم فصوموه	(فر)	یوم عاشوراء تمسے پہلے ایک نبی کی عید ہے تم اسمیں روزہ رکھو
۵۱۹	یوم عرفة الیوم الذی یعرّف الناس فیه	(د)	عرفہ کا وہ دن ہے جسمیں لوگ آپسمیں ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں
۵۲۰	یوم یموت عثمان یصلی علیه ملائکة السماء	(ط)	جس روز عثمان مریگا اسکا جنازہ آسمان کے فرشتے پڑھینگے
۵۲۱	ینادی مناد فی النار یا حنان یا منان	(ط)	آگ کے اندر ایک منادی پکاریگا یا حنان یا منان
۵۲۲	ینزل عیسی فیمکث اربعین سنة	(د)	عیسےٰ اُتریگا پھر وہ چالیس سال ٹھیریگا
۵۲۳	ینصب لکل غادر لواء یعرف به	(کر)	ہر ایک عہد شکن کے لئے ایک جھنڈا قائم کیا جائیگا
۵۲۴	یوجب الجنة اطعام الطعام وحسن الکلام	(ط)	جنت کو واجب کرتا ہے طعام کھلانا اور اچھی باتیں کرنا
۵۲۵	یوشک احدکم ان یصلی الفجر اربعا	(ک)	عنقریب ایک تمہارا فجر کی نماز چار رکعت پڑھنے لگیگا
۵۲۶	یوم الاثنین یوم سفر وطلب رزق	(ع)	پیر کا روز سفر اور رزق کا روز ہے
۵۲۷	یوم الاحد یوم غرس وبناء	(ع)	اتوار کا دن درخت لگانے اور آبادی کرنیکا دن ہے
۵۲۸	یوم الاربعاء یوم نحس مستمر	(ط)	بُدھ کا دن ہمیشہ کے لئے منحوس ہے
۵۲۹	یوم الجمعة یوم تبعل ویوم قرام	(فر)	جمعہ کا دن جماع کرنے اور سرداری کا دن ہے
۵۳۰	یوم الجمعة یوم عید وذکر	(حم)	جمعہ کا دن عید اور ذکر کا دن ہے

یوم الحج الاکبر یوم حج ابو بکر بالناس	(ط)	حج اکبر کا وہ دن ہے جس دن ابو بکر نے لوگوں کو حج کرایا	۵۳۱
یوم السبت یوم مکر وخدیعة	(ع)	ہفتے کا دن فریب اور مکر کا دن ہے	۵۳۲
یوم المجاھد کالف یوم فیما سواہ	(طیا)	مجاہد کا ایک دن ایسے ہزار دنوں کے برابر ہے جو بغیر جہاد کے گذر گئے ہوں	۵۳۳
یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ ھم الخوارج	(حم)	جس روز کچھ منہ سفید ہونگے اور کچھ سیاہ وہ خوارج کا گروہ مراد ہے	۵۳۴
یوم عاشوراء من شاء صام ومن شاء افطر	(ق)	عاشوراء کے دن جسکا جی چاہے روزہ رکھے جسکا جی چاہے افطار کرے	۵۳۵
یوم کلم اللہ موسیٰ کان علیہ جبة صوف	(ت)	جس روز موسیٰ نے اللہ سے کلام کیا اس روز موسیٰ نے صوف کا جبہ پہنا ہوا تھا	۵۳۶

معرف بالف لام

الیتیم اذا بکی اھتز العرش لبکائه	(فر)	جب یتیم روتا ہے اسکی وجہ سے عرش ہلتا ہے	۵۳۷
الید زناہ اللمس	(ھق)	ہاتھ کا زنا چھونا ہے	۵۳۸
الیمین الغموس تدع الدیار بلاقع	(خیثمہ)	جھوٹی قسم وطن کو ویران کر دیتی ہے	۵۳۹
الیمین الفاجرة تدع الدیار بلاقع	(عب)	جھوٹی قسم دیس کو برباد کر دیتی ہے	۵۴۰
الیمین اولی بالزینة من الشمال	(فر)	دایاں ہاتھ زینت کے لئے بائیں سے زیادہ موزوں ہے	۵۴۱
الیمین علی ما یصدقك به صاحبك	(ت)	تیری قسم اسبات پر سمجھی جائے گی جس پر خصم قسم دینا ہو	۵۴۲
الیھود تعذب فی قبورھا	(ط)	یہود قبروں میں عذاب دئے جاتے ہیں	۵۴۳
الیوم الموعود یوم القیامة	(ت)	وعدہ کئے ہوئے روز سے مراد روز قیامت ہے	۵۴۴
الیدان تسجدان کما یسجد الوجه	(حم)	دونوں ہاتھ مثل منہ کے سجدہ کرتے ہیں	۵۴۵
الیقین الایمان کله	(ھق)	تمام لفظ یقین سے مراد ایمان ہے	۵۴۶
الیمین الغموس تذھب بالمال	(فر)	جھوٹی قسم مال کو فنا کر دیتی ہے	۵۴۷
الیمین الفاجرة تعقم الرحم وتقل العدد	(عب)	جھوٹی قسم رحم کو بانجھ اور افراد کی گنتی کو کم کر دیتی ہے	۵۴۸
الیمین حنث او ندم	(ک)	قسم کھانیکا ثمرہ یا حانث ہونا ہے یا پشیمان ہونا	۵۴۹
الیمین علی نیة المستحلف	(م)	قسم کا اعتبار قسم دہندہ کی نیت کے مطابق ہوگا	۵۵۰

Converted by Tiff Combine - unregistered

۵۵۱	الیھود مغضوب علیہم والنصاریٰ ضلال	(ت)	یہود پر غضب کیا گیا اور نصاریٰ گمراہ لوگ ہیں	
۵۵۲	الیوم انتقصت العرب ملك العجم	(خ)	آج کے دن عرب نے عجم کا ملک کم کر دیا ہے	

باب الخیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۳۷۶۰
الف ۱۸

اَلْحَمْدُ لِوَلِیِّہٖ وَالصَّلٰوۃُ عَلٰی نَبِیِّہٖ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَوْلِیَآءِ اُمَّتِہٖ اَجْمَعِیْنَ ؀

امّا بعد۔ اہل اسلام کی خدمت بابرکت میں اطلاعاً عرض ہے کہ ان دنوں یہ کتاب نافع ہر شیخ و شاب اور عالم و متعلم اور جمیع اساتذہ و تلامذہ اہل سنت والجماعت ہے۔ کارپردازان پیسہ اخبار لاہور نے اسکو بصرف زر کثیر ترجمہ کرا کر بصورت طباعت شائع کر کے سب کو مرہون منت کر دیا ہے۔ خاکسار اقل العباد نے اسکی صحت نہایت عرقریزی اور جانفشانی سے کی ہے۔ اور بعض الفاظ جو اصل نسخہ مطبوعہ مصر میں بھی غلط تھے ان کو نہایت تحقیق تدقیق اور تفتیش لغات معتبرہ حدیث مثل نہایہ فی غریب الحدیث والاثر جزری المعروف بابن الاثیر اور در النثیر تلخیص نہایہ ابن الاثیر امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور مفردات راغب اصفہانی اور تصحیفات المحدثین حافظ عسکری سے درست کر دیا اور بعض مغلق الفاظ کی توضیح و تشریح بھی اصل عبارات کتب مسطورہ بالا سے لکھدی ۔ علم دوست حضرات اسکو خرید کر حرز جان بنائیں اور فائدہ اٹھا کر دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔ وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ +

وَاَنَا الْعَبْدُ الْمُفْتَقِرُ اِلَی اللّٰہِ الْعَزِیْزِ اَبُو الرَّشِیْد **محمد عبد العزیز** اَصْلَحَ اللّٰہُ حَالَہٗ وَمَاٰلَہٗ

قدیم متوطن (خطیب جامع مسجد مزنگ لاہور) ضلع گجرات پنجاب

بکتابت اقل العباد حبیب اللہ منشی فاضل مہتمم مصری کتب خانہ
(وارد کشمیری بازار لاہور ... ۱۹۳۰ ...
اللّٰھم اغفر لکاتبہ ولوالدیہ

Converted by Tiff Combine - unregistered

عملی صابون سازی

Converted by Tiff Combine - unregistered

خزائن الادویہ

مصنفہ علامہ حکیم مولوی محمد نجم الغنی خاں رامپوری

یونانی ہندی انگریزی ویدک ادویہ مفردہ کا انسائیکلوپیڈیا۔ چار ہزار صفحات
اور آٹھ جلدوں میں شائع کیا گیا۔ قابل مصنف نے ساٹھ سال کی لگاتار محنت سے اس کتاب
کو لکھا ہے۔ طبی دنیا میں [illegible] کتاب [illegible] نہیں۔ [illegible] دنیا جہان کی تمام مفرد
ادویہ کی صفات شناخت طبیعت خواص [illegible] بدل [illegible] تفصیل
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
منگا سکتے ہیں

ملنے کا پتہ [illegible] لاہور

Converted by Tiff Combine - unregistered